# غدیرِ خُم
# اور
# خُطبۂ غدیر

تحقیق و نگارش

حضرت آیۃ اللہ علّامہ سیّد ابنِ حسن نجفی

ادارۂ تمدّنِ اسلام

پوسٹ بکس ۱۳۶۹۸، کراچی ۷۵۹۵۰، پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

*All rights reserved*

# *Ghadeer-i-Khum*
# *aur*
# *Khutbai Ghadeer*

Copyright © 1998 by Idara Tamaddun-i-Islam Karachi Pakistan, first published in 1991, second edition 1998 all rights reserved. No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system or transmitted in any form or by any means, electronic, mechanical, photocopying, recording or otherwise, without the permission of the publisher.

This book was designed and produced by Softlinks and Fazlee Sons (Pvt) Limited, Karachi, Pakistan.

Art Director
Saiful Islam

ISBN 969-8052-12-7

تحقیق و نگارش:
حضرت آیۃ اللہ علامہ سید ابن حسن نجفی

پیش کش:
سید شمس نجفی
خطاطی:
رشید رستم قلم
تزئین:
سیف الاسلام
طباعت:
فضلی سنز کراچی
ناشر:
ادارۂ تمدنِ اسلام، کراچی پاکستان
پوسٹ بکس ۱۳۶۹۸ کراچی ۷۵۹۵۰

Presented by www.ziaraat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

Presented by www.ziaraat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

# اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِينًا

صدق الله العلي العظيم

سورة المائدة (٣)

Presented by www.ziaraat.com

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ہمارا مقصد | ۶ |
| ۲ | خدا کا فرمان | ۱۰ |
| ۳ | ارشادِ رسولؐ | ۱۱ |
| ۴ | علماء کی رائے | ۱۲ |
| ۵ | کاروانِ رسالت | ۱۴ |
| ۶ | راہ و منزل | ۱۶ |
| ۷ | غدیرِ خُم | ۲۰ |
| ۸ | نوائے سروش | ۲۲ |
| ۹ | فرازِ منبر | ۲۴ |
| ۱۰ | دستارِ فضیلت | ۳۲ |
| ۱۱ | جشنِ تہنیت | ۳۶ |
| ۱۲ | علیؑ مولیٰ | ۴۰ |
| ۱۳ | دامانِ غدیر | ۴۴ |
| ۱۴ | پیمانِ غدیر | ۶۰ |
| ۱۵ | میدانِ غدیر | ۶۸ |
| ۱۶ | خطبۂ غدیر کی اہمیت | ۸۴ |
| ۱۷ | خطبۂ غدیر | ۸۸ |
| ۱۸ | وہ کتابیں جن سے استفادہ کیا گیا | ۱۴۹ |


Presented by www.ziaraat.com

# ہمارا مقصد

❁ اسلام کا سویرا ہُوا، تو دُنیا کی قسمت جاگ گئی! دُور دُور تک نُور و سُرور کا سماں تھا! خاص کر اُس وقت کے عربوں کی تو کایا پلٹ گئی ـــ رات دِن ہُن برسنے لگا ـــ!

مگر اِس کے باوجُود بعض عناصر شروع ہی سے خُدا کے اِس دین کی کاٹ کرتے رہے! ـــ کوئی حربہ ایسا نہ تھا جو انھوں نے اس کی پیش رفت کو روکنے کے لئے نہ استعمال کیا ہو ـــ! جدھر دیکھئے کمانیں زِہ کی جا رہی ہیں، تلواریں سان چڑھ رہی ہیں ـــ قدم قدم تخریبی کارروائیاں نفس نفس زہریلی تشہیر ـــ لیکن اِس کے باوجُود قرآن* کا کوئی کچھ نہ بگاڑ سکا! ـــ صبح و شام کلمے کی شان بڑھتی رہی، اور توحید کا پرچم لہراتا رہا ـــ!

ہاں! جو لوگ اپنی مہمل پیش گوئیوں کے سبب خود اپنی نظروں میں مات کھا چکے تھے ـــ اور اپنی لغو بیانی کی وجہ سے پُرانی ساکھ کھو بیٹھے تھے، اب ان کے پاس، عوام کو بہکانے کا صرف ایک



Presented by www.ziaraat.com

طریقہ رہ گیا تھا، وہ یہ کہ اِس بات کو خُوب ہوا دی جائے کہ — آج نہیں تو کل، بانیِ اسلام دُنیا سے رخصت ہو جائیں گے اور ان کی جگہ لینے والا کوئی ہے نہیں! — لہٰذا اُدھر ان کی آنکھ بند ہوئی اِدھر چراغ گُل — قصہ ختم اور محفل برخاست —!

**مگر** حقیقت یہ کہ اس بدخواہ ٹولے نے جس زور و شور سے ان مُعاندانہ خیالات کو پھیلانے کی کوشش کی تھی، اُسی شدّت سے اُسے مُنہ کی کھانا پڑی۔

**چُنانچہ** قرآنِ حکیم کے پانچویں سورے سُورۂ مائدہ کی تیسری آیت منکروں کی اس نفسیاتی کیفیت کو بیان کرتے ہُوئے مومنوں کو یوُں اطمینان دلاتی ہے:

> (ایمان والو!) "آج حقیقتوں سے اِنکار کرنیوالوں کو تمھارے دین کی طرف سے پوری مایوسی ہو چکی ہے۔ لہٰذا تم ان سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمھارے دین کو تمھارے لئے مکمّل کردیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کردی اور تمھارے لئے **اسلام** کو تمھارے دین کی حیثیت سے قبول کرلیا ہے۔"

**مطلب** یہ نکلا کہ جو لوگ یہ سوچ بیٹھے تھے کہ بس! چار دِن کی چاندنی تھی، چٹک چُکی، اس کے بعد تو پھر اندھیرا ہی اندھیرا ہے —!



Presented by www.ziaraat.com

انھیں ہمیشہ کے لئے یہ ہمت شکن جواب دیا گیا کہ سلسلۂ وحی کی کاٹ کرنے والو! نا اُمیدی تمھارا مقدّر اور ناکامی تمھارا نصیب! قدرت کا منشاء پُورا ہونیوالا ہے۔ تم سمجھتے تھے کہ اللہ کے آخری رسُولؐ اپنی ذاتی اور شخصی حیثیت میں نہیں رہیں گے تو سارا کیا دھرا برباد ہو کر رہ جائیگا ـــــ لیکن تمھیں کیا خبر کہ خُدا کے لطف و کرم سے دینِ اسلام کی سلامتی اور بقاء کیلئے یہ طے ہو چکا ہے کہ جب سرکار پیغمبرِ اکرمؐ اِس دُنیا سے کوچ فرمائیں گے تو آپ کی نیابت میں کوئی حضورؐ ہی کی صفات کا حامل اور آپ ہی کی استعداد کا مظہر اسی پیمبرانہ انداز اور جذبے سے کارِ رسالت کو انجام دیتا رہے گا۔

اَبؐ چونکہ نبوّت انتہا کو پہنچ چکی ہے لہٰذا امامت کی ابتدا ہو گی اور اس عنوان سے خُدا کے دیئے ہوئے نظامِ زندگی کو ایک آئینی محافظ اور اسلامی ریاست کیلئے مثالی اور معیاری سربراہ کا تعیّن ہو جائے گا۔

✽ الحمدُ - ۱۸ ذی الحجہ ۱۰ھ مطابق ۲۱ مارچ ۶۳۲ء کو خُدا کے حکم اور رسُولؐ کے ہاتھوں یہ فرض انجام پا گیا ـــ اِس طرح کہ علیؑ مولا بنے سہرا بندھا مُشکل کُشائی کا! ـــــ یہ مُبارک دِن عالمِ اسلام کی انتہائی فرحت بیز و بہجت انگیز یادوں کو اپنے کلیجے سے لگائے ہُوئے ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

نیز قابلِ ذکر بات یہ کہ اس سال "غدیرِ خم" کی سرگذشت کو چودہ سو سال پورے ہو رہے ہیں، اور اربابِ ایمان دُنیا بھر میں دُھوم دھام سے عیدِ غدیر کی چہار صد سالہ تقریب منعقد کر رہے ہیں۔

ادارۂ تمدّنِ اسلام بھی اس اَبدی مسرّت کے پُرشکوہ جشن میں شرکت کا آرزومند تھا۔ بس! اسی نیک مقصد سے غدیرِ خم اور خطبۂ غدیر پیش کرنیکی سعادت حاصل کی گئی! البتّہ ؎

راہی کہ خضر داشت ز سرچشمہ دُور بوُد
لب تشنگی زراہِ دگر بردہ ایم ما!

پہلے منشورات کی طرح، اس بہار بداماں تحقیق و تحریر کو بھی حضرت آیۃ اللہ علاّمہ سیّد ابنِ حسن نجفی کا قلم دستیاب ہُوا — اختصار کے باوجُود، کتاب کے ہر گوشے میں جدید ذہن و فکر کی تسکین کے لئے بہت کچھ موجود ہے۔

خُدا کرے ہماری دوسری پیش کشوں کی طرح یہ کوشش بھی سب کو پسند آئے۔

سیّد شمس نجفی

ادارۂ تمدّنِ اسلام
کراچی۔ پاکستان،



Presented by www.ziaraat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ❁ خُدا کا فرمان

## اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ نِعۡمَتِىۡ وَرَضِيۡتُ لَكُمُ الۡاِسۡلَامَ دِيۡنًا ؕ

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کردیا نیز تم پر اپنی نعمت بھی پوری کردی اور اسلام کے آئین کو تمہارے لئے پسند کرلیا۔ (پ۶ سورۂ مائدہ آیت ۳)

❁ حافظ ابونعیم اصبہانی جیسے محدث، فخر الدین رازی اور ابوالسعود جیسے مفسر، خوارزمی اور سبط ابن جوزی جیسے دانشور نیز حافظ ابوبکر خطیب بغدادی جیسے مورخ اور واحدی جیسے تاریخ قرآن پر عبور رکھنے والے دانشمند لکھتے ہیں کہ یہ آیۂ وافی ہدایہ غدیر خم کی مسرت انگیز تقریب کے موقع پر نازل ہوئی! [1]

---

[1] مانزل من القرآن فی علیؑ صفحہ ۵۶ طبع ایران — تذکرۃ الخواص صفحہ ۳۶ طبع بیروت
تفسیر رازی جلد ۳ صفحہ ۵۲۳ — تاریخ بغداد جلد ۸ صفحہ ۲۹۰ طبع مصر
تفسیر ابوالسعود برحاشیہ رازی جلد ۳ صفحہ ۵۲۳ — اسباب النزول صفحہ ۱۰۵ طبع بیروت
مناقب خوارزمی صفحہ ۸۰ طبع ایران
تاریخ بغداد جلد ۸ صفحہ ۲۹۰ مطبوعہ مصر



Presented by www.ziaraat.com

# ارشادِ رسولؐ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صلعم) : یَوْمُ غَدِیْرِ خُمٍّ اَفْضَلُ اَعْیَادِ اُمَّتِیْ ، وَھُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ اَمَرَنِیْ اللّٰہُ تَعَالٰی ذِکْرُہٗ بِنَصْبِ اَخِیْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَمًا لِاُمَّتِیْ یَھْتَدُوْنَ بِہٖ مِنْ بَعْدِیْ ، وَھُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ اَکْمَلَ اللّٰہُ فِیْہِ الدِّیْنَ ، وَ اَتَمَّ عَلٰی اُمَّتِیْ فِیْہِ النِّعْمَۃَ ، وَرَضِیَ لَھُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ؁

✽ صادق آلِ محمدؐ بیان کرتے ہیں :- سرکارِ رسالت مآبؐ نے ارشاد فرمایا : کہ "یومِ غدیرِ خم" میری اُمّت کی تمام عیدوں میں سب سے بہتر ہے۔ یہ وہ دن ہے جبکہ ایزدِ متعال نے مجھے اپنے بھائی علیؑ ابنِ ابی طالب کو رہنمائے اُمّت مقرر کرنے کا حکم دیا تاکہ لوگ میرے بعد ان سے ہدایت حاصل کرسکیں اور اسی روز پروردگارِ عالم نے دین کی تکمیل کی، اُمّت کو اتمامِ نعمت سے سرفراز کیا اور دینِ اسلام کو خوشنودی کی سند عطا فرمائی۔ [1]

---

[1] تفسیرِ فرات۔ فرات ابنِ ابراہیم ابنِ فرات۔ (متوفّی ۳۱۰ھ) سورۂ مائدہ۔ صفحہ ۱۱۸ طبع تہران

روضۃ الواعظین۔ محمّد ابنِ فتّال نیشاپوری۔ (شہید ۵۰۸ھ) صفحہ ۱۱۵۔ طبع بیروت

اقبال الاعمال۔ سیّد ابنِ طاؤس۔ (متوفّی ۶۶۴ھ) صفحہ ۴۶۶۔ طبع تہران

بحار الانوار۔ علّامہ محمّد باقر مجلسی (متوفّی ۱۱۱۱ھ) جلد ۹۵ صفحہ ۳۲۲۔ طبع بیروت



Presented by www.ziaraat.com

# ❁ عُلماء کی رائے

❋ علامہ ضیاء الدّین مقبلی صنعانی مکّی (متوفی ۱۱۰۸ھ) حدیث غدیر کے بارے میں کہتے ہیں :

" فَاِنْ لَمْ یَکُنْ ھٰذَا مَعْلُوْمًا فَمَا فِی الدِّیْنِ مَعْلُوْمٌ "

اگر غدیر کے واقعے کو جانی پہچانی چیز نہیں مانا گیا ، تو پھر دین کی ہر بات اَن جانی قرار پائیگی ! الابحاث المسدّدہ

❋ علامہ مقبلی سوادِ اعظم کے بہت بڑے محقّق تھے۔ اور آپ کے قلم سے نکلا ہُوا یہ جُملہ، انصاف پسند علمی حلقوں میں خاصا مشہُور و مقبُول ہے !

❋ ایک اور برجستہ عالم حافظ ابُوالعلاء ہمدانی کا دعویٰ ہے :

" اَرْوِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثَ بِمِائَتَیْنِ وَخَمْسِیْنَ طَرِیْقًا "

میں، اِس روایت کو ڈھائی سو حوالوں سے بیان کرسکتا ہُوں !

القول الفصل ۔ الحدّاد ۔ جلد ۱ صفحہ ۴۴۵

❋ نیز کمال الدّین محمّد ابنِ طلحہ شافعی جیسے فکر و نظر رکھنے والے دانشور



Presented by www.ziaraat.com

لکھتے ہیں کہ : غدیرِخم کا تذکرہ تو خود جناب امیر علیہ السّلام کے ادبی ذخیرے میں موجود ہے[1] ۔ عالمِ اسلامی نے غدیر کے دن کو اپنی عید اور خوشیوں بھری تقریب قرار دیا ہے ۔

ہاں ! سرکارِ رسالتمآبؐ ہی نے اُسے یہ حیثیّت دی تھی ! کیونکہ اس روز حضورؐ نے علیؑ کی ولایت کا اعلان کیا اور آپ کو اُس اعلیٰ منصب پر فائز فرمایا ؛ جو آپ کے معاصرین میں سے کسی کو بھی نہیں حاصل ہو سکا !

مطالب السئول صفحہ ۵۳ مطبوعہ نجف اشرف

[1] مولائے متقیانؑ نے اپنی ایک نظم میں جشنِ غدیر کی جانب یوں توجہ دلاتی ہے حضرتؑ کا شعر ہے :

فَاَوْجَبَ لِیْ وِلَایَتَهٗ عَلَیْکُمْ
رَسُوْلُ اللّٰہِ یَوْمَ غَدِیْرِ خُمٍّ (ا)

رسولِ خدا نے غدیر خم کے دن میری ولایت کو تم پر واجب قرار دیا ہے

نیز ایک اور قصیدے میں جناب امیر علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں :

لِذَاکَ اَقَامَنِیْ لَهُمْ اِمَامًا
وَاَخْبَرَهُمْ بِهٖ بِغَدِیْرِ خُمٍّ (ب)

اس غرض سے (یعنی رہبری کے لیے) مجھے خلقِ خدا کا امام بنایا اور غدیرِ خم کے موقع پر نبیؐ کریم نے اس کا اعلان بھی فرمایا !

---

(ا) معجم الادباء یاقوت حموی جلد ۵ صفحہ ۲۶۶ ۔ تذکرۃ الخواص صفحہ ۱۰۳ ۔ طبع مصر
(ب) ینابیع المودۃ ۔ قندوزی جزء ۱ صفحہ ۷۶ ۔ طبع بیروت



Presented by www.ziaraat.com

# کاروانِ رسالت!

سنہ ۱۰ھ میں سرکار ختم المرسلینؐ نے حج کا ارادہ فرمایا۔ ہجرت کے بعد سے حضور اکرمؐ مختلف اسباب کی بنا پر یہ فریضہ نہیں انجام دے سکے تھے مگر جیسے ہی فضا کو ٹھیک پایا اور حالات درُست نظر آنے لگے، سرورِ کائناتؐ نے اپنے عزمِ صمیم کا اظہار کیا۔ اور لمحوں میں یہ فرحت انگیز خبر، بادِ صبا کے جھونکوں کی طرح صحرا صحرا، اور بستی بستی تک پہونچ گئی!

لوگ برسوں سے انتظار میں تھے۔ دیکھیے! کب نصیبا جاگتا ہے۔ اور کس وقت حج جیسی عبادت کے اعمال، سرتاجِ انبیاءؐ کے ساتھ میں ادا کرنے کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔!

اب جو ایکا ایکی پتہ چلا کہ سرکار رحمتِ عالم کے برکت آفریں سفر کا اعلان کر دیا گیا ہے تو لوگوں کو اپنے دل کی مُرادیں پوری ہوتی دکھائی دینے لگیں! شوق کے دھارے نے تیزی پکڑی! سو سینکڑوں نہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ جیتے جاگتے ارمانوں کے ساتھ ہادیِ برحقؐ کی رہنمائی میں سر کے بل چلنے کو تیار تھے۔ تاریخ نویسوں کے مطابق **۲۶** ذیقعدہ مطابق **۲۲** فروری ۶۳۳ء ، ہفتے کے دن اللہ کے آخری رسولؐ نے غسل فرمایا۔ پھر ایک اُجلی اُجلی تہمد باندھ کر سرکار نے

صاف شفّاف سی اکہری چادر اپنے دوشِ اقدس پر ڈال لی! - اور ننگے پَیر چل پڑے! یہی وہ ہلکا پھُلکا اور سیدھا سادہ رسمی لباس ہے جو آج بھی حریمِ کعبہ کا رُخ کرنے والے ہر شاہ و گدا کو پہننا پڑتا ہے!

اس کے بعد محبُوبِ کبریا اپنے خاندان سمیت شہر سے باہر تشریف لائے۔ قافلہ تیّار تھا۔ بَس! حُکم کی دیر تھی۔ اِشارہ پاتے ہی انسانوں کا ٹھہرا ہُوا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگا!



Presented by www.ziaraat.com

# راہ ومنزل!

حضور نبی کریمؐ کی مقدس زندگی کا کوئی ایسا واقعہ نہیں، جسے سیرت نگاروں نے قلمبند نہ کیا ہو۔لیکن ساتھ ہی ساتھ اس حقیقت کا بھی اعتراف کرنا پڑے گا کہ حضور اکرمؐ کے اس مُبارک سفر کو جو خصوصیت حاصل ہوئی اسکے پیشِ نظر زائرینِ حرم اور غدیر کے متوالوں کا اُلفت میں رچا ہُوا یہ کارواں جدھر جدھر سے گزُرا۔اور جہاں جہاں اُترا اس کی تفصیلات کو "گزُری ہُوئی باتیں سینت کر رکھنے والی کتابوں" نے جس طرح اپنے دامن میں محفوظ رکھا ہے اور جن مستند طریقوں سے اس واقعہ کے تمام اجزائنے شہرت حاصل کی اس کی کہیں اور مثال نہیں ملتی۔اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہیں ہوگا کہ تاریخ نے اس قافلے کی "راہ و منزل" کے تمام نقش و نگار سمیٹ کر دل میں پیوست کرلئے اور رفتار و گفتار کی ہر انوٹ اپنے کلیجے میں اُتار لی!

مشہُور صحابی حضرت جابر ابن عبداللہ انصاری کا بیان ہے، کہ:

"میں نے آنکھ اُٹھا کر دیکھا تو آگے پیچھے، دائیں بائیں جہاں تک نگاہ کام کرتی تھی آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے! اور جب آنحضرتؐ لبیک کہتے تھے تو چاروں طرف سے ایک غلغلہ انگیز آواز کی بازگشت سُنائی دیتی تھی جس سے تمام کوہ وصحرا

گونجنے لگتے تھے۔"[1]

اعداد و شمار کے سلسلہ میں جن سیرت نگاروں نے احتیاط سے کام لیا ہے ان کا خیال ہے کہ اس مقدّس سفر میں مدینہ سے جو لوگ آنحضرتؐ کے ساتھ روانہ ہوئے تھے ان کی تعداد نوّے ہزار سے کسی طرح کم نہ تھی، ان کے علاوہ دوسرے علاقوں سے جو مسلمان مکّے پہنچے تھے وہ بھی ہزاروں میں تھے جیسے حضرت علی علیہ السلام یمن کے حاجیوں کا ایک بہت بڑا قافلہ لے کر وارد مکّہ ہوئے۔ پھر خُدا کے شہر میں رہنے والے اور اطراف و اکناف کے باشندے بھی اچھے خاصے تھے جنھوں نے کاروانِ رسالتؐ میں شامل ہو کر اپنی قسمت چمکائی! اِس لحاظ سے مشہور مورخ ابنِ اثیر جزری کا یہ اندازہ بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر کوئی ایک لاکھ چالیس ہزار کا مجمع تھا۔[2]

مدینے سے مکّے تک کا یہ سفر دس دن میں طے ہوا۔ بتایا جاتا ہے کہ **۲۶** ذلیقعد سنہ ۱۰ھ مطابق ۶۳۲ء ہفتے کے دن دوپہر کے وقت سرورِ کونینؐ مدینہ منورہ سے چلے اور عصر کے ہنگام ذوالحُلَیفہ[3] (مسجد شجرہ) میں تھے۔ یہ جگہ مدینے سے آنے والوں کی میقات ہے۔ جو لوگ یثرب سے حج کے لئے جاتے ہیں انھیں یہاں رُک کر حج کے قاعدوں پر عمل پیرا ہونے کی نیّت کرنا پڑتی ہے۔

---

[1] صحیح مُسلم۔ جلد ۸۔ کتاب الحج۔ صفحہ ۱۷۳۔ طبع مکتبۃ المثنّی۔ بیروت

[2] السیرۃ النبویہ والآثار المحمدیہ۔ احمد زینی وحلان جلد ۲ صفحہ ۱۴۳۔ طبع دار المعرفہ بیروت

[3] یہ جگہ مدینۂ منورہ سے کوئی چھ میل کی دُوری پر ہے اور "ابیارِ علی" کے نام سے علاقے میں زیادہ مشہور ہے۔ السیرۃ النبویہ۔ ڈاکٹر محمد بن ابُو شہبہ۔ جلد ۲ صفحہ ۵۶۸۔ مطبوعہ دمشق

اور یہیں سے احرام باندھا جاتا ہے چنانچہ رہبرِ عالمؐ نے یہاں منزل کی غسل فرمایا۔ پھر احرام کے کپڑے زیب تن کیئے۔ وہی ایک لُنگی! ایک انگوچھا! اللہ اللہ خیر صلاح! حضورؐ نے رات بھی یہیں بسر کی۔ صبح تڑکے یہاں سے نکل کھڑے ہُوئے۔ اور اتوار کے دن سُورج چڑھنے سے پہلے یلملم کو شرفِ قدوم بخشا پھر، قافلہ یہاں سے بڑھا تو رات کو نماز اور خاصے کی غرض سے کُچھ دیر کے لیئے شرف السیالہ میں رُکا۔ فریضۂ سحری عرق الظبیہ میں ادا کیا اور نسیم صبحگاہی کے ساتھ یہ کاروان روحاء میں تھا۔ وہاں سے چلا تو تیسرے پہر کو عصر کی نماز کے لیئے چند لمحے منصرف میں صرف ہُوئے۔ مغرب، عشاء کی نماز اور رات کے کھانے کے لیئے متعشی میں قیام ہُوا پھر تاروں کی چھاؤں میں موکبِ سالت نے منزلِ اثابہ کو عزت بخشی! اور جس وقت نیرِ مشرق اپنی سُنہری کرنوں کو فرشِ راہ بنانے کی کوشش کر رہا تھا۔ منزلِ عرج، غُبارِ کارواں کو دیکھ کر "چشم ما روشن دل ماشاد" کا وِرد کر رہی تھی منگل کے دن صاحبِ معراج نے لحی جمل میں نزولِ اجلال فرمایا۔ بُدھ کو سُقیا میں قدرے استراحت فرمائی۔ شب کا بشتر حصہ رستے میں گزرا، اور جُمعرات کو پچھلے پہر حضرتؐ کی سواری ابوا پُہنچ گئی۔ ابوا میں حضورؐ کی والدہ گرامی کا مزار ہے۔ یہاں آمنہ کے لعل نے نماز ادا کی۔ جُمعے کے دن قافلہ جُحفہ میں تھا۔ ہفتہ کے روز قدید میں پڑاؤ ڈالا۔ اتوار کو عسفان میں اور یہاں سے مُسافروں نے ذرا تیز چل کر مرّ الظہران میں دم لیا۔ پھر یہاں تھوڑی

دیر آرام کرنے کے بعد سَرِف کا رُخ کیا۔ یہاں پہنچتے پہنچتے سُورج غروب ہو چکا تھا مگر نبی اکرمؐ نے سَرِف میں نمازِ مغرب نہیں پڑھی بلکہ خاصی راہ طے فرما کر مکّے کی پہاڑیوں کے پاس فریضہ نماز ادا کیا اور رات کو یہیں آرام فرمایا۔ منگل کو مکّہ معظّمہ میں داخل ہُوئے، خانہ کعبہ کا طواف کیا۔ اور پھر ہمارے پیارے رسُولؐ تھے اور عبادتیں تھیں۔ اتنے میں علیؑ ابنِ ابی طالب بھی یمن سے آگئے۔ آپ کی سربراہی میں بھی بہت سے لوگ مکّے پہونچے۔ اب "یہ شہرِ خوباں" حدِ خیال تک خُدائے بزرگ برتر کے مشغولِ حق بندوں سے چھلک رہا تھا! اور وہ — جسے خالقِ کائنات نے

لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ کہہ کر مخاطب کیا۔

اسکے وجود کی گھنی چھاؤں میں تکبیر و تقدیس — اور تسبیح و تہلیل کی رُوح پرور صداؤں سے یُوں لگ رہا تھا — جیسے "اُمّ القُریٰ" زمین کے بجائے آسمانوں کی کوئی بستی ہے!

بہرکیف! مناسکِ حج بجالانے کے بعد حضور کریمؐ نے خانۂ خُدا کو الوداع کہا اور ارضِ حرم سے رُخصت ہو گئے۔[۱]

---

۱؎ فتح الباری۔ ابنِ حجر عسقلانی جلد ۸ صفحہ ۱۰۴۔ طبقات ابن سعد۔ جلد ۳۔ صفحہ ۲۲۵
السیرۃ النبویہ۔ ابو الفداء اسماعیل ابنِ کثیر جلد ۴۔ از صفحہ ۲۱۱ تا ۲۲۶
السیرۃ النبویہ۔ زینی دحلان۔ جلد ۲۔ صفحہ ۱۴۳
مراصد الاطلاع۔ صفی الدین بغدادی۔ جلد اوّل۔ صفحات ۱۹، ۲۵، ۳۱۵۔ جلد دوم صفحہ ۷۲۱، ۲۸۴، ۹۲۸، ۹۳۲، ۹۴۰۔ جلد سوم صفحہ ۱۲۰۱، ۱۰۷۰، ۱۲۰۱



Presented by www.ziaraat.com

# * غدیرِ خُم

جمعرات ۱۸ ذی الحجہ مُطابق ۲۱ مارچ نوروز کے دن یہ پُرشکوہ قافلہ جحفہ پہنچا۔ جحفہ مکّہ معظّمہ سے تیرہ[۱۳] میل کے فاصلے پر ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں سے مدینے، مصر، شام اور عراق والوں کے راستے الگ ہوجاتے ہیں۔ اس کے قریب کوئی ڈیڑھ دو میل کی مسافت پر ایک تالاب ہے۔ عربی میں تالاب کو غدیر کہتے ہیں اور اُسکے صحیح محلِ وقوع کو تاریخ و حدیث کی زبانیں خُم کے نام سے یاد کرتی ہیں[۱]۔

- غدیرِ خُم! جس کی ہر موج شُہرت و عظمت دوام سے ہمکنار ہُوئی۔!
- غدیرِ خُم! جسکے فِکر انگیز ساحل پر پیامِ الٰہی کی صیانت کا اہتمام ہُوا!
- غدیرِ خُم! جس کی رُوح پرور فضاؤں میں تمدّنِ اِسلام اور تہذیبِ عدل کو بقا کا پروانہ ہاتھ آیا۔

---

۱؎ تاریخ اور جغرافیہ کے میدان میں نام پیدا کرنے والے قلمکار یاقوت حموی رقم طراز ہیں: حازمی کا بیان ہے کہ "خُم" مکّے مدینے کے درمیان، جحفہ کے پاس ایک وادی ہے۔ اس میں ایک تالاب ہے۔ یہیں آنحضرتؐ نے خُطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ معجم البلدان۔ جلد ۲ صفحہ ۳۸۹ مطبوعہ دار الفکر بیروت

ابن کثیر بہت بڑے وقائع نگار ہیں۔ موصوف تحریر فرماتے ہیں: نبی کریمؐ نے فریضۂ حج سے فارغ ہوکر جب مدینے کا عزم فرمایا تو راستے میں آپ نے ایک مقام پر بڑی زبردست تقریر فرمائی جس میں حضرت علیؑ کے فضائل و مناقب کا بیان تھا۔ یہ واقعہ ذی الحجہ کی ۱۸ تاریخ۔ اتوار کے دن اور غدیر خُم میں پیش آیا۔ البدایۃ والنہایہ جلد ۵ صفحہ ۲۰۸۔ طبع مکتبۃ المعارف بیروت

- غدیرِ خُم! جس کے حسن آفریں دامن میں حضور رحمۃٌ للعالمین کی ریاضتوں کو تحفّظ کا مژدہ ملا!
- غدیرِ خُم! جہاں سرکارِ ختمی مرتبت کی دِلی مُراد پوری ہوئی۔ اللہ نے اپنی نعمت کی تکمیل کی اور دینِ اسلام کو سندِ قبول حاصل ہوئی!



Presented by www.ziaraat.com

## * نوائے سروش

ساحل غدیر پر پہنچتے ہی اچانک قافلہ کو رکنا پڑا! کیوں؟ جبرئیل وحی لے کر آئے تھے اور سرکارِ رسالتؐ نوائے سروش پر ہمہ تن گوش تھے!

یَاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ

"اے رسولؐ! تمھارے پالنے والے کی جانب سے تم پر جو حکم نازل ہوا ہے اب اس کی نشرواشاعت شروع کردو اور اگر تم نے یہ نہ کیا تو گویا رسالت کے فرائض ہی نہیں پورے کئے اور خدا تمھیں لوگوں سے محفوظ رکھے گا۔"[1]

(پ ۶ سورۃ مائدہ آیت ۶۷)

امینِ وحی نے خدا کا پیغام پہنچایا اور حضور خاتم النبیینؐ نے اپنی

---

[1] اسباب النزول۔ واحدی۔ صفحہ ۱۳۹۔ طبع بیروت
تفسیر درّ منثور سیوطی۔ جلد ۲۔ صفحہ ۲۹۸۔ طبع ایران
تفسیر کبیر۔ رازی۔ جلد ۱۲۔ صفحہ ۴۹۔ طبع بیروت
تفسیر روح المعانی۔ الوسی۔ جلد ۶۔ صفحہ ۱۷۲۔ طبع مصر
فتح القدیر۔ شوکانی۔ جلد ۲۔ صفحہ ۵۷۔ طبع مصر
تفسیر فتح البیان۔ نواب صدیق حسن خان۔ جلد ۳۔ صفحہ ۸۹۔ طبع مصر
ینابیع المودّۃ۔ حافظ شیخ سلیمان قندوزی صفحہ ۱۲۰۔ طبع قم
مودّۃ القربیٰ۔ سیّد علی ہمدانی۔ صفحہ ۵۵۔ طبع لاہور
مطالب السئول۔ ابن طلحہ شافعی صفحہ ۴۴۔ طبع نجف اشرف
عمدۃ القاری شرح بخاری۔ بدرالدین بن عینی۔ جلد ۸۔ صفحہ ۵۸۴۔ طبع مصر



Presented by www.ziaraat.com

تمام توانائیاں فرمانِ الٰہی کی تعمیل و تکمیل کے لئے وقف کر دیں!

بڑی سخت گرمی تھی۔ زمین آگ کی طرح جل رہی تھی۔ کچھ لوگ قافلے سے آگے نکل گئے تھے کچھ پیچھے رہ گئے تھے۔ حضورِ اقدس نے تیز گام افراد کو واپس بُلایا سُست قدم لوگوں کو جلدی پہنچنے کا پیغام پہنچایا اور جب شمعِ نبوّت کے پروانے جوق در جوق جمع ہونے لگے تو پیغمبرؐ اکرم نے منشاءِ ایزدی کے اعلان کے لئے جلسہ گاہ کی ترتیب و تنظیم کے بارے میں ہدایتیں دینا شروع کیں "اپنی اپنی جگہ قرینے سے بیٹھ جاؤ۔ مگر دیکھنا وہ سامنے ببول کے جو پانچ پیڑ ہیں وہاں کی جگہ کوئی نہ گھیرے۔ ان درختوں کے سایہ میں مصلّیٰ بچھے گا۔ منبر رکھا جائے گا۔ ذرا وہاں کی زمین صاف کر دی جائے۔ اور..... منبر! اچھا........! اُونٹوں کے کجاوے تلے اُوپر رکھ دو" اِنتظامات مکمل ہو چکے تھے اور ظہر کا وقت بھی آ گیا تھا۔ بلالؓ نے لہک کر اذان دی۔ صفیں بندھنے لگیں۔ رسالتؐ پناہ اپنی جا نماز کی طرف بڑھے۔ نماز شروع ہوئی اور ختمِ نماز کے بعد حبیبِ کبریاؐ نے حیرت و استعجاب سے بھرپور مجمع کو دیکھتے ہُوئے دُنیا کے سب سے انوکھے اور عظیم تاریخی منبر کا رُخ فرمایا۔



Presented by www.ziaraat.com

# ✽ فرازِ منبر

صاحبِ وما ینطق عن الہویٰ نے عرشۂ منبر پر جلوہ افروز ہو کر شکوہِ رسالت کے ساتھ سراپا انتظار مجمع کا جائزہ لیا اور پھر وحی کے سانچے میں ڈھلی ہوئی تقریر شروع فرمائی۔

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَنَسْتَعِيْنُهٗ | ستائش اللہ کیلئے مخصوص ہے۔ |
| وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَ | اسی کی مدد چاہیئے، ہم اسی پر ایمان |
| نَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَ | رکھتے ہیں، بھروسہ اسی کی ذات پر |
| نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ | ہے، نیز اپنے نفس کی برائیوں اور کردار |
| شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ | کی خرابیوں میں اسی سے پناہ مانگتے |
| سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا، | ہیں۔ جو خدا سے دور ہو جائے اُسے |
| لَا هَادِيَ لِمَنْ ضَلَّ | کوئی ٹھکانے لگانے والا نہیں اور |
| وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ | اور جسکے ساتھ اسکی توفیق شامل ہو |
| هَدٰى وَ اَشْهَدُ | اسے کوئی طاقت راہ سے بے راہ نہیں |
| اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ | کر سکتی۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے |
| وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ | اللہ کے اور کوئی معبود نہیں اور محمدؐ |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| وَرَسُولُهُ ۔ اَمَّا بَعْدُ | اس کا بندہ اور پیامی ہے اما بعد لوگو! |
| اَیُّهَا النَّاسُ ! قَدْ | خدائے لطیف و خبیر نے مجھے آگاہ فرمایا |
| نَبَّأَنِیَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ | ہے کہ کسی پیغمبر نے اپنے سے پہلے آنے |
| اَنَّهُ لَمْ یُعَمَّرْ نَبِیٌّ | والے نبی کی آدھی عمر سے زیادہ عمر |
| اِلَّا مِثْلَ نِصْفِ عُمْرِ | نہیں پائی ۔ بس اب تھوڑے ہی عرصہ |
| الَّذِیْ قَبْلَهُ وَ اِنِّیْ | بعد میں داعیٔ اجل کو لبیک کہنے والا |
| اُوْشِكُ اَنْ اُدْعٰی | ہوں ۔ ہاں! پیام الٰہی کے سلسلے میں ۔ |
| فَاُجِیْبُ وَاِنِّیْ مَسْئُوْلٌ | میں بھی جواب دہ ہوں اور تم سے بھی |
| وَ اَنْتُمْ مَسْئُوْلُوْنَ | پوچھ گچھ کی جائے گی ۔ لہٰذا یہ بتاؤ کہ |
| فَمَاذَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ؟ | تم کیا کہو گے ؟ |

مؤرخین کا بیان ہے کہ حضرتؐ کے اس سوال پر ڈیڑھ لاکھ کی چھلکتی ہوئی محفل نے ایک آواز ہو کر عرض کی : "نورِ یزداں! ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے فرضِ رسالت انجام دیا ۔ ہمیں نصیحت فرمائی اور لگاتار کوشش کرتے رہے ۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔" خطابت کا دریا پھر اُمنڈا اور کلیم ایوانِ "قابَ قوسین" نے اپنی تقریرِ دل پذیر کا رشتہ جوڑتے ہوئے ارشاد فرمایا :

| | |
|---|---|
| اَلَسْتُمْ تَشْهَدُوْنَ اَنْ لَا | کیا تمھیں خدا کے معبود یکتا ہونے |
| اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا | اور محمدؐ کی عبدیت اور رسالت کا اقرار |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، وَاَنَّ | نہیں ہو گیا تم! اس حقیقت کے قائل |
| جَنَّتَهٗ حَقٌّ وَنَارَهٗ حَقٌّ | نہیں ہو کہ اس کی جنت اس کی |
| وَاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَاَنَّ | دوزخ، موت کا قانون اور قیامت |
| السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا | کی آمد، (جس میں نہ کوئی شک ہے |
| وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ؟ | نہ شبہ) اور حشر و نشر برحق ہے؟" |

پورے مجمع نے ہم آہنگ ہو کر کہا "بے شک! ہم ان تمام حقائق کو تسلیم کرتے ہیں" اور جب آوازیں کم ہو گئیں تو حضرتؐ نے فرمایا۔ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ "اے اللہ تو گواہ رہنا" پھر ارشاد ہوا۔ الا تسمعون؟ میری آواز سب تک پہنچ رہی ہے نا؟ لوگوں نے اثبات میں جواب دیا "جی ہاں۔ ایک ایک لفظ دل میں اتر رہا ہے!"

اسکے بعد سلسلۂ تقریر جاری رکھتے ہوئے حضورؐ نے ارشاد فرمایا:

| | |
|---|---|
| فَاِنِّيْ فَرَطٌ عَلَى الْحَوْضِ | میں تم سے پہلے حوضِ کوثر پر پہنچ رہا |
| وَاَنْتُمْ وَارِدُوْنَ عَلَيَّ | ہوں، تم بعد میں آؤ گے۔ حوضِ کوثر کی چوڑائی |
| الْحَوْضَ، وَاَنَّ عَرْضَهٗ | اتنی ہوگی جتنا کہ صنعاء سے لیکر بصریٰ تک کا |
| مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَبُصْرٰى | راستہ ہے (یمن سے شام تک کا درمیانی فاصلہ) |
| فِيْهِ اَقْدَاحٌ عَدَدَ | اور اسکے نقرئی جام و ساغر کا کیا شمار جیسے |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| النُّجُومِ مِنْ فِضَّتِهِ | آسمان کے تارے! اب دیکھنا یہ ہے کہ |
| فَانْظُرُوا كَيْفَ | میرے بعد تم ان دو گراں بہا چیزوں کے |
| تَخْلُفُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ؟ | ساتھ کیا سلوک کرتے ہو؟ |

اس موقع پر مجمع میں سے کسی شخص نے پکار کر کہا :

"اللہ کے رسولؐ! ان دو گراں بہا چیزوں (ثقلین) سے آپ کی کیا مراد ہے؟"

حضرتؐ نے ارشاد فرمایا :

| | |
|---|---|
| كِتَابُ اللّٰهِ طَرَفٌ بِيَدِ اللّٰهِ | ایک بیش قیمت چیز تو اللہ کی کتاب ہے جس کا |
| عَزَّ وَجَلَّ وَطَرَفٌ بِأَيْدِيكُمْ | ایک سرا خدائے عزّ وجل کے ہاتھ میں ہے، اور |
| فَتَمَسَّكُوا بِهِ لَا تَضِلُّوا | دوسرا تمہارے ہاتھ اسے تھامے رہو تاکہ گمراہ |
| وَالْآخِرِ عِتْرَتِي وَ اَنَّ | نہ ہونے پاؤ اور دوسری گراں بہا شئے میری عترت |
| اللَّطِيفَ الْخَبِيرَ نَبَّأَنِي | ہے۔ اور خدائے لطیف وخبیر نے مجھے بتایا |
| اَنَّهُمَا لَنْ يَتَفَرَّقَا حَتّٰى | ہے کہ یہ دونوں میرے پاس حوضِ کوثر |
| يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ | پر پہنچنے تک ایک دوسرے سے الگ |
| فَسَئَلْتُ ذٰلِكَ لَهُمَا | نہیں ہوں گے ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔ |
| رَبِّي فَلَا تَقَدِّمُوهُمَا | ان دونوں کا اتحاد دائمی ہے۔ تم ان سے |
| فَتَهْلِكُوا وَلَا تَقْصُرُوا | آگے نکلنے یا ان سے پیچھے رہنے کی کوشش |
| عَنْهُمَا فَتَهْلِكُوا، | نہ کرنا۔ ورنہ اس کوشش میں ملیامیٹ ہو جاؤ گے! |



Presented by www.ziaraat.com

یہ کہہ کر رسولؐ اسلام نے علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر جتنا اونچا کر سکتے تھے اونچا کیا۔
اور اس کے بعد پھر اس عظیم الشان اجتماع سے یوں مخاطب ہوئے:

| | |
|---|---|
| اَیُّهَا النَّاسُ مَنْ اَوْلَى النَّاسِ | لوگو! بتاؤ تو سہی مومنین پر خود ان |
| بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ | سے زیادہ کسے اختیار حاصل ہے! |

لوگ عرض پرداز ہوئے "اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتا ہے"۔ یہ سن کر
فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى کے رازداں نے فرازِ منبرِ غدیر سے
اعلان فرمایا:

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ مَوْلَایَ وَ | خدا میرا مولا ہے۔ میں ایمان |
| اَنَا مَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ | والوں کا مولا ہوں اور خود ان سے |
| وَاَنَا اَوْلٰى بِهِمْ مِنْ | زیادہ ان پر اختیار رکھتا ہوں |
| اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ كُنْتُ | پس! جس کا میں مولا ہوں اس |
| مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ۔ | کے علیؑ مولا ہیں۔ |

تاریخ نگار لکھتے ہیں کہ سرکارِ دو عالمؐ نے اس جملے کو تین مرتبہ دہرایا۔
مگر امام احمد بن حنبل کا اصرار ہے کہ تین دفعہ نہیں بلکہ حضرتؐ نے چار بار اس جملے کی تکرار فرمائی! بعد ازاں حضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ | پروردگارا! جو علیؑ سے محبت کرے |
| وَالَاهُ وَ عَادِ | اُسے تو دوست رکھ اور جو علیؑ سے |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| مَنْ عَادَاهُ، | بیر باندھے اس سے تُو بھی دشمنی |
| وَانْصُرْ مَنْ | کا برتاؤ کر۔ علیؑ کی کمک کرنیوالوں |
| نَصَرَهٗ وَ اخْذُلْ | کی مدد فرما اور جو لوگ علیؑ سے رُوگردانی |
| مَنْ خَذَلَهٗ | کریں ان سے تُو بھی مُنہ موڑ لے اور |
| وَادِرِالْحَقَّ مَعَهٗ | پالنے والے! علیؑ جدھر کا رُخ کریں |
| حَيْثُ دَارَ ، اَلَا | تو حق کو بھی اسی طرف پھیر دے۔ |
| فَلْيُبَلِّغُ الشَّاهِدُ | پھر ارشاد ہُوا: دیکھو! جو لوگ اس |
| الْغَائِبَ ۔ | وقت حاضر ہیں وہ اس بات کو |
| | اُن افراد تک پہنچا دیں جو یہاں |
| | موجود نہیں ہیں! |

مانے ہُوئے مورّخ محمّد ابن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) نے اپنی کتاب **الولایہ** میں مشہور صحابی زید ابن ارقم (متوفی ۶۶ھ) کی زبانی اس خُطبے کے چند اور اجزاء کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ ان کے بیان کے مُطابق حضورؐ نے اپنی تقریر کے آخر میں ارشاد فرمایا:

| | |
|---|---|
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! قُوْلُوْا | مُسلمانو! کہو کہ ہم آپؐ سے اس بات |
| اَعْطَيْنَاكَ عَلٰى ذٰلِكَ | کا عہد کرتے ہیں، پیمان باندھتے ہیں۔ |
| عَهْدًا عَنْ اَنْفُسِنَا، | زبان دیتے ہیں، ہاتھ سے بیعت کرتے |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| وَ مِیْثَاقًا بِاَلْسِنَتِنَا، | ہیں، اور اس امانت کو ہم اپنی اولاد |
| وَ صَفْقَةً بِاَیْدِیْنَا | اور اپنے خاندان تک پہنچائیں گے۔ |
| نُؤَدِّیْهِ اِلٰی اَوْلَادِنَا | نیز اس میں کسی قسم کا تغیر و تبدل |
| وَ اَهَالِیْنَا، لَا نَبْغِیْ | نہیں کریں گے۔ آپ ہمارے اس اقرار و |
| بِذٰلِكَ بَدَلًا، وَ اَنْتَ | اعتراف کے گواہ رہیں اور اس کیلئے |
| شَهِیْدٌ عَلَیْنَا وَكَفٰی بِاللّٰهِ | خدا کی گواہی کافی ہے پھر حضرتؐ |
| شَهِیْدًا، قُوْلُوْا مَا قُلْتُ | کا ارشاد ہوا۔ لوگو! میں نے جو کچھ کہا ہے |
| لَكُمْ، وَسَلِّمُوْا عَلٰی عَلِیٍّ | اسے دہراؤ اور علیؑ کو امیرالمومنینؑ ہونے |
| بِاِمْرَةِ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ | کی حیثیت سے سلامی دو ۔۔۔! |

زید ابن ارقم کہتے ہیں کہ سرکارِ رسالتؐ کے آخری جملے کے ساتھ ہی لوگ جوق در جوق منبر کی طرف بڑھے، سارے مجمع نے ایک آواز ہو کر عرض کی بسر و چشم ہم دل و جان سے اللہ اور اُس کے رسُول کا حُکم بجالائیں گے اور پھر تمام حاضرین نے مُبارک، سلامت، کے شور میں علیؑ ابنِ ابی طالب کی بیعت کرنا شروع کر دی۔ سب سے پہلے حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور طلحہ و زبیر نے ہاتھ میں ہاتھ دے کر زبان دی۔ اسکے بعد تمام موجود مہاجر و انصار آگے آئے۔ اور پھر باری باری ہر شخص نے بیعت کرتے ہوئے تبریک پیش کی۔ یہ جشن اپنی پوری جلوہ سامانیوں کے ساتھ تین دن تک منعقد رہا۔ !



Presented by www.ziaraat.com

نیز تاریخ و حدیث کے شعبوں میں تحقیق کرنے والے مستند علماء کی نگارشیں کہتی ہیں کہ: اسی اثناء میں امینِ وحی یہ آیت لے کر نازل ہوئے:[1]

| | |
|---|---|
| اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ | آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا |
| دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ | نیز تم پر اپنی نعمت بھی پوری کر دی |
| نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ | اور اسلام کے آئین کو تمہارے لئے |
| الْاِسْلَامَ دِیْنًا ۞ | پسند کر لیا۔ (سورۂ مائدہ۔ آیت: ۳) |

---

[1] البدایۃ والنہایۃ۔ ابنِ کثیر دمشقی۔ جلد ۵۔ صفحہ ۲۱۴۔ طبع مکتبۃ المعارف۔ بیروت
فرائد السمطین۔ ابراہیم ابنِ سعد الدین حموینی۔ صفحہ ۶۱۔ طبع نجف اشرف
ارجح المطالب۔ عبید اللہ امرتسری۔ صفحہ ۵۶۷۔ طبع لاہور



Presented by www.ziaraat.com

# ❀ دستارِ فضیلت!

کوئی دنیوی سلطنت ہوتی اور اس خطۂ ارضی کے کسی اعلیٰ حضرت ہمایونی کی جانب سے والا مرتبت ولی عہد مملکت کی نامزدگی کا جشن ہوتا تو تخت مرصع اور افسر جواہر نگار کی تڑپ چشمِ تصور میں ضرور چکا چوند پیدا کرتی! لیکن بات حکومتِ الٰہیہ کے سربراہ سرکار رسالت مآبؐ کی ہے جنھوں نے امورِ مملکت اسلامی کو قرآن کے مزاج کے مطابق انجام دینے کے لئے اس عظیم ہستی کو اپنا جانشین قرار دیا، جسے قدرت نے "ولایت کبریٰ" کیلئے منتخب فرمایا تھا!

اسلام کی ہر ادا نرالی اور ہر انوٹ انوکھی ہے۔ نہ تو اس مذہب کا تمدن کسی سے ملے اور نہ اس کی ثقافت کسی سے میل کھائے۔ دینِ الٰہی کی تہذیب بالکل اچھوتی اور اس کا نظامِ معاشرت قطعی طور پر سب سے الگ تھلگ ہے چنانچہ خم کے میدان اور غدیر کے ساحل پر جب حضرت خاتم الانبیاءؐ خدا کے حکم سے مولائے متقیانؑ کی وصایت و نیابت کا اعلان فرما چکے تو حضورؐ نے سرکارِ ولایت مآب علیؑ ابن ابی طالب کو اپنے قریب بلا کر اپنا خاص عمامہ حضرت کے سر پر باندھا اور ارشاد فرمایا:



Presented by www.ziaraat.com

## یَا عَلِیُّ الْعَمَائِمُ تِیْجَانُ الْعَرَبْ

"اے علیؑ! عمامے عرب کے تاج ہیں۔"

اس دستارِ فضیلت کے بارے میں "نورالابصار" کے مصنف علامہ شیخ مومن شبلنجی ترقیم فرماتے ہیں کہ سرکارِ دوعالم کا ایک لقب صاحبُ التاج بھی ہے۔ اور اس کی توضیح کرتے ہوئے مصنف مذکور لکھتے ہیں کہ تاج سے مُراد عمامہ ہے کیونکہ حدیثِ نبوی سے اس کی سند ملتی ہے۔[1]

آنحضرتؐ نے جو عمامہ علیؑ کے زیب سر کیا تھا اس کا نام سحاب تھا۔ لسان المیزان[2]۔ کنز العمال[3]۔ ریاض النضرہ[4]۔ فرائد السمطین[5] اور شرح مواہب لدنیہ[6] میں علیؑ کی دستار بندی کے دلچسپ اور تفصیلی حالات مرقوم ہیں۔

ابنِ شاذان کی روایت کے مُطابق سرکارِ دوجہاںؐ نے اپنے دستِ مُبارک سے امیرالمومنینؑ کے سرِاقدس پر عمامہ باندھا جس کا ایک کنارہ پیٹھ پر لٹکا دیا اور دُوسرا سِرا سامنے کندھوں پر ڈال دیا۔ اس کے بعد حضرتؐ نے فرمایا:

---

[1] نُورالابصار۔ صفحہ ۳۰۔ مطبُوعہ بیروت ۱۹۷۸ء

[2] جلد ۶۔ صفحہ ۲۷۔ طبع بیروت

[3] جلد ۱۵۔ صفحہ ۴۸۳۔ شمارہ حدیث ۴۱۹۱۲۔ طبع موسستہ الرسالہ۔ بیروت

[4] جلد ۲۔ صفحہ ۲۱۷۔ طبع مصر

[5] صفحہ ۶۴۔ طبع نجف

[6] جلد ۵۔ صفحہ ۱۰۔ طبع مصر



Presented by www.ziaraat.com

"اے علیؑ! ذرا پیچھے تو مُڑو۔" علیؑ نے حکم کی تعمیل کی۔ پھر ارشاد ہُوا "اچھا اب میری طرف رُخ کرلو"۔ امامت کے چاند نے اپنا چہرہ آفتابِ رسالت کی طرف کر دیا۔ رسُولؐ کریم کی محبّت بھری نظروں نے سر سے پاؤں تک دیکھا۔ اور پھر حضورؐ نے خلوص سے بھیگے ہُوئے لہجے میں فرمایا: هٰكَذَا تَكُوْنُ تِيجَانُ الْمَلَائِكَة "ملائکہ کے تاج بھی ایسے ہی ہوتے ہیں"۔[1]

کنز العمال میں جناب علیؑ مرتضیٰ کی زبانی ایک اور روایت ملتی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے، جناب امیرؑ فرماتے ہیں: سرکارِ دو عالمؐ "غدیرِ خم" میں جب میرے سر پر عمامہ رکھ چکے تو فرمایا "اے علی! بدر و حنین کے معرکوں میں پاک پروردگار نے جن فرشتوں کے ذریعے ہماری مدد کی تھی وہ عمامہ پوش تھے۔ اور عمامہ وہ طرۂ امتیاز ہے جو کفر و ایمان کے درمیان حدِ فاصل کا کام کرتا ہے"۔[2]

پیغمبرِ اسلام ہمیشہ اس دستارِ فضیلت کو یاد فرمایا کرتے تھے اور یہ یاد حضور کو بیحد عزیز تھی۔

اُبو حامد غزالی۔ البحر الزخار کی پہلی جلد کے صفحہ ۲۱۵ پر اور برہان الدّین علی ابن ابراہیم شافعی سیرت حلبیہ کی جلد ۳ کے صفحہ ۳۶۹ پر رقم طراز ہیں۔ حضورؐ اکرم کا ایک عمامہ تھا جس کا نام سحاب تھا۔ حضرت نے غدیرِ خم کے دن یہ

---

۱؎ کنز العمال۔ علی متقی۔ جلد ۱۵ صفحہ ۴۸۳۔ شمارہ حدیث ۴۱۹۱۳۔ طبع بیروت

۲؎ کنز العمال۔ علی متقی حنفی۔ متوفی ۹۷۵ھ۔ جلد ۱۵۔ صفحہ ۴۸۲۔ شمارہ حدیث ۴۱۹۰۹ طبع بیروت

الفصول المہمہ۔ ابن صباغ مالکی۔ متوفی ۸۵۵ھ صفحہ ۲۷

اسد الغابہ۔ ابن اثیر جزری۔ متوفی ۶۳۰ھ۔ جلد ۳ صفحہ ۱۱۴



Presented by www.ziaraat.com

عمامہ جناب امیرؑ کے سر پر باندھا تھا۔ اور جب کبھی علی ابن ابی طالبؑ اس عمامے کو باندھے ہوئے سرکارِ رسالتؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے تو آنحضرتؐ لوگوں سے مخاطب ہو کر ارشاد فرماتے تھے کہ "دیکھو علیؑ سحاب میں آ رہے ہیں"۔ گویا رسولِ اسلام اس دستارِ فضیلت کو دیکھ کر خود بھی شاد ہوتے تھے اور اسلامی معاشرہ میں علیؑ کی رسمِ دستار بندی کو زندہ رکھنے کے خواہشمند بھی تھے۔[1]

---

[1] الکواکب الدریہ۔ شیخ عبدالرؤف منادی۔ جلد ا صفحہ ۲۰



Presented by www.ziaraat.com

## * جشنِ تہنیت

دُنیا کے مانے ہوئے مورخ ابنِ خاوندشاہ متوفی ۹۰۳ھ اپنی مشہور کتاب "روضۃ الصفا" کی پہلی جلد کے ایکسوتہترویں (۱۷۳) صفحے پر اور دُوسرے جانے پہچانے سیرت نگار ملا معین کاشفی اپنی بیش بہا تصنیف "معارج النبوۃ" رُکن چہارم مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ (نومبر ۱۸۷۵ء) کے صفحہ ۳۱۸ پر اور اسی عنوان سے ایک اور مقبول و معروف تذکرہ نویس غیاث الدین۔ متوفی ۹۴۲ھ۔ اپنی وقیع پیش کش حبیب السیر میں رقم طراز ہیں:

"آنگاہ شاہ ولایت پناہ بموجب فرمودۂ حضرت رسالت دستگاہ بر در خیمہ نشست تا طوایف خلایق بملازمتش رفتہ لوازم تہنیت بتقدیم رسانیدند، واز جملہ اصحاب عمر بن الخطاب، جناب ولایت مآب را گفت "بَخٍ بَخٍ یَابْنَ اَبِی طَالِبٍ اَصْبَحْتَ مَوْلَایَ وَمَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ" خوشا بحال تو ای پسر ابی طالب کہ بامداد کردی و روقتی کہ مولای من و مولای ہر مؤمن و مؤمنہ بودی۔

بعد ازاں امہات المؤمنین برحسب اشارت

سیّد المرسلینؐ بخیمۂ امیر المؤمنین رفتہ تہنیت بجای آوردند[1]

وحی کی رُوح پرور فضا
میں جو عظیم اجتماع برپا
ہُوا تھا، جب اپنے خاتمے
کو پہونچا۔

تو پھر — سرکار رسالت مآبؐ کے ارشادِ گرامی کے مُطابق جناب ولایت پناہ حضرت علیؑ مرتضیٰ اپنے خیمے کے دَر پر بیٹھ گئے تاکہ خلقِ خُدا کے ہر طبقے کو تبریک و تہنیت کے مراسم بجالانے کا موقع مِل جائے۔

چنانچہ اصحاب میں سے جناب عُمر ابنِ خطّاب نے بڑھ کر کہا :

"ابُوطالب کے فرزند! واہ! زہے نصیب! آج تو آپؑ
ہمارے اور تمام مؤمنین و مؤمنات کے فرماں روا ہو گئے!"

اسکے بعد سرورِ انبیّاءؐ کا منشاء پاکر حضورؐ کی ازواج نے بھی حضرت امیرؑ کے خیمۂ اقدس کا رُخ کیا اور مُبارک باد پیش کی!"

اور عزّت مآب صحابی جناب زید ابن ارقم نے واقعۂ غدیر کا "جو آنکھوں دیکھا حال" بیان کیا ہے، اُسے شہرۂ آفاق مورّخ محمّد ابن جریر طبری نے

---

[1] یہ عبارت حبیب السیر کی ہے بُملاحظہ ہو جلد ا۔ صفحہ ۴۱۰ تا ۴۱۲۔ چاپ خیام تہران

اپنی گراں بہا تصنیف "الولایہ" میں درج کیا ہے:

نیز ممتاز محدّث ابُونعیم اصبہانی متوفی ۴۳۰ھ اپنی بیش قیمت کتاب "مانزل من القرآن فی علیؑ" میں اور دوسرے شہرت یافتہ دانشور علامہ سبط ابن جوزی متوفی ۶۵۴ھ "تذکرۃ الخواص" کے صفحہ ۳۹ پر تحریر فرماتے ہیں کہ: جشنِ تہنیت یا اظہارِ مسرّت کی اس پُرتپاک محفل کا آغاز دربارِ رسالتؐ کے شاعر حسّان ابن ثابت (متوفی ۵۴ھ) کے نغمے برساتے اور پھول کھلاتے ہُوئے قصیدے سے ہُوا تھا۔

حافظ ابُوعبداللہ مرزبانی (متوفی ۳۷۸ھ) مرقات الشعر میں صحابیٔ رسُولؐ ابوسعید خدری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ جب سرکار ختمی مرتبتؐ، علی ابن ابی طالبؑ کی ولی عہدی کا اعلان فرما چکے تو حسّان ابن ثابت نے عرض کی: "خُدا کے رسُولؐ! میں علیؑ کے بارے میں چند شعر پیش کرنا چاہتا ہُوں۔" نبیؐ کریم نے فرمایا: "ہاں! پڑھو۔" اجازت پاتے ہی حسّان نے سخن سرائی شروع کردی۔ مطلع تھا:[1]

یُنَادِیْھِمْ یَوْمَ الْغَدِیْرِ نَبِیُّھُمْ بِخُمٍّ وَاَسْمِعْ بِالرَّسُوْلِ مُنَادِیَا

---

[1] کفایۃ الطالب۔ محمد ابن یوسف کنجی شافعی۔ صفحہ ۱۷
نظم درر السمطین۔ جمال الدین محمد زرندی۔ صفحہ ۱۱۲
فرائد السمطین۔ شیخ الاسلام حموینی۔ صفحہ ۶۱
کشف الغمہ۔ اربلی۔ جلد ۱۔ صفحہ ۳۱۸



Presented by www.ziaraat.com

شاعرِ دربارِ رسالت کی یہ برجستہ نظم کم از کم اڑتیس ۳۸ مستند اور معتبر علمی ذرائع سے ہم تک پہنچی ہے!

حسّان کے قصیدے کا ایک خاص رُخ یہ ہے کہ صدرِ اسلام کے اس ممتاز ادیب نے عین موقع پر لفظ "مولیٰ" کے مفہوم کو یوں روشن کیا کہ "چندے آفتاب و چندے ماہتاب" جسکے باعث ذوقِ ادب کو مجروح کرنے والے غیر عرب نکتہ چینوں کی تمام دور از کار قیاس آرائیوں اور اٹکل پچّو باتیں کرنے والوں کا بھرم کھل جاتا ہے!

اسی قصیدے میں حسّان ابن ثابت کہتے ہیں:

فَقَالَ لَهُ قُمْ یَا عَلِیُّ! فَاِنَّنِیْ ـــــ رَضِیْتُکَ مِنْ بَعْدِیْ اِمَامًا وَّهَادِیًا

پھر رسولِ مقبول نے فرمایا اے علیؑ اٹھو میں نے اپنے بعد کے زمانے کیلئے تمھیں اُمّت کا امام اور ملّت کا رہنما بنایا ہے

فَمَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا وَلِیُّهٗ ـــــ فَکُوْنُوْا لَهٗ اَنْصَارَ صِدْقٍ مُّوَالِیَا

لہٰذا جس کا میں حاکم ہوں یہ بھی اس کا فرماں روا ہے۔ لوگو! تم سب علیؑ کے سچے حامی اور تابعدار بنو



Presented by www.ziaraat.com

# علیؑ مولیٰ

**۱۸** ذی الحجہ ۱۰ھ کا واقعہ کوئی راز کی بات خُفیہ اجتماع یا ڈھکا چُھپا اقدام نہیں تھا۔ جس میں کسی قسم کے شک و شُبہ یا ابہام و ایہام کی گنجائش ہوتی۔

دن کے اُجالے، چمکتے ہُوئے سُورج کی روشنی اور لق و دق صحرا میں ہزاروں مُسلمانوں کا یہ عظیم الشان عوامی اجتماع خُدا کے حکم سے رسُولِ اسلام کے زیرِ اہتمام منعقد ہُوا تھا۔ اس تقریب کی اصل کارروائی اسلام کے سرکاری وثایق (قرآن و حدیث) میں محفُوظ ہے۔ نیز تاریخ اسلام کے اس اہم اجلاس میں شریک ہونے والے تمام مشاہیر، ادبا اور دانشمندوں کے بیانات، تأثرات اور چشم دید حالات کا ریکارڈ بھی تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں موجود ہے۔ لیکن کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ ان تمام حقائق کے باوجود بعض حضرات نے خُدا جانے کیوں اپنے دل کی بات کو حاصل ماجرائے غدیر بنا کر پیش کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔

جن حضرات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ان کی تصانیف میں لفظ مولیٰ، بحث و نظر کا محور ہے! ان کا خیال ہے کہ مولیٰ اولویّت، پیشوائی



Presented by www.ziaraat.com

حاکمیت، اقتدار اور سربراہی رکھنے والے کے معنوں میں نہیں بلکہ یہ دوست مددگار اور چچازاد بھائی کے مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔ بہرکیف! اگر یہ کوئی جزوی اختلاف ہوتا تو یقیناً اسے نظر انداز کیا جا سکتا تھا۔ مگر غدیر کی رُوداد کا شاہ لفظ ہی یہی "مولیٰ" ہے۔ بنا بریں اس پر گفتگو ضروری معلوم ہوتی ہے۔

دیکھئے اِس حقیقت سے ہر معقول ذہن کو اتفاق کرنا پڑے گا کہ قرآنِ مجید پہیلیاں نہیں بجھاتا اور حضور ختمی مرتبتؐ بھی ضلع جگت میں گفتگو نہیں فرماتے تھے کیونکہ یہ اندازِ خلوصِ ہدایت، طہارتِ فکر اور نزاہتِ تبلیغ کے منافی ہے۔

عربی زبان میں لفظ مولیٰ کے ستائیس معنی ہیں! مگر...... سرکارِ رسالت نے جب اس لفظ کو اپنے پیمبرانہ خطاب میں استعمال کیا تھا تو اس کے سیاق و سباق کو اتنا روشن فرما دیا کہ اُس وقت جو لوگ تقریر سُن رہے تھے ان میں سے ہر شخص یہی کہتا ہوا اُٹھا کہ ع

علیؑ مولیٰ، بایں معنیٰ کہ پیغمبرؐ بود مولیٰ

مزید برآں بعد میں بھی پیغمبرِؐ اکرم نے اس لفظ کے حقیقی مفہوم کی پوری توضیح و تشریح فرما دی تھی۔ علی ابن حمید اپنی کتاب "شمس الاخبار" کے صفحہ ۳۸ پر لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ سے جب حدیث من کنت مولاہ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "کہ جس طرح اللہ میرا مولا ہے اسی

طرح میں مومنین کا مولیٰ ہوں۔ اور اسی عنوان سے جس کا میں مولا ہوں علیؑ اسکے مولا ہیں۔

نیز اصحابِ نبیؐ میں سے ابوبکر ابن ابی قحافہ (متوفی ۱۳ھ) عمر ابن خطاب (متوفی ۲۳ھ) ابوایوب انصاری (متوفی ۵۰ھ) جابر ابن عبداللہ انصاری (متوفی ۷۳ھ) حسان ابن ثابت (متوفی ۵۴ھ) زید ابن ارقم (متوفی ۶۶ھ) ابوسعید خدری (متوفی ۶۳ھ) سلمان فارسی (متوفی ۲۶ھ) عبداللہ ابن عباس (متوفی ۶۸ھ) عمار یاسر (متوفی ۳۷ھ) اور عبداللہ ابن جعفر (متوفی ۸۰ھ) نے بھی مولیٰ کے معنی اولیٰ بالتصرف بتائے ہیں یعنی آئینی طور پر با اقتدار و با اختیار۔

علماء میں محمد بن سائب کلبی (متوفی ۱۴۶ھ) یحییٰ بن زیاد کوفی (متوفی ۲۰۷ھ) ابوعبیدہ بصری (متوفی ۲۱۰ھ) ابوزید بن اوس بصری (متوفی ۲۱۵ھ) ابن قتیبہ دینوری (متوفی ۲۷۶ھ) ابوالحسن رمانی (متوفی ۳۸۴ھ) ابوالحسن واحدی (متوفی ۴۶۸ھ) ابوالعباس ثعلب شیبانی (متوفی ۲۹۱ھ) ابوبکر انباری (متوفی ۳۲۸ھ) سعدالدین تفتازانی (متوفی ۷۹۱ھ) جلال الدین شافعی (متوفی ۸۵۴ھ) شہاب الدین خفاجی (متوفی ۱۰۶۹ھ) حمزاوی مالکی (متوفی ۱۳۰۳ھ) ابواسحاق ثعلبی (متوفی ۴۲۷ھ) حسین بن مسعود (متوفی ۵۱۰ھ) جاراللہ زمخشری (متوفی ۵۳۸ھ) ابوالبقاء عکبری (متوفی ۶۱۶ھ) قاضی ناصرالدین بیضاوی (متوفی ۶۹۲ھ) علاؤالدین خازن بغدادی (متوفی ۷۴۱ھ)



Presented by www.ziaraat.com

محمّد بن اسمٰعیل بخاری (متوفی ۲۱۵ھ) ابن حجر ہیثمی شافعی (متوفی ۹۷۴ھ) محمّد بن جریر طبری (متوفی ۳۱۰ھ) علّامہ نسفی (متوفی ۷۰۱ھ) ابُوالسّعود حنفی (متوفی ۹۷۲ھ) شریف جرجانی (متوفی ۸۱۶ھ) ابُوالعبّاس مبرد (متوفی ۲۸۵ھ) ابُونصر فارابی جوہری (متوفی ۳۹۳ھ) اور ابُوزکریا تبریزی (متوفی ۵۰۲ھ) بڑے شدومد کے ساتھ یہ ثابت کرتے ہیں کہ لفظ مولیٰ سے مراد سربراہ اور مالک ومُختار ہے۔

احمد ابن عبدربہ لکھتے ہیں کہ مامون الرشید کے سامنے جب لفظ مولےٰ کے سلسلہ میں جدل سرائی اور خیال آرائی کی کوشش کی گئی تو اُس نے دانشمندوں کی بھری ہُوئی محفل سے مخاطب ہوکر کہا کہ جو بات ایک بچّے سے منسُوب نہیں ہوسکتی اُسے پیغمبر جیسی عظیم شخصیت سے کس طرح نسبت دی جاسکتی ہے؟ رسُولؐ مقبول نے اِنتہائی غیر معمولی حالات میں اتنے بڑے مجمع کو صرف یہ بتانے کے لیئے روکا تھا کہ وہ جسکے دوست ہیں علیؑ اس کے دوست ہیں۔ یا وہ جس کے ابنِ عم ہیں علیؑ بھی اُس کے چچازاد بھائی ہیں۔؟ دیکھو تم اَپنے فقیہوں کو دیوتا بنانے کی کوشش نہ کرو۔

(عقد الفرید، جلد ۵، صفحہ ۶۱۔ طبع مکتبۃ الہلال، بیروت)



Presented by www.ziaraat.com

# ✽ دامانِ غدیر

غدیرِ خم کی محفل میں نہ تو کسی ہنگامہ پسند قائد نے اپنی جذباتی تسکین کے لئے کوئی نیا گُل کھلایا تھا اور نہ یہ عظیم اجتماع کسی خود بین و خود پرست فرمانروا کے شوقِ انجمن آرائی کا ظہورہ تھا۔

اس قسم کی کوئی واردات ہوتی تو اس کے تمام اثرات چار دن بعد جحفہ سے مدینہ تک کی فضا میں تحلیل ہو کر رہ جاتے اور جس طرح صحنِ عالم میں عہدِ قدیم کی بے شمار صحبتیں، میلے، رت جگے، جشن، جلسے اور جلوس نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئے —— یہ واقعہ بھی اپنے نمود و ظہور کے مرحلے طے کرتے ہی دلوں سے نکل جاتا، دماغوں سے اُتر جاتا۔ نتیجتہً نہ دُنیا میں اس کی شہرت کا چراغ جلتا اور نہ تاریخ میں اس کا کہیں سُراغ ملتا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ زمانے کے طول اور وقت کی درازی کے ساتھ ساتھ دامانِ غدیر کے سائے نے دشتِ امکاں کی وسعتوں کو تسخیر کر لیا۔

علمائے تفسیر سے پُوچھیے۔ حافظانِ حدیث کے پاس جائیے۔ وقائع نگاروں سے سوال کر کے دیکھیے۔ سیرت نویسوں سے دریافت فرمائیے۔ مؤرخوں کو لوح و قلم کا واسطہ دیجیے۔ دانشوروں سے ادبی دیانت کی قسم لیجیے اور پھر غدیر کے جلووں کا نظارہ کیجیے۔!



Presented by www.ziaraat.com

غدیر کی رعنائیوں نے کس دل میں جگہ نہیں کی؟ یہ دل آویز رُوداد کس ضمیر پر اثر انداز نہیں ہوئی؟ اس کی بلند و بالا قدروں نے کس محفل پر اپنا سکّہ نہیں جمایا؟ اور اس کی جیتی جاگتی حقیقتوں نے کس مکتب سے اپنا کلمہ نہیں پڑھوایا؟

غدیر وہ صداقت ہے جو ہر گوشے سے اُبھری۔ ہر اُفق سے نمایاں ہوئی اور مہر و ماہ کی طرح ہمیشہ رخشندہ و تابندہ رہے گی!

اگر کوئی شخص غدیر کا موضوع لے کر کُتب خانوں کا رُخ کرے تو اسے معلوم ہوگا کہ اس تقریبِ سعید کے سلسلے میں قرآنِ مجید کی پانچ آیتیں اُتریں۔

سورۂ مائدہ کی اڑسٹھویں [۶۸] آیت۔ پھر اسی سورہ مُبارکہ کی تیسری [۳] آیت اور سورۂ معارج کی ابتدائی تین آیتیں۔

✿ پہلی آیت کی وجہ نزول کے بارے میں تیس [۳۰] مشہور مفسروں کی تحقیقات کا خُلاصہ یہ ہے کہ جب سرکارِ رسالت پناہ کا قافلہ مکّے سے مدینے جاتے ہوئے خُم پہنچا تو یکایک جبرئیل امین نے پروردگارِ عالم کا یہ حکم پہنچایا۔ یَا اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ ..... الخ

❁ دوسری آیت کے سلسلے میں سولہ[16] نامور محققوں نے اپنا ماٰلِ جستجو پیش کرتے ہوئے ترقیم کیا ہے کہ حضور ختمی مرتبت جب علیؑ ابن ابی طالب کی ولیعہدی کا اعلان فرما چکے تو فرشتۂ وحی آیۂ مبارکہ

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ ....... الخ

لیکر نازل ہوا۔

❁ اور سورۂ معارج کی تین آیتوں کے آنے کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ حارث ابن نعمان فہری یا نضر ابن حارث عبدری نے ولایت مرتضویؑ سے انکار کرتے ہوئے کہا تھا کہ "اگر علیؑ کو یہ عہدہ خدا کی طرف سے ملا ہے اور اعلانِ وصایت کے بارے میں رسولؐ سچے ہیں تو مجھ پر عذابِ الٰہی نازل ہو۔" چنانچہ اُسی وقت وہ مُبتلائے عذاب ہو گیا! اور قُدرت نے آیاتِ سہ گانہ: سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ...الخ کے ذریعہ اس واقعہ کی ابدی تشہیر کا انتظام فرما دیا۔ تفسیر و حدیث کی دُنیا کے تیس[30] مشاہیر کی علمی کاوشوں سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

اسی طرح جب ہم غدیر کے مدارک، مصادر، اسناد اور ماخذ کی جانب نظر کرتے ہیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس خصوص میں علماء، محدثین اور مؤرخین نے جس انہماک، التفات اور جذبے سے کام لیا ہے وہ مثالی ہے۔ غالباً تاریخِ اسلام کے کسی بھی واقعہ کو ذکر و بیان کا یہ عنوان نہیں

میسّر آیا جو غدیر کو حاصل ہوا۔ !

اِختصار کے پیشِ نظر صرف اعداد و شمار پیش کرنے پر اکتفا کی جاتی ہے۔

(ا) واقعہ عید غدیر کی روایت کرنے والوں کی فہرست میں ایک سو دس اصحاب و ازواجِ رسولؐ کے اسمائے گرامی ملتے ہیں۔

## ✽ ان میں سے کچھ بزرگ یہ ہیں:

---

اُبی بن کعب ۔۔۔۔۔۔۔۔ متوفی ۳۲ھ

ابُوبکر بن ابی قحافہ ۔۔۔۔۔۔ متوفی ۱۳ھ

اسامہ بن زید ۔۔۔۔۔۔ متوفی ۵۴ھ

انس بن مالک ۔۔۔۔۔۔ متوفی ۹۳ھ

براء بن عازب ۔۔۔۔۔۔۔۔ متوفی ۷۲ھ

جابر بن عبداللہ انصاری ۔۔۔ متوفی ۷۳ھ

ابُوذر غفاری ۔۔۔۔۔۔۔۔ متوفی ۳۲ھ

ابُو ایوّب انصاری ۔۔۔۔۔۔ متوفی ۵۲ھ

جریر بن عبداللہ بجلی ۔۔۔ متوفی ۵۱ھ

زید بن ارقم ۔۔۔۔۔۔۔۔ متوفی ۶۶ھ



Presented by www.ziaraat.com

زید بن ثابت --------- متوفی ۴۵ھ

سعد بن ابی وقاص ----- متوفی ۵۴ھ

سعد بن عبادہ خزرجی ----- متوفی ۱۴ھ

ابُوسعید خدری ------- متوفی ۶۳ھ

سلمۃ بن عمرو اسلمی ------- متوفی ۷۴ھ

سلمان فارسی -------- متوفی ۳۶ھ

ابُو امامہ باھلی --------- متوفی ۸۶ھ

سہل بن سعد ساعدی ---- متوفی ۹۱ھ

زبیر بن عوام -------- متوفی ۳۶ھ

طلحہ بن عبیداللہ -------- متوفی ۳۶ھ

خزیمۃ بن ثابت انصاری --- متوفی ۳۷ھ

خالد بن ولید مخزومی ---- متوفی ۲۱ھ

عمرو بن حمق خزاعی کوفی ------ متوفی ۵۰ھ

عمران خزاعی --------- متوفی ۵۲ھ

عایشہ امّ المؤمنین ------ متوفی ۵۷ھ

عبداللہ بن مسعود ------ متوفی ۳۲ھ

عقبۃ بن عامر جہنی ------ متوفی ۶۰ھ



Presented by www.ziaraat.com

سعد بن زید قرشی عدوی --- متوفی ۵۰ ھ

سمرۃ بن جندب فزاری ---- متوفی ۵۸ ھ

ابوالطفیل عامر بن واثلہ ---- متوفی ۱۰۰ ھ

عبّاس بن عبدالمطلب ---- متوفی ۳۲ ھ

عبداللہ ابن عبّاس ------ متوفی ۶۸ ھ

عبدالرحمٰن ابن عوف ----- متوفی ۳۱ ھ

حذیفہ یمانی --------- متوفی ۳۶ ھ

عبداللہ بن عمر -------- متوفی ۷۲ ھ

عثمان بن عفان ------- متوفی ۳۵ ھ

عدی بن حاتم -------- متوفی ۶۸ ھ

عمار یاسر --------- متوفی ۳۷ ھ

عمرو عاص --------- متوفی ۴۳ ھ

قیس بن سعد بن عبادہ --- متوفی ۵۹ ھ

عمر بن خطّاب ------ متوفی ۲۳ ھ

(۲) نیز اس سلسلے میں چوراسی (۸۴) نام تابعین کے آتے ہیں۔ تابعین اُن بڑی ہستیوں کو کہتے ہیں جنھوں نے پیغمبرِ اسلام کا دیدار نہیں کیا مگر یارانِ نبیؐ کی خدمت میں باریاب ہوئے۔

## ❋ بعض کے نام نامی :

ابو راشد حبرانی ------ متوفی ۸۴ھ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف -- متوفی ۹۴ھ

ابوسلیمان مؤذن ------- متوفی

ابو صالح ذکوان مدنی ---- متوفی ۱۰۱ ھ

اصبغ بن نباتہ کوفی ----- متوفی

Presented by www.ziaraat.com

سلمہ بن کہیل حضرمی ----- متوفی ۱۲۱ھ

شہر بن حوشب ------- متوفی

طاووس بن کیسان یمانی --- متوفی ۱۰۶ھ

عمرو بن مرّہ کوفی ------- متوفی ۱۱۶ھ

عمرو بن جعدہ بن ھبیرہ ---- متوفی

ابُواسحاق سبیعی ------ متوفی ۱۲۷ھ

ابُوبکر مخزومی --------- متوفی ۱۵۰ھ

یزید بن ابی زیاد کوُفی ----- متوفی ۱۳۶ھ

عدی بن ثابت انصاری ---- متوفی ۱۱۶ھ

(۳) دُوسری صدی ہجری سے چودھویں صدی تک کا جائزہ لیا جائے تو چار سو کے قریب وہ آئمہ تفسیر و حدیث اور ناخُدایانِ تاریخ و تنقید نظر آئیں گے جنھوں نے اپنی شہرۂ آفاق تصنیفوں میں غدیر کی تفصیلات پر روشنی ڈالی ہے۔ ان میں سے پانچویں صدی ہجری کے صرف ایک عالم حافظ ابُو العلاء العطار الہمدانی کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ حدیث غدیر کو دو سو پچاس راویوں کی سند سے بیان کرتے تھے۔

(القول الفصل جلد ۱، صفحہ ۵۴۵)



Presented by www.ziaraat.com

## غدیر کا ذکر کرنیوالے چند دانشور:

ابُواسحاق ثعلبی
ابُوالحسن واحدی
حسکانی
حافظ نسائیؔ
ابن مندہ اصفہانی
محمّد بن ادریس شافعی
(در: سنن)
حافظ طبری
حافظ محاملی
حافظ ابن مردویہ
حافظ ابونعیم
حافظ ابوسعید سجستانی
ابنِ عساکر

حافظ احمد بن منصور
ترمذی (در: صحیح)
محمد بن اسماعیل بخاری
(در: تاریخ بخاری)
حافظ ابویعلی
احمد بن حنبل
حافظ ابن ماجہ
حاکم نیشاپوری
(در: —
مستدرک علی الصحیحین)
بغوی
حافظ ابن ابی حاتم
حافظ ابوبکر فارسی



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| حافظ رسعنی | شیخ الاسلام حموینی |
| بدر الدّین عینی | عبد الوھاب بُخاری |
| شوکانی | خطیب بغدادی |
| فقیہ ابن مغازلی | صالحانی |
| ابن کثیر دمشقی | حافظ ابُو عبید ھروی |
| قرطبی | وصّابی |
| جمال الدّین زرندی | فخر رازی |
| خطیب خوارزمی | سبط ابن الجوزی |
| شمس الدّین ذھبی | ابن جابر اُندلسی |
| سعید الدّین کازرونی | قاضی عضد الدّین ایجی |
| ابن خلدون | ابن خلکان |
| دشتانی | بلاذری |
| قاضی باقلانی | طحاوی |
| ابن زولاق مصری | ابُو الفتح شہرستانی |
| قرمانی دمشقی | نبہانی بیروتی |
| ابن الجزری | نجم الدّین اذرعی |
| ابن حجر عسقلانی | ابن حجر ھیثمی |

سنوسی
حافظ ابن معین
عبد الحق دہلوی
عبد العزیز شاہ دہلوی
شہاب الدّین حفظی
ابُو العرفان صبّان
حافظ ابُو الغنایم نرسی
رشید دہلوی
آلوسی بغدادی
شیخ محمّد شنقیطی
شبلنجی
قسطلانی
ابُو السعود عمادی
مناوی
ابن عیدروس یمنی
برہان الدّین حلبی
حافظ عزرمی

متقی ھندی
شہاب خفاجی
برہان الدّین شبرخیتی
شمس الدّین مصری
مرتضی زبیدی
زینی دحلان مکّی
قاضی بیضاوی
دولابی
ابن درویش الحوت
مقریزی
شیخانی
حافظ ناصر السنّہ حضرمی
شربینی قاہری
باکثیر مکّی
صفوری
حافظ ابُو ھشام ضبّی
حافظ ابن اسحاق

حافظ واسطی

حافظ ابُوعمرو سلمی

حافظ ابُوھشام خارفی

حافظ ابُوعمرو فزاری

حافظ صنعانی

حافظ یحییٰ شیبانی

حافظ ابُوعثمان صفار

حافظ حزامی

حافظ ابُوقلابہ رقاشی

حافظ ابُوبکر بیہقی

قاضی عیاض اندلسی

ابن اثیر

ابُوالسعادات شیبانی

ضیاء مقدسی

ابن ابی الحدید

محبّ الدّین طبری

حافظ ابُوعبدالرحمٰن مصری

حافظ محمّد بن فضیل

حافظ ابُوزکریا کُوفی

حافظ مصیصی

حافظ عبدی مروزی

حافظ فضل بن دکین

حافظ طنافسی

حافظ ابن راھویہ

حافظ ابُوبکر خطیب بغدادی

حافظ سمعانی

حافظ مدینی

تاج الدّین بغدادی

یاقوت حموی

حافظ نووی

گنجی شافعی

سعید الدّین فرغانی



Presented by www.ziaraat.com

(۴) قرونِ اولیٰ میں واقعہ غدیر کو کوئی بائیس[۲۲] مرتبہ استدلال و استشہاد کے موقعوں پر پیش کیا جاچکا ہے۔

(۵) غدیر کے موضوع پر اب تک چالیس[۴۰] سے زیادہ مُستقل کتابیں لکھی جاچکی ہیں ان میں سے بعض کتابوں کی گیارہ گیارہ جلدیں شائع ہوچکی ہیں۔

❁ غدیر ہر دور میں شاعروں اور ادیبوں کا بھی دِل پسند موضوع رہا ہے اِس واقعہ کے ظہور پذیر ہونے کے وقت سے لیکر اب تک ہر عہد کے اساتذۂ فن اور اساطین شعروسخن نے غدیر پر قصیدے کہے بلکہ غدیریات مشرق کی بزمِ اَدب کا ایک جیتا جاگتا عنوان بن چکا ہے، چنانچہ اس تاریخی اور انسانیت سَاز تقریب کے سلسلے میں مُسلمان سخنوروں کی فکری تخلیقات کا ایک بہت بڑا خزانہ موجود ہے، اسکے علاوہ بہت سے باذوق عیسائی ادیبوں نے بھی اس پر اپنی طبع آزمائی کی ہے کہ میدانِ غدیر میں ہر طرف پھُول ہی پھُول دکھائی دیتے ہیں! مثلاً تیسری صدی ہجری میں آرمینیا کے "مردِ سَیف وقلم" بقراط وامق نصرانی نے خوب جھلجلاتے ہُوئے قصیدے کہے[۱] زینبا بن اسحٰق کا منظُوم خراجِ تحسین ہماری تاریخ کے لئے غازۂ رُخسار ہے۔ ابُو یعقوب کے مدحیہ اشعار

---

[۱] تاریخ کامل ابنِ اثیر میں ان کا نام آیا ہے مُلاحظہ ہو جلد ۷ صفحہ ۵۸ اور علامہ ابن شہر آشوب نے معالم العلماء میں ان کے مدح سرا ہونے کا تذکرہ کیا ہے۔

آج بھی بڑی بہار دیتے ہیں![1]

اور ہماری اس صدی میں مصر کے سب سے زیادہ بلند و بالا شخصیت رکھنے والے ادیب اور منفرد قلمکار عبدالمسیح انطاکی کا گرانمایہ شاہکار القصیدۃ العلویۃ جو پانچ ہزار پانچ سو پچانوے اشعار پر مشتمل حسن و خلوص کا سو رنگوں والا مرقع ہے[2]! اور اس میں غدیر کی بات! جیسے خوشبو کا جھونکا۔ جیسے خوشبو کی بارات!

نیز اسی عنوان سے لبنان کے مقبول شاعر اور مشہور قانون داں جسٹس بولس سلامہ کی قابلِ قدر کاوش "ملحمۃ الغدیر" ہے۔ یہ تین ہزار پچاسی شعروں کا نہایت خوبصورت گلدستہ ہے[3]۔

ع اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

ہمارے دوست اللہ انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے علامہ عبدالحسین امینی نے اپنی کتاب الغدیر میں اس صنفِ کلام پر کوئی گیارہ جلدوں میں بحث کی ہے اور تحقیق کا حق ادا کیا ہے۔

ابوریحان بیرونی، ثعالبی، ابن طلحہ شافعی، ابن خلکان اور مسعودی

---

1. بیہقی کی المحاسن والمساوی جلد ۱ صفحہ ۵۰۔ اور شیخ محمد صبان کی اسعاف الراغبین صفحہ ۷ اسکے علاوہ عماد الدین طبری نے بھی بشارۃ المصطفےٰ کی دوسری جلد میں ان کا کلام نقل کیا ہے۔
2. آدھی صدی پہلے یہ مجموعہ مصر سے شائع ہوا تھا اور ہمارے کتب خانے میں بھی اس کا ایک نسخہ ہے۔
3. تین سو ستر صفحے کی یہ وقیع کتاب مطبعۃ النسر بیروت سے شائع ہو چکی ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

نے غدیر کو عالمِ اسلامی کی بڑی عیدوں میں شمار کیا ہے۔ حوالے کیلئے الآثار الباقیہ صفحہ ۳۳۴، ثمار القلوب صفحہ ۵۱۱، مطالب السؤل صفحہ ۵۳، الوفیات جلد ۲ صفحہ ۲۲۳، اور التنبیہ والاشراف صفحہ ۲۲۱ کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

محقق کلینی (متوفی ۳۲۹ ھ) اپنی جلیل القدر کتاب اصول کافی میں سہل ابن زیاد کی زبانی نیز شیخ صدوق مفضل کے حوالے سے اور علامہ مجلسی حسن ابنِ راشد کے بیان کے مطابق ترقیم فرماتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ جمعہ، عید الاضحےٰ اور عید الفطر کے علاوہ بھی دنیائے اسلام کی کوئی عید ہے؟ حضرت نے فرمایا: "ہاں! سب سے زیادہ محترم" سائل نے گزارش کی کہ وہ کون سی تقریب ہے؟ ارشاد ہوا "جس دن رسالت مآبؐ نے امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ مقرر فرما کر اعلان کیا تھا مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا عَلِيٌّ مَوْلَاهُ۔" اور جب دن تاریخ کے بارے میں سوال کیا گیا تو حضرت نے فرمایا: "۱۸ ذی الحجہ!" پھر پوچھا گیا کہ اس روزِ سعید میں مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے؟ حضرت نے جواب دیا: اس دن روزہ رکھو خدا کی یاد میں لگے رہو اور مراسمِ بندگی بجا لاؤ نیز محمدؐ و آلِ محمدؐ کا ذکر بھی ضروری ہے کیونکہ رسولِ مقبولؐ نے امیر المومنینؑ کو وصیت کی تھی کہ غدیر کے دن عید منائی جائے۔ اور تمام انبیاء کی یہی سیرت رہی ہے کہ جس روز وہ اپنے اوصیاء کا تعین کرتے تھے

اسے یوم عید قرار دیا جاتا تھا"[1]

اور سوادِ اعظم کے بعض جید علماء بھی اس پر شکوہ دن کی اہمیت کے قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ رسولؐ کریم کے صحابی جناب ابُو ہریرہ کی روایت ہے کہ غدیر کے دن روزہ رکھنا چاہیئے کیونکہ یہ ایک روزہ ساٹھ۶۰ مہینے کے روزوں پر بھاری ہے۔[2]

---

[1] الکافی جلد ۱۔ صفحہ ۲۰۴
خصال صدوق۔ جلد ۱، صفحہ ۲۶۴
بحار الانوار۔ جلد ۹۵۔ صفحہ ۳۲۲

[2] تاریخ بغداد۔ خطیب بغدادی۔ جلد ۸۔ صفحہ ۲۹۰
مناقب خوارزمی۔ خطیب خوارزمی۔ صفحہ ۹۴

# پیمانِ غدیر

پہلے تفصیل سے لکھا جا چکا ہے۔ کہ سرتاجِ انبیاءؐ نے غدیر کی رُوح پرور محفل سے جب خطاب کیا تو خاص طور پر اسلام کے اجتماعی فلسفے میں جو عناصر بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، ان کی وضاحت فرماتے ہُوئے اس حقیقت پر سب سے زیادہ زور دیا کہ توحید و نبوّت کا نظریّہ قبول کرنے والوں کو اپنے "فکری اثاثے میں" امامت اور وصایت کے نظام و انتظام کو بھی اصُولی اور اساسی قاعدے کے طور پر پُوری دیانت داری سے شامل کر لینا چاہیئے ـــــ تاکہ ملّتِ اسلامیہ انتشار و اضطراب سے بچ کر، صلاح و فلاح اور امن و سکُون کی زندگی بسر کر سکے۔

چنانچہ پیغمبرؐ خاتم نے ایک طرف تو قیادت و زعامت کی اس راہ و روش کو خُدا کا منشاء اور اس کی مشیت بتایا۔ اور دُوسری جانب رحمتِ عالمؐ نے اُس وقت کی مُسلم آبادی کے سب سے بڑے تاریخی جلسے میں اپنے جانشین اور امامِ اُمّت کا نام لے کر اور ان کی ایک ایک خوبی گنوا کر پہلے اپنی زبانِ مُبارک سے متعارف کروایا اور پھر اپنے ہاتھوں سے انھیں جتنا اُونچا اُٹھا سکتے تھے اُٹھایا؛ اور دیکھنے والی آنکھوں کو دکھا بھی دیا! مقصد یہ تھا کہ بعد میں کوئی



Presented by www.ziaraat.com

اُلجھاؤ نہ پیدا ہو! اور جمہور ممکن کھینچا تانی سے اپنے آپ کو بچائے رکھے!

حضور سرورِ کونینؐ نے خلقِ خدا کی رہبری اور رہنمائی کے پیشِ نظر سررشتۂ امامت کے مزید استحکام، سالمیّت اور بقا کی غرض سے یہ بھی کیا کہ اُس وقت جو لوگ مجمع میں موجود تھے ان سے آپ نے نہ صرف مولائے جان وجہانؑ بلکہ سرکارِ قائم آلِ محمدؐ تک جملہ آئمۂ حقؑ کے لیئے بیعت لی! فرمان کے مُطابق سب نے زبان دی۔ اقرار کیا نیز رسولؐ اکرم ہی کے حُکم سے تمام شرکائے بزم نے "شاہِ ولایت" حضرت علیؑ ابن ابی طالب کو اُن کے عہدے اور منصب کی مُبارکباد پیش کی۔

اس کے علاوہ آنحضرتؐ نے مجمع سے یہ بھی فرمایا:

اَلَا فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ ۔

ہاں! جو آدمی یہاں بیٹھے سُن رہے ہیں انھیں
چاہیئے کہ اس حُکم کو اُن تک پہونچا دیں جو یہاں
موجود نہیں ہیں۔

گویا میرِ آفاق سرکارِ رسالتؐ پناہ کی خواہش تھی کہ اس "حدیث شوق" کا ربط و تسلسل برقرار رہے۔ جن کے کانوں تک موجِ صدائے نبوّتؐ پہونچی وہ انھیں بھی بتا دیں جو اس لمحے لذّت گفتار رسالت سے بہرہ مند نہیں ہو سکے! بلکہ ایک نسل دُوسری نسل کو آگاہ کرے۔ اور یہ پیغام پُرانی پیڑھی سے نئی پیڑھی تک لگاتار پہونچتا رہے! تا کہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۰ھ میں "غدیرِ خم" کے کنارے



Presented by www.ziaraat.com

جو قول وقرار ہوا تھا۔ جو عہد و پیمان باندھا گیا تھا اس میں فرق نہ آنے پائے!

چنانچہ عوام الناس نے پیغمبرِ کریم کا منشاء سمجھا اور سب نے مِل کر اپنے جذبۂ عقیدت واطاعت کا یوں اظہار و اعلان کیا :

نُؤَدِّيهِ إِلَى أَوْلَادِنَا وَأَهَالِينَا لَا نَبْغِي بِذَلِكَ بَدَلًا

اس امانت کو ہم اپنی آل اولاد اور دُوسرے رشتے داروں تک پہونچائیں گے۔ نیز وعدہ کرتے ہیں کہ اس میں کوئی ردّو بدل نہیں قبول کریں گے!

بہرکیف! اسی بُنیاد پر غدیر کے دن کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔

اس روز جو عظیم کارنامہ انجام پایا، اس کی یاد آوری کے سلسلے میں طرح طرح سے اس کی جانب توجّہ دلائی گئی ہے!

ہمارے عقائدی ادب کی کوئی ایسی کتاب نہیں جس میں اس موضوع کے خصوصی پہلو اور اس کی امتیازی حیثیت پر روشنی نہ ڈالی گئی ہو!

دانشمندِ مکرّم شیخ تقی الدّین ابراہیم عاملی نے اپنے دُعائیہ اَدب کے بیش بہا مجمُوعے جُنّۃ الامان الواقیۃ وجنّۃ الایمان الباقیہ (جو "مصباح کفعمی" کے نام مشہور ہے) میں اپنا ایک غدیریہ قصیدہ بھی شامل کیا ہے! یہ قصیدہ ایک سو نوّے [۱۹۰] اشعار پر مشتمل ہے۔ اور اس منظومہ "حسن و عقیدت" کے بیالیس [۴۲] شعروں میں "روزِ غدیر" کے کوئی اسّی [۸۰] نام گنوائے ہیں! یہ سب نام ان محاسن

کے ترجمان ہیں جو صرف اس یومِ سعید سے تعلق رکھتے ہیں !

علاوہ ازایں یہ بڑا دن اس عہد و پیمان کو یاد رکھنے کا ایک نہایت قیمتی موقع فراہم کرتا ہے جس سے اہلِ ایمان کے دل و دماغ کو تسکین ملتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ ان کی صفوں میں اپنی تاریخ سے وابستہ رہنے کا ایک نیا عزم نمود کرتا ہے !

ہاں ! اسلام نے جن بابرکت دنوں کو عید کا عنوان دیا ہے وہ اپنے وجود۔ ہیئت۔ مزاج اور مقصد کے اعتبار سے دوسرے مذاہب کے تہواروں یا خوشی کی اجتماعی تقریبات سے بالکل مختلف ہیں

ہمارا کوئی جشن بھی خود بینی۔ خود نمائی اور خود خواہی کیلئے نہیں منایا جاتا ! بلکہ روزِ مسرّت ہو یا شادمانی کی رات یہ سب فرحت بیز اور بہجت انگیز "لیل و نہار" محض روح کو جگانے۔ نفس کو سجانے۔ طبیعت کو سلجھانے اخلاق کو بنانے۔ خدا سے لو لگانے اور اس کا شکر بجالانے کے لئے ایک دلکش فضا ایک روح پرور ماحول اور اطمینان و سکون میں جھلے ہوئے چند لمحے مہیّا کرتے ہیں ! عید غدیر یا جشنِ ولایت کے دامن میں بھی یہی سب کچھ ہے۔

ہمیں چاہیئے کہ :

✽ اکمالِ دین اور اتمام نعمت کے سلسلے میں سب مل کر اللہ کے شکر گزار ہوں۔

* امامت کے بارے میں اپنے پیمانِ وفا کی تجدید کریں۔
* اس عہد آفریں دن کی خصوصیات سے اپنی نئی نسل کے ایوانِ خیال کو سنواریں۔
* یہ یومِ ہدایت ہے۔ اس کی رحمتوں اور برکتوں سے اپنے دل و دماغ کو نور و سرور کی آماجگاہ بنائیں۔
* غدیر عیدوں کی عید ہے! لہٰذا اس کے تمام اقدار کی پاسبانی اور مستقبل کے ذہنوں تک اس سے تعلق رکھنے والی جملہ روایات کی ترسیل پر پوری توجہ دیں۔
* ہمارے معصوم رہنماؤں نے اس پُر شکوہ، مقدس اور متبرک تاریخ کے ضمن میں جو ہدایات مرحمت فرمائی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے:
* آج کے دن "عید غدیر" کی نیت سے غسل کیا جائے۔

اچھے صاف ستھرے اور کچھ اس وضع کے کپڑے پہنے جائیں، جن سے یہ ظاہر ہو کہ خوشی کا ہنگام ہے۔

* مقدور بھر کپڑوں میں عطر لگائیں اور اپنے گھروں کو خوشبو سے بسائیں۔
* اس عید میں روزے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ جو رکھ سکتے ہوں ضرور رکھیں۔
* زوالِ آفتاب کے وقت دو رکعت نماز، اور پھر جنابِ امیرؑ کی زیارت پڑھی جائے۔



Presented by www.ziaraat.com

- اس روز سعید کی کچھ خاص دُعائیں ہیں۔ ان کے ساتھ دُعائے ندبہ بھی پڑھی جائے۔ یہ سرکار امامِ زمانہؑ کی دُعا ہے۔
- ہر گھر میں جشن کا سماں ہونا چاہیئے۔ اور ہر شخص کا فرض ہے کہ اس تقریب میں اپنے بال بچّوں کے لئے معمول سے زیادہ خوشحالی اور شادمانی کا سامان فراہم کرے۔
- امکانی طور پر ہر آدمی کوشش کرے کہ اپنے عزیزاقربا، دوست احباب اور عام لوگوں کے ساتھ اچھی طرح پیش آئے اور کسی نا کسی عنوان سے انھیں کچھ فائدہ پہونچائے۔
- جس کے امکان میں ہو اُسے چاہیئے اپنے دسترخوان کو وسعت دے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بُلائے۔ کھانا کھلائے مُنہ میٹھا کرے اور ہوسکے تو کچھ تحفے تحائف بھی دے معصومؑ فرماتے ہیں کہ: آج کی دریا دِلی سے دولت وثروت بھی بڑھتی ہے اور عُمر واقبال میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔
- جب کوئی کسی سے ملے تو ہنسی خوشی بات کرے جناب امیر علیہ السّلام نے اس روز سب کو خندہ پیشانی سے مُلاقات اور گرم جوشی کیساتھ مصافحہ کرنے کی تاکید فرمائی ہے۔
- دلِ اُلفت نسب رکھنے والے تمام اَفراد ایک دوسرے کو عید کی مُبارکباد دیں۔

❁ امام رضا علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ : کیف و سرور سے بھرپور اس تقدّس بداماں موقع پر "دید و باز دید" کی پابندی کی جائے۔ یعنی! مؤمنین کرام ایک دوسرے کے ہاں عید ملنے کے لئے ضرور جائیں۔

❁ ہمارے آٹھویں امام حضرت علی ابن موسیٰ الرّضا سلام اللہ علیہ کا یہ فرمان بھی ہے : ایمان والے جب ایک دوسرے سے مُلاقات کریں تو آپس میں ان جُملوں کا تبادلہ کریں :

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَنَا مِنَ الْمُتَمَسِّکِیْنَ بِوِلَایَۃِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْاَئِمَّۃِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ۔

"خُدا کا لاکھ لاکھ شُکر کہ اس نے ہمیں جناب امیر علیہ السّلام اور تمام آئمہ اطہار ؑ کے رشتۂ ولایت سے وابستہ رکھا۔"[1]

اِن جُملوں سے جذبۂ تشکّر کا اظہار ہوتا ہے۔ عید غدیر کی تشہیر ہوتی ہے اور "ایفائے عہد" کا اعلان بھی ہو جاتا ہے!

---

[1] المصباح۔ الشیخ تقی الدین ابراہیم الکفعمی صفحہ ۶۸۱ طبع موسستہ الاعلمی بیروت ۱۴۰۳ھ
مفاتیح الجنان۔ محدث کبیر شیخ عباس قمی۔ صفحہ ۲۷۵۔ طبع لندن
مفتاح الجنات۔ محقق یگانہ سید محسن الامین۔ طبع دار التعارف بیروت
مفتاح الجنان۔ آقائے رحمۃ اللہ کرمانی صفحہ ۲۸۲ طبع مطبع نادری بمبئی ۱۳۳۶ھ
ضیاء الصالحین حاج محمد صالح جواہرچی صفحہ ۱۷۲ مطبعۃ الآداب نجف اشرف ۱۳۵۸ھ
المنتخب الحسنی۔ چند دانشور۔ صفحہ ۲۶۹ طبع لندن ۱۴۰۴ھ
مصابیح الجنان۔ صفحہ ۵۶۸۔ سید عباس کاشانی۔ طبع مطبعۃ الزہراء۔ بغداد



Presented by www.ziaraat.com

# ✲ میدانِ غدیر

پچھلے صفحوں پر اس عنوان کے تعلق سے چند سطریں لکھی جا چکی ہیں یہاں تھوڑی سی تفصیل ——— ! بہت سے لوگوں کو معلوم ہے کہ عربی میں غدیر - تالاب ، ساگر ، آب گیر یا دامنِ کوہ کے اس نشیبی حصّے کو کہتے ہیں جہاں برسات کا پانی جمع ہوتا ہو یا پہاڑوں سے پھُوٹنے والا کوئی چشمہ بہتے بہتے اس سے جا ملے اور جھیل کا سماں باندھ دے۔ نیز خُم اس وادی کا نام ہے جو مکّے اور مدینے کے درمیان جُحفہ کی بستی سے کوئی ڈیڑھ دو میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

موجودہ حجاز کے معروف تاریخ نگار عاتق بن غیث البلادی بتاتے ہیں : " اس علاقے کے آس پاس کئی تلاؤ تھے۔" مثلاً عسفان کے قریب ، غدیرِ اشطاط سب کا جی لُبھاتا تھا اور یہیں کہیں غدیرِ برکہ کی لہریں آنکھوں کو سُکھ پہنچاتی تھیں ، خُماس والی گھاٹی میں غدیرِ بنات کی موجیں ہوا کے جھُولے میں جھولتی تھیں ' وادیٔ اغراف کے دامن میں غدیرِ سلمان کے بڑے چرچے تھے اور اسی کے پاس غدیرِ عروس ہے ' جہاں ہر وقت خوشیوں کے میلے لگتے تھے اور لوگ کِھنچے چلے آتے تھے !

اور یہیں وہ تالاب بھی ہے جسے ہمارے دلوں کی آبرو کہیئے ...



Presented by www.ziaraat.com

یعنی! غدیرِخم! اب چھان بین سے کام لینے والے دانشور کہتے ہیں: کہ غدیر کے ساتھ خُم کا جوڑ اس وجہ سے لگایا گیا ہے کہ اسلام سے پہلے یہاں کوئی رنگ ریز رہتا تھا اس کا نام خَم تھا! بس اس مناسبت سے زیرِ نظر آب گیر کو غدیرِ خم کہا جانے لگا۔"

اور یہ انکشاف مشہور و معروف جغرافیہ داں یاقوت حموی نے جانے پہچانے دانشور زمخشری کے حوالے سے کیا ہے[۱]۔

لیکن! ذہنِ رسا رکھنے والے ادیب مؤرخ اور بہت بڑے جغرافیہ نویس ابو عبید البکری کی تحقیق یہ ہے کہ 'وہ ساگر جس کے تصوّر سے ہمارے کلیجے میں ٹھنڈک پڑتی ہے اور جس نے پُوری گھاٹی کو رشکِ کہکشاں بنا رکھا ہے۔" وہاں پاس پاس خوب اونچے درخت اور گھنی جھاڑیاں تھیں اور جہاں کہیں بہت سے پیڑ پودے ہوں اس جگہ کو عرب غَیضہ یا خُم کہتے ہیں۔"[۲] بنا بریں غدیرِخم کا مطلب ہوا۔ درختوں والا تالاب ـــ!

یہ جگہ کئی لحاظ سے بڑی اہمیّت کی حامل ہے۔

ایک تو اس جہت سے کہ غالباً پُرانے زمانے میں یہاں کسی ٹھوس تہذیب نے اپنا پڑاؤ ڈالا ہوگا۔ کیونکہ اس کی جو علامتیں آج تک موجود

---

۱ ملاحظہ ہو۔ معجم البلدان۔ جلد ۲ صفحہ ۳۸۹

۲ معجم ما استعجم۔ جلد ۲ صفحہ ۳۶۸

ہیں وہ ہر ایک کو دعوتِ فکر و نظر دے رہی ہیں!

غدیر کے مغرب اور شمال مغرب کی جانب جو کھنڈر ہیں۔ وہاں پتھروں سے بنی ہوئی شہر پناہ کی ٹوٹی پھوٹی دیوار اپنے شاندار ماضی کی کہانی کہہ رہی ہے! پھر اِدھر اُدھر کچھ قلعوں اور بڑے بڑے محلوں کے نشان بھی زمین کے دامن پر اُبھرے ہوئے ہیں!

ہو سکتا ہے گزرے ہوئے دور میں یہ جُحفہ کی کوئی نامور بستی ہو بہرکیف! آثارِ قدیمہ سے دلچسپی رکھنے والوں کی نظر میں اب بھی جو رہ گیا ہے وہ قابلِ قدر ہے۔

دُوسرا سبب یہ کہ علاقے کی اس سب سے بڑی وادی میں جو پہاڑ ہیں، ان کے سینے سے ایک چشمہ اُبلتا ہے، اور پھر یہ رواں دواں غدیرِ خم سے جا ملتا ہے۔ گویا قدرت نے پانی کے طلب گاروں کے لیے یہاں سبیل کھول دی ہے!

تیسرا باعث یہ کہ مصر و شام و عراق کے حاجی یہیں سے احرام باندھتے ہیں۔ یہ ان کی میقات ہے۔

چوتھی، اور تاریخِ اسلام کی انتہائی برجستہ حقیقت یہ کہ حضورؐ سرورِ کونین نے دین کو عملاً آفاقی حیثیت دینے کے لیے جب مکہ مکرمہ سے مدینۂ منوّرہ کی جانب ہجرت فرمائی تو سرکارِ رحمتؐ یہیں ٹھہرے تھے۔ اور حج کے فرائض انجام دینے کے بعد جس گھڑی آنے والے زمانے میں قرآنی حکومت



Presented by www.ziaraat.com

کے نظام کو مستحکم رکھنے کی صُورت گری اور اتمامِ نعمت کے اعلان کا موقع آیا تو آپؐ نے قیام کے لیے اسی جگہ کو پسند فرمایا!

اور پانچویں خصوصیت! اشاروں اشاروں میں ابھی عرض کر رہا تھا کہ آنحضرتؐ نے آفریدگارِ مطلق کے حکم سے یہاں ایک لاکھ چالیس ہزار اشخاص کے امنڈتے ہوئے دریا کو رُکنے کا حکم دیا۔ مؤذن نے اذان کہی اور دیکھتے ہی دیکھتے

ع "قبلہ رو ہو کے کھڑے ہو گئے سب بہرِ نماز"

عبادت سے فارغ ہو کر " وحی " کی زبان میں خدا کا پیغام پہنچانے والے نے مجمع کو شرفِ خطاب عطا فرمایا۔ کڑی دھوپ میں موتیئے کے پھول برسنے لگے!

ختمی مرتبتؐ نے اس تقریر میں مملکتِ خداداد کی سیاسی روش اور آئندہ کی قیادت پر بھرپُور روشنی ڈالی۔ پھر اللہ کی مرضی اور اس کے فرمان کی وضاحت کرتے ہوئے آپؐ نے حضرت علیؑ کو اپنے ہاتھوں سے اُٹھا کر اُونچا کیا اور فرمایا: لوگو! میں تو چلا۔ لہٰذا تم سے متعلق جو اختیارات میرے پاس تھے، اب وہ علیؑ کو حاصل ہوں گے۔ یہ سُن کر ہر چھوٹے بڑے نے حضورؐ کے جانشین کو مبارکباد دی اور پورے کا پورا وادی برکتوں سے چھلکنے لگا۔

ایمان کی بات یہ کہ غدیر کے نیک دن کی بدولت اسلام کے نظام و انتظام کا ایک اور رُخ سامنے آیا۔ اور یہ رُخِ زیبا اس درجہ جاذب



Presented by www.ziaraat.com

قلب ونگاہ تھا کہ ہر قافلہ اپنے ساتھ اس کی خوشگوار یادیں لے کر جادہ پیما ہوا۔ شاعروں نے جب اس کے تذکرے سے اپنے قصیدوں کو سجا کر سنایا تو نغموں کی جھڑی بندھ گئی۔ تاریخ نے اسے حرزِ جاں بنالیا۔ اور حدیث کے مجموعوں نے یہاں کے ہر منظر کی یوں تصویر اتاری کہ رنگ اور روشنی کا ایک سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگا!

دُنیا کا قاعدہ ہے کہ جو باتیں انتہائی جاں فزا اور جو کام حد درجہ دل آویز ہوتے ہیں تو جن لوگوں کو انھیں سُننے اور دیکھنے کا موقع ملتا ہے وہ آنے والی نسل کے لیے اس حوالے سے کوئی نہ کوئی نشانی بنادیتے ہیں۔ تاکہ پُشت در پُشت اس حرف و حکایت یا سرگزشت کا چرچا ہوتا رہے!

بنابریں جوں ہی "جشنِ غدیر" اختتام کو پہنچا، فوراً یادگار کے طور وہاں ایک مسجد تعمیر کردی گئی اور اُس کا نام **مسجد النبیؐ** رکھا گیا عوام اسے مسجدِ رسولؐ اور مسجدِ غدیرِ خُم بھی کہتے تھے!

اس مسجد کی تعمیر میں فرائضِ بندگی ادا کرنے کی مصلحت کے ساتھ اور جو عوامل کارفرما تھے انھیں بھی ذہن و ضمیر میں تروتازہ رکھنے کی غرض سے شریعت نے بہت سی باتوں پر زور دیا ہے!

مثلاً: یہاں کوئی نماز پڑھے تو خاص کر اسے بڑی اہمیّت حاصل ہوگی۔ اس مقام پر عبادت بجا لانا مستحب ہے۔ یہ دعائیں مانگنے کا بڑا اچھا



Presented by www.ziaraat.com

ٹھکانا ہے۔ بارگاہِ احدیّت میں عرض نیاز کے لیے نہایت موزوں جگہ ہے۔

باقر العلوم امام محمد باقر علیہ السّلام۔ صادق آلِ محمدؐ امام جعفر صادق علیہ السّلام اور رباب الحوائج امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام نے اس عبادت خانے میں نماز پڑھنے کے لیے اصرار فرمایا ہے۔

حسّان جمّال کہتے ہیں :

" ایک دفعہ ہمارے چھٹے رہبر امام جعفر صادقؑ حج کے سلسلے میں ہمارے ساتھ شریکِ سفر تھے۔ جب کارواں مسجدِ غدیر کے پاس پہنچا، تو آپؑ نے مسجد کی بائیں جانب دیکھ کر فرمایا :

"اے دیکھو! یہاں رسولِ مقبولؐ نے کھڑے ہو کر ان لفظوں میں علیؑ ابن ابی طالبؑ کی جانشینی کا اعلان فرمایا تھا :

مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ
مَوْلَاہُ۔ اَللّٰھُمَّ وَالِ مَنْ
وَالَاہُ وَعَادِ مَنْ عَادَاہُ [1] "

تعارف کا یہ انداز بتا رہا ہے کہ صادق آلِ محمدؐ "مسجدِ غدیر کی اِس خصوصیّت کو پُورے قافلے کے حافظے میں پیوست کرنا چاہتے تھے، کہ یہی وہ مقام ہے جہاں " ولایتِ کبریٰ " کا چاند اُبھرا تھا !

---

[1] وسائل الشیعہ۔ شیخ حرّ عاملی۔ جلد ۲ صفحہ ۵۴۸ طبع بیروت



Presented by www.ziaraat.com


بہر حال تمام اسناد و وثائق سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبرِ ختمی مرتبت کی انتخاب کی ہوئی اس زمین پر نماز پڑھنے سے فضیلت بھی ہاتھ آتی ہے اور 'اصولِ دین' کی ایک ممتاز اصل - امامت - سے وابستگی کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

پھر ہمارے تمام فقہاء و محدثین مثلاً محمد ابن یعقوب کلینی نے الکافی میں، محمد ابن حسن طوسی نے النہایہ میں، ابنِ ادریس نے السرائر میں، قاضی ابن البراج نے المہذب میں، شیخ یوسف بحرانی نے الحدائق الناضرہ میں، شیخ حرّ عاملی نے وسائل الشیعہ میں، ابن حمزہ نے الوسیلہ میں، یحیٰ ابن سعید نے الجامع میں اور شیخ محمد حسن نجفی نے جواہر الکلام میں لکھا ہے کہ:

" حج کی سعادت حاصل کرنے والوں کو غدیرِ خم والی مسجد میں دو رکعت نماز ضرور بجالانا چاہیئے۔"

مگر افسوس ہزار افسوس! کہ خدا کا یہ گھر کلمہ پڑھنے والوں کی بے توجہی سے اب مٹی کا ڈھیر بن چکا ہے!

رہے نام اللہ کا!




مدینے سے غدیر خم تک نیا راستہ
اور
حدود حرم مکہ

Presented by www.ziaraat.com


وادیٔ غدیر کے چشمے کا بہتا پانی

Presented by www.ziaraat.com



وادیٔ غدیر کی جھاڑیاں


Presented by www.ziaraat.com




Presented by www.ziaraat.com





Presented by www.ziaraat.com




Presented by www.ziaraat.com




Presented by www.ziaraat.com




Presented by www.ziaraat.com




Presented by www.ziaraat.com

# خطبۂ غدیر کی اہمیّت

جب عام زندگی میں سرکار خاتم الانبیاءؐ کے دہنِ اقدس سے نکلا ہُوا ہر لفظ بے بہا ہوتا تھا۔ تو پھر خاص خاص موقعوں پر حضورؐ نے جو کچھ فرمایا اور آپ کے جن اہم خُطبوں اور تقریروں سے تاریخ تہذیب اور انسانی فکر و روش کو جو نئے سانچے ملے ان کی عظمت و افادیّت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے؟

جُمعہ کے اجتماعات میں آنحضرتؐ کی گفتگو، جنگ کے ہنگام آپ کی ہدایات۔ اُمن کے لئے پیغمبرِ رحمتؐ کی بات چیت' استقبالِ رمضان کے سلسلے میں آپ کے اِرشادات، عید بقر عید پر سرکارؐ کا بیان، حج کے زمانے



Presented by www.ziaraat.com

کی تقریرِ دلپذیر یہ تمام اثاثہ جُوں کا تُوں ابھی تک محفوظ ہے اور ہمیشہ انسان کی توجہ کا مرکز بنا رہے گا۔ غدیر کا ماجرا بھی تاریخِ رسالتؐ کا ایک انتہائی اہم واقعہ ہے یہاں سرورِ عالمؐ نے خُدا کے حکم سے ہنگامی حالات میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب فرمایا تھا اور اپنے اس خُطبے کے ذریعے نبی کریمؐ نے بعض اہم آئینی نکات کی وضاحت، اقتدار سے متعلق چند بنیادی اُمور کی تشریح اور مُستقبل میں اِسلامی نظام کے تحفّظ اور بقاء کے لیے پیمبرانہ اقتدار کا ایک بہت بڑا ذخیرہ عنایت فرمایا تھا۔

مگر نہ جانے کیوں حضور رسُولِ مقبولؐ کے دُوسرے فرمُودات کی طرح خُطبۂ غدیر کو من وعن بچا کر رکھنے میں اکثریت نے سنجیدگی اور متانت کا ثبوت نہیں دیا۔

اَب ہم اگر اس پوری تقریر کو دیکھنا چاہیں تو بڑی کنج کاوی سے کام لینا پڑے گا۔ پھر بھی حضورؐ کی تقریر کا مکمّل متن ٹوٹے ہُوئے شیشے کی کرچوں کی طرح مختلف کتابوں کے اوراق میں بکھرا ہُوا نظر آئے گا۔ مثلاً کچھ ٹکڑے طبری کی کتاب الولایہ میں نظر آئیں گے کچھ علی متقی کی کنز العمال میں بعض اجزاء، ابن حجر عسقلانی کی الاصابہ میں اور اسد الغابہ میں بعض، ہیثمی کی مجمع الزوائد میں ایک آدھ حصہ خطیب بغدادی کی

تاریخ بغداد سے ملے گا یا پھر خصائص نسائی سے کچھ ابو نعیم کی حلیۃ الاولیاء سے نیز مسند احمد ابن حنبل سے اور یا پھر حاکم کے مستدرک علی الصحیحین سے دستیاب ہوں گے۔

لیکن تلاش و جستجو کے بعد بھی جب ہم ان اجزاء کو اکٹھا کر کے جوڑتے ہیں تو کئی جگہ سے درکے ہوئے آئینے کی شکل سامنے آجاتی ہے۔ اور نتیجتہً جمال و کمالِ خطابت کا جو رُخ ہویدا ہونا چاہیئے وہ نمایاں نہیں ہو پاتا۔

اس لیئے ہم نے رسالتِ مآبؐ کے اس جلیل القدر خطبے کے سلسلے میں ان امین ہستیوں کی طرف رجوع کیا جنھوں نے زلزلے کے جھٹکوں آندھی کے جھکڑوں اور طوفان کے تھپیڑوں میں گھرے رہنے کے باوجود سرورِ دوجہاںؐ کے ایک ایک لفظ کو کلیجے سے لگا کر رکھا اور پھر حضورؐ کے بیان کے رنگ اور آہنگ کو اپنے ضمیر کی گہرائیوں میں اُتار کر کلک و قرطاس کے حوالے کر دیا۔

یہ ہیں سچائی کے ساتھ لوح و قلم کی پرورش کرنے والے اعاظم رئیس المحدثین محمد ابن فتال نیشاپوری (شہید ۵۰۸ھ) جن کی کتاب "روضۃ الواعظین" کے نام سے مشہور ہے اور چھٹی صدی ہجری ہی کے فقیہہ و مورخ شیخ احمد ابن ابی طالب طبرسی ان کا دفترِ علم و دانش الاحتجاج

کہلاتا ہے نیز ساتویں صدی کے ایک اور برجستہ دانشور جمال الدین سید ابنِ طاؤس متوفی ۶۶۴ھ ہیں ان کی کاوش "اقبال الاعمال" ہے۔ ان قیمتی تصانیف کے علاوہ فخرِ اُمت علامہ محمد باقر مجلسی (متوفی ۱۱۱۱ھ) نے اپنی اِنسائیکلوپیڈیائی تصنیف "بحار الانوار" میں اس پورے خُطبے کو اسکے تسلسل کے ساتھ قلم بند کیا ہے۔ اسی طرح صاحبِ تفسیرِ صافی نے خطبے کے متن کو من وعن درج فرمایا ہے۔ اور ناانصافی ہوگی اگر اس ضمن میں دانشمندِ محترم میرزا محمد تقی سپہر کا نام نہ لیا جائے۔ انھوں نے بھی اپنی وقیع تاریخ ناسخ التواریخ کی دوسری جلد میں اس پُورے خطبے کو درج کیا ہے۔

ہم ان فلک جناب ہستیوں کی زرنگار اُنگلیوں کو سلام کرتے ہیں اور ان کے خونچکاں خامے کے آگے ہمارا سر تعظیم خم ہے۔

یہ خُطبہ ہم نے ان ہی علمی مجموعوں سے لیا ہے اور کوشش کی ہے کہ ان بزرگوں نے جس جذبے سے عربی متن کو ہمارے حوالے کیا ہے اسی جذبے سے اس کا اُردو ترجمہ ہم آپ تک پہونچا دیں۔



Presented by www.ziaraat.com

# خطبۂ غدیر

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَلَا فِیْ تَوَحُّدِهٖ، وَدَنَا فِیْ تَفَرُّدِهٖ، وَجَلَّ فِیْ سُلْطَانِهٖ، وَعَظُمَ فِیْ اَرْکَانِهٖ، وَاَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَ هُوَ فِیْ مَکَانِهٖ وَ قَهَرَ جَمِیْعَ الْخَلْقِ بِقُدْرَتِهٖ وَ بُرْهَانِهٖ، مَجِیْدًا لَمْ یَزَلْ، مَحْمُوْدًا لَا یَزَالُ، بَارِئِ الْمَسْمُوْکَاتِ، وَدَاحِی الْمَدْحُوَّاتِ، وَجَبَّارِ الْاَرَضِیْنَ وَ السَّمٰوَاتِ

حمد و سپاس مخصوص ہے اُس معبودِ برحق کے لیے! جس کی ذات اپنی یکتائی میں انتہائی بلند، اور جو بے ہمتا ہوتے ہوئے بھی ہر ایک سے بہت قریب ہے۔ عزت جس کی ادائے شاہنشاہی کی ثنا خواں اور عظمت جس کے اندازِ جہاں پناہی کی توصیف میں رطب اللسان! ــــ ہر جگہ اس کی نظر ــــ ہر شئ سے باخبر، ساری خلقت اس کی قوت و قدرت، اور دلیل و حجت کے آگے گردنیں ڈالے ہوئے! رہے نام اللہ کا! وہ ہمیشہ سے بہت بڑا ہے، اور سدا اس کی تعریف ہوتی رہے گی، وہی بامِ فلک کا خالق ــ اور صحنِ گیتی کا آفریدگار ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوحِ مُتَفَضِّلٌ عَلٰى جَمِيعِ مَنْ يَرَاهُ مُتَطَوِّلٌ عَلٰى جَمِيعِ مَنْ اَنْشَأَهُ يَلْحَظُ كُلَّ عَيْنٍ وَ الْعُيُونُ لَا تَرَاهُ كَرِيمٌ حَلِيمٌ ذُوْاَنَاةٍ، قَدْ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ بِرَحْمَتِهٖ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ بِنِعْمَتِهٖ لَا يُعَجِّلُ بِانْتِقَامِهٖ وَلَا يُبَادِرُ اِلَيْهِمْ بِمَا اسْتَحَقُّوْا مِنْ عَذَابِهٖ،

پاک و پاکیزہ ہے اس کی ذات وہ تمام فرشتوں کا پالنے والا! اور ـــــ روح الامین کا بھی پروردگار ہے۔ اس کی چشم کرم سب کو نوازتی ہے، اور ساری مخلوق اس کے انعام واکرام سے بہرہ مند ہوتی ہے، اس کی نگاہ ہر نظر کا جائزہ لیتی ہے مگر کوئی آنکھ اسے نہیں دیکھ پاتی! وہ بڑا فیض رساں، انتہائی بردبار، اور حد درجہ باوقار ہے۔ اس کا دامن رحمت ہر چیز کو اپنے سائے میں لئے ہوئے ہے، اور ہر خاص و عام اس کی نعمتوں کا رہین احسان ہے۔ وہ نہ تو طیش میں آکر کسی کو کیفر کردار تک پہنچانے میں جلدی کرتا ہے اور نہ کسی مجرم کو قرار واقعی سزا دینے میں عجلت سے کام لیتا ہے ـــــ

قَدْ فَهِمَ السَّرَائِرَ، وَ عَلِمَ الضَّمَائِرَ، وَلَمْ تَخْفَ عَلَيْهِ الْمَكْنُونَاتُ وَلَا اشْتَبَهَتْ عَلَيْهِ الْخَفِيَّاتُ، لَهُ الْإِحَاطَةُ بِكُلِّ شَيْءٍ وَالْغَلَبَةُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، وَالْقُوَّةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ، وَالْقُدْرَةُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، لَيْسَ مِثْلَهُ شَيْءٌ، وَهُوَ مُنْشِئُ الشَّيْءِ حِينَ لَا شَيْءَ، دَائِمٌ قَائِمٌ بِالْقِسْطِ، لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔

وہ سب کی نیتوں سے واقف اور چھپے ہوئے حالات سے آگاہ ہے — نہ کوئی راز اس سے پوشیدہ رہ سکتا ہے، اور نہ کوئی خفیہ بات اس پر مشتبہ ہو سکتی ہے، وہ ہر امر پر حاوی ہے، ہر شئے پر غالب ہے. کوئی چیز اس کی طاقت سے باہر نہیں، وہ ہر بات پر قادر ہے، اور اس جیسی کوئی شئے نہیں جب کچھ نہ تھا اُس وقت اس نے ہر چیز کی صورت گری کی. وہ ہمیشہ سے ہے، اور اپنی صفتِ عدل کے ساتھ ہمیشہ رہے گا. اس بزرگ و دانا خدا کے سوا اور کوئی معبود نہیں ——



Presented by www.ziaraat.com

جَلَّ أَنْ تُدْرِكَهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ، لَا يَلْحَقُ اَحَدٌ وَصْفَهُ مِنْ مُعَايِنَةٍ ، وَلَا يَجِدُ اَحَدٌ كَيْفَ هُوَ مِنْ سِرٍّ وَ عَلَانِيَةٍ اِلَّا بِمَا دَلَّ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى نَفْسِهٖ وَاَشْهَدُ بِاَنَّهُ اللّٰهُ الَّذِيْ مَلَأَ الدَّهْرَ قُدْسُهُ. وَالَّذِيْ يَغْشَى الْاَبَدَ نُوْرُهُ.

اس کی ہستی اس سے کہیں بلند ہے کہ کسی کی چشمِ ظاہر اس تک پہنچ سکے، البتہ وہ ہر موجِ نظر کو پالیتا ہے! وہ نہایت باریک بیں اور بڑا واقف کار ہے۔ ہاں! نہ تو کوئی آنکھوں سے دیکھ کر اس کی خوبیوں کا نقشہ کھینچ سکتا ہے اور نہ اس کے ظاہر و باطن کا حال احوال بیان کر سکتا ہے۔ پاک پروردگار کو تو بس ان ہی حقائق کے ذریعے پہچاننا ممکن ہے جنھیں خود اس نے اپنے لئے دلیلِ معرفت قرار دیا ہے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ وہی سچا خدا ہے جس کی پاکیزگی کے آثار سے پوری دنیا معمور اور جس کے جلووں کی تابش سے سارا جہان پُرنور ہے! ——————



Presented by www.ziaraat.com

وَالَّذِي يَنْفُذُ أَمْرُهُ
بِلَا مُشَاوَرَةِ مُشِيرٍ
وَلَا مَعَهُ شَرِيكٌ
فِي تَقْدِيرٍ، وَلَا
تَفَاوُتَ فِي تَدْبِيرٍ،
صَوَّرَ مَا أَبْدَعَ عَلَى
غَيْرِ مِثَالٍ، وَخَلَقَ
مَا خَلَقَ بِلَا مَعُونَةٍ
مِنْ أَحَدٍ وَلَا
تَكَلُّفٍ وَلَا احْتِيَالٍ،
أَنْشَأَهَا فَكَانَتْ
وَبَرَأَهَا فَبَانَتْ
فَهُوَ اللَّهُ الَّذِي
لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمُتْقِنُ
الصَّنْعَةِ،

وہ کسی سے رائے مشورہ نہیں لیتا بلکہ صرف اپنے منشاء سے تمام احکام نافذ کرتا ہے نیز کسی امر کے تعین میں نہ اسکا کوئی شریکِ عمل ہے اور نہ اس کے بندوبست میں کسی طرح کا فرق و خلل ہے۔ کیا کہنا اس کی جدت طرازیوں کا! اس کی ہر تصویر آپ اپنی مثال ہے، کوئی تخلیق ایسی نہیں جو کسی کے تعاون، تکلف یا منصوبہ بندی کے سہارے منصۂ شہود پر آئی ہو۔ بس اس نے جس چیز کو پیدا کرنا چاہا وہ پیدا ہو گئی، اور جس شئے کو عالمِ وجود میں لانے کا ارادہ کیا وہ ہویدا ہو گئی! — چنانچہ! اس کی ذات تمام کمالات کو گھیرے ہوئے ہے اور اس کے علاوہ کوئی ہستی نہیں جس کی پرستش کی جائے۔ خلّاقِ عالم کی ہر صنعت کمالِ مہارت کا بہترین نمونہ ہے



Presented by www.ziaraat.com

الْحَسَنُ الصَّنِيْعَةِ
اَلْعَدْلُ الَّذِيْ لَا يَجُوْرُ
وَالْاَكْرَمُ الَّذِيْ
تَرْجِعُ اِلَيْهِ الْاُمُوْرُ
وَاَشْهَدُ اَنَّهُ الَّذِيْ
تَوَاضَعَ كُلُّ شَيْءٍ
لِقُدْرَتِهٖ وَخَضَعَ
كُلُّ شَيْءٍ لِهَيْبَتِهٖ
مَالِكُ الْاَمْلَاكِ
وَمُفَلِّكُ الْاَفْلَاكِ
وَمُسَخِّرُ الشَّمْسِ
وَالْقَمَرِ كُلٌّ
يَجْرِيْ لِاَجَلٍ
مُسَمًّى،

اس کی ویئن حسنِ کرم کی سب سے
اعلیٰ مثال ہے — وہ ایسا
دادگستر ہے جس کے بارے میں
ظلم وستم گری کا خیال تک نہیں آسکتا
وہ سب سے بڑا کریم ہے، اور آخرکار
تمام معاملات اسی کی بارگاہ
میں پیش ہوں گے، کہ ہر چیز
اس کی قدرتِ قاہرہ کے
آگے سرنگوں، اور ہر شئے
اس کے جلال و ہیبت کے
آگے سجدہ ریز ہے — وہ
دنیا جہان کا مالک اور
آسمانوں کا خالق ہے۔ سورج
اس کے حکم کے تابع، چاند
اس کا اطاعت گزار، اور ان
میں سے ہر ایک مقررہ مدت
تک اپنا کام انجام دیتا رہے گا



Presented by www.ziaraat.com

يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ
وَ يُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى
اللَّيْلِ يَطْلُبُهُ حَثِيْثًا
قَاصِمُ كُلِّ جَبَّارٍ
عَنِيْدٍ وَ مُهْلِكُ كُلِّ
شَيْطَانٍ مَرِيْدٍ لَمْ
يَكُنْ مَعَهُ ضِدٌّ
وَلَا نِدٌّ اَحَدٌ صَمَدٌ
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ
كُفُوًا اَحَدٌ ،
اِلٰهٌ وَاحِدٌ وَ رَبٌّ
مَاجِدٌ يَشَاءُ فَيَمْضِيْ
وَ يُرِيْدُ فَيَقْضِيْ ، وَ
يَعْلَمُ فَيُحْصِيْ ،

وہی آفریدگارِ مطلق بڑی تیزی اور تسلسل کے ساتھ کبھی دِن کے مکھڑے کو، رات کے پردے میں چھپا دیتا ہے، اور گاہے حجلۂ شب کو روزِ روشن کی آماجگاہ بنا دیتا ہے! وہ سرکشی دکھانے والے ہر زور آزما اور اکڑنے والے ہر شیطان کو تہس نہس کر کے رکھ دیتا ہے۔ اس خدائے یکتا کا نہ کوئی مقابل ہے نہ نظیر! وہ ایک ہے — بے نیاز ہے، نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے، نہ اس نے کسی سے جنم لیا ہے اور کوئی اس کے برابر کا بھی نہیں! وہ معبودِ یگانہ اور بڑے مرتبے کا پروردگار ہے۔ وہ اپنے ہر ارادے کو پورا کرتا ہے اور جو چاہتا ہے وہ کر کے رہتا ہے۔ ہر چیز کی حقیقت سے واقف اور تمام اشیاء کی کمیّت و کیفیت سے آگاہ ہے!—



Presented by www.ziaraat.com

وَ يُمِيْتُ وَ يُحْيِىْ
وَ يُفْقِرُ وَ يُغْنِىْ
وَ يُضْحِكُ وَ يُبْكِىْ
وَ يُدْنِىْ وَ يُقْصِىْ
وَ يَمْنَعُ وَ يُعْطِىْ
لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَ
هُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ
قَدِيْرٌ، يُوْلِجُ اللَّيْلَ
فِى النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ
النَّهَارَ فِى اللَّيْلِ
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا
هُوَ الْعَزِيْزُ
الْغَفَّارُ،

وہی موت کا قانون نافذ
کرتا ہے ، اور وہی زندگی
کی خلعت بھی بخشتا ہے ،
فقر و تونگری بھی اسی کے
اختیار میں ہے. اسی طرح
ہنسانا اور رُلانا بھی اسی کے
ہاتھ میں ہے. کسی کو قریب
کرلیتا ہے ، کسی کو دور پھینک
دیتا ہے —— کبھی اپنی عطا
کو روک لیتا ہے ، اور کسی وقت
ہُن برسانے لگتا ہے —— !
اقتدارِ اعلیٰ صرف اسی کو حاصل
اور حمد و ستائش اسی کی ذات کے
لئے ہے. بس وہی سرچشمۂ خیر
ہے ، —— اور اسی کو ہر چیز پر
اختیار ہے ، وہ بزرگ و برتر ہے
بخشنے والا ہے ——



Presented by www.ziaraat.com

مُجِیْبُ الدُّعَاءِ وَ
مُجْزِلُ الْعَطَآءِ، مُحْصِی
الْاَنْفَاسِ وَ رَبُّ
الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ، لَا
یَشْکُلُ عَلَیْهِ شَیْءٌ،
وَلَا یُضْجِرُهٗ صُرَاخُ
الْمُسْتَصْرِخِیْنَ، وَلَا
یُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّیْنَ
اَلْعَاصِمُ لِلصَّالِحِیْنَ وَ
وَالْمُوَفِّقُ لِلْمُفْلِحِیْنَ
وَمَوْلَی الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْ
اَسْتَحَقَّ مِنْ کُلِّ خَلْقٍ
اَنْ یَشْکُرَهٗ، وَ یَحْمَدَهٗ
عَلَی السَّرَّاءِ وَ الضَّرَّاءِ
وَالشِّدَّةِ وَ الرَّخَاءِ،

دُعائیں قبول کرتا ہے ــــــ خوب کرم فرماتا ہے ــــــ بہت دیتا ہے۔ پھر نفس نفس کا حساب رکھتا ہے، اور جن ہوں یا انسان، سب کو پالتا ہے۔ نیز اس کے لئے کوئی کام مشکل نہیں!ــــ نہ وہ کسی فریادی کی آہ وزاری سے ملول ہوتا ہے، اور نہ کسی سوالی کا اصرار اسے کبیدہ خاطر کرتا ہے۔ وہی اچھے لوگوں کا محافظ، اور اپنے نیک بندوں کو کامیابی سے ہم کنار کرنے والا ہے۔ مومنوں کا مولا ہے۔ اچھا زمانہ ہو یا کڑا وقت، خوش حالی کا دور ہو یا مشکلوں کا ہنگام، بہرکیف! مخلوق کو اس کا سپاس گذار ہونا چاہیئے۔ ہر حالت میں وہ حمد کا سزاوار ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| وَ اُؤْمِنُ بِهٖ وَ | میں اس کی ذات پر، اس کے ملائکہ پر، |
| مَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ | اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں |
| وَرُسُلِهٖ اَسْمَعُ اَمْرَهٗ | پر ایمان رکھتا ہوں۔ اس کے حکم کا |
| وَ اَطِيْعُ وَ اُبَادِرُ اِلٰى | تابع اور اس کی رضا جوئی میں ہر لمحہ |
| كُلِّ مَا يَرْضَاهُ | پیش پیش رہتا ہوں، پھر اطاعت |
| وَاَسْتَسْلِمُ لِمَا قَضَاهُ | شعاری کا خیال اور سزا کا احساس |
| رَغْبَةً فِىْ طَاعَتِهٖ | چونکہ ہمیشہ دامن تھامے رہتا ہے اِس |
| وَخَوْفًا مِنْ عُقُوْبَتِهٖ | لئے دِل وجان سے اس کی مشیّت کے |
| لِاَنَّهُ اللّٰهُ الَّذِىْ | آگے سرِتسلیم خم رکھتا ہوں! کیونکہ وہ |
| لَا يُؤْمَنُ مَكْرُهٗ | ایسا معبود ہے جس کی سرزنش سے نہ |
| وَلَا يُخَافُ جَوْرُهٗ | کوئی محفوظ رہ سکتا ہے اور نہ اس کی |
| اُقِرُّ لَهٗ عَلٰى نَفْسِىْ | طرف سے کسی کو ظلم وتعدّی کا اندیشہ |
| بِالْعُبُوْدِيَّةِ وَ | لاحق ہو سکتا ہے۔ مجھے اِس حقیقت کا |
| وَ اَشْهَدُ لَهٗ | اقرار ہے کہ میں اس کا بندہ ہوں |
| بِالرُّبُوْبِيَّةِ | اور اس کے پروردگار ہونے کا گواہ! |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| أُؤَدِّيْ مَا أَوْحٰى إِلَيَّ | ساتھ ہی اس نے وحی کے ذریعے |
| حَذَرًا أَنْ لَا أَفْعَلَ | مجھے جو حکم دیا ہے اسے بجالاتا ہوں |
| فَتَحِلَّ بِيْ قَارِعَةٌ | کیونکہ اگر میں نے فرضِ رسالت ادا |
| لَا يَدْفَعُهَا عَنِّيْ | نہیں کیا تو اِس بات کا خطرہ ہے کہ |
| أَحَدٌ وَ إِنْ عَظُمَتْ | کہیں اس کے ناقابلِ مدافعت عذاب |
| حِيْلَتُهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّا | کا ہدف نہ بن جاؤں ، وہی خدا ہے |
| هُوَ! لِأَنَّهٗ أَعْلَمَنِيْ | اور سوائے اس کے اور کوئی معبود |
| إِنِّيْ إِنْ لَمْ أُبَلِّغْ مَا | نہیں! اس نے مجھے بتا دیا ہے کہ اگر |
| أَنْزَلَ إِلَيَّ فَمَا بَلَّغْتُ | میں اس فرمان کی تبلیغ نہیں کرونگا |
| رِسَالَتَهٗ فَقَدْ ضَمِنَ | جو اس نے مجھ پر نازل فرمایا ہے تو |
| لِيْ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى | اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ گویا |
| الْعِصْمَةَ وَ هُوَ اللّٰهُ | میں نے رسالت کا کوئی فریضہ ہی |
| الْكَافِي الْكَرِيْمُ | نہیں انجام دیا۔ نیز اس نے مجھے |
| | مخالفوں کے شر سے محفوظ رکھنے کی |
| | ضمانت بھی دی ہے ، اور یقیناً وہ میرے |
| | لئے کافی ہے ، اور وہ میرا ربّ کریم ہے! |

فَاَوْحٰی اِلَیَّ بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، یَا
اَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا
اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ
(فِیْ عَلِیٍّ) وَاِنْ لَّمْ
تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ
رِسَالَتَهٗ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ
مِنَ النَّاسِ! مَعَاشِرَ
النَّاسِ! مَا قَصَّرْتُ
فِیْ تَبْلِیْغِ مَا اَنْزَلَهٗ
اِلَیَّ وَ اَنَا مُبَیِّنٌ
لَكُمْ سَبَبَ هٰذِهِ
الْاٰیَةِ : اِنَّ جِبْرَئِیْلَ
عَلَیْهِ السَّلَامُ هَبَطَ
اِلَیَّ مِرَارًا ثَلَاثًا !

ہاں! اس نے مجھ پر یہ وحی نازل فرمائی
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اے رسول!
تمھارے رب کی جانب سے (علیؑ کے
بارے میں) جو نازل ہُوا ہے
وہ لوگوں تک پہنچا دو۔ اور اگر
ایسا نہیں کیا تو گویا تم نے
فرضِ رسالت کی ادائیگی نہیں
کی، اور اللہ تم کو لوگوں سے
محفوظ رکھے گا (سورۂ مائدہ: ۶۷)
لوگو! میں نے فرضِ رسالت
کی انجام دہی میں کبھی
کوتاہی نہیں کی اور لو۔۔!
اب میں اس آیت کے نازل
ہونے کا سبب بیان کرتا ہوں
جبرئیل علیہ السلام تین دفعہ
میرے پاس آئے!



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| يَا مُرْنِيْ عَنْ سَلَامِ | ــــ خدا کا سلام پہونچایا ــــ |
| رَبِّيْ وَ هُوَ السَّلَامُ | ــــ بے شک اس کی ذات امن و |
| اَنْ اَقُوْمَ فِيْ هٰذَا | عافیت کا سرچشمہ ہے۔ اس کے بعد |
| الْمَشْهَدِ فَاُعْلِمَ | امینِ وحی نے مجھ سے کہا کہ میں اس مجمعِ |
| كُلَّ اَبْيَضَ وَ | عام میں کھڑے ہو کر ہر سفید و سیاہ |
| اَسْوَدَ اَنَّ عَلِيَّ ابْنَ | کو یہ بتا دوں کہ علیؑ ابنِ ابی طالب میرے |
| اَبِيْ طَالِبٍ اَخِيْ وَ | بھائی میرے وصی، میرے خلیفہ اور |
| وَصِيِّيْ وَ خَلِيْفَتِيْ | میرے بعد ساری خلقت کے امام ہیں، |
| وَ الْاِمَامُ مِنْ بَعْدِيْ | میری سرکار میں انھیں وہی مقام |
| الَّذِيْ مَحَلُّهٗ مِنِّيْ | حاصل ہے جو ہارون کو موسیٰ کے |
| مَحَلُّ هَارُوْنَ مِنْ | اقتدار میں حاصل تھا مگر یہ کہ ــــ |
| مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهٗ | میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور اللہ |
| لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ | اور اس کے رسولؐ کے بعد بس |
| وَ هُوَ وَلِيُّكُمْ | وہی تمھارے مولا ہیں! |
| بَعْدَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ | |



Presented by www.ziaraat.com

وَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰی عَلَیَّ بِذٰلِكَ اٰيَةً مِنْ كِتَابِهٖ : اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ رَاكِعُوْنَ

اس سلسلے میں خداوندِ عالم نے مجھ پر قرآن کی یہ آیت نازل فرمائی ہے، "یقیناً تمھارا آقا صرف اللہ اور اس کا رسولؐ ہے۔ نیز وہ لوگ جنھیں ایمان کی دولت نصیب ہوئی اور جو نماز قائم کرتے ہیں اور رکوع کی حالت میں زکوٰۃ دیتے ہیں" ——

(سورۂ مائدہ : ۵۵)

وَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْطَالِبٍ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَی الزَّكٰوةَ وَ هُوَ رَاكِعٌ يُرِيْدُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِيْ كُلِّ حَالٍ

علیؑ ابنِ ابی طالب نے نماز قائم کی اور حالتِ رکوع میں زکوٰۃ بھی دی اور ان تمام حالات میں صرف خدا ہی ان کا مقصود و مطلوب رہا۔



Presented by www.ziaraat.com

وَسَأَلْتُ جِبْرَئِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنْ يَسْتَعْفِيَ لِي عَنْ تَبْلِيغِ ذٰلِكَ إِلَيْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ! بِعِلْمِي بِقِلَّةِ الْمُتَّقِينَ وَكَثْرَةِ الْمُنَافِقِينَ وَإِدْغَالِ الْآثِمِينَ وَحِيَلِ الْمُسْتَهْزِئِينَ بِالْإِسْلَامِ الَّذِينَ وَصَفَهُمُ اللهُ فِي كِتَابِهِ بِأَنَّهُمْ "يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِمْ مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ" وَيَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِنْدَ اللهِ عَظِيمٌ.

حالات کے پیشِ نظر ـــ جبرئیل سے میں نے کہا بھی تھا کہ کیا بارگاہِ احدیت میں یہ التجا کی جا سکتی ہے کہ مجھے اس فرض کی انجام دہی سے معاف رکھا جائے؟ کیونکہ ـ میں متقین کی قلت، منافقین کی کثرت، مجرموں کی فریب کاریوں، اسلام کا تمسخر کرنے والوں کی حیلہ سازیوں سے واقف تھا جن کے متعلق قرآن کا بیان ہے کہ "وہ جو کچھ زبان سے کہتے ہیں وہ ان کے دِل میں نہیں ہوتا" (سورہ فتح: ۱۱)

اور خیال کرتے ہیں کہ یہ بالکل معمولی سی بات ہے، حالانکہ خدا کے نزدیک یہ بہت بڑی بات ہے ـــ!



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| وَكَثْرَةِ اَذَاهُمْ لِیْ | نیز ان لوگوں نے ــــــ |
| غَیْرَ مَرَّةٍ حَتّٰی | کئی بار مجھے بڑا دُکھ پہنچایا۔ یہاں |
| سَمُّوْنِیْ اُذُنًا وَ | تک کہ میرا نام کان" رکھ دیا، اور یہ |
| زَعَمُوْا اِنِّیْ كَذَالِكَ | صرف اس لئے کہ علیؑ ابنِ ابی طالب |
| لِكَثْرَةِ مُلَازَمَتِهٖ | ہر وقت میرے ساتھ رہتے تھے اور |
| اِیَّایَ وَاِقْبَالِیْ عَلَیْهِ | ان ہی پر میری توجّہ مرکوز رہتی تھی! |
| حَتّٰی اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ | چنانچہ اس ضمن میں پروردگارِ عالم |
| وَجَلَّ فِیْ ذٰلِكَ : | کا ارشاد ہوا کہ ـ ان میں سے بعض |
| وَ مِنْهُمُ الَّذِیْنَ | ایسے بھی ہیں جو ہمارے رسولؐ کو |
| یُؤْذُوْنَ النَّبِیَّ وَ | ستاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ـ یہ تو |
| یَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ | "کان ہی کان" ہیں۔ اے رسولؐ! تم |
| قُلْ اُذُنُ خَیْرٍ | کہہ دو کہ ہاں "کان" تو ہیں مگر اچھّی |
| لَّكُمْ یُؤْمِنُ | باتیں سُننے والے "کان" ہیں کیونکہ |
| بِاللّٰهِ وَ یُؤْمِنُ | خدا کی ذات پر ایمان رکھتے ہیں، اور |
| لِلْمُؤْمِنِیْنَ | مؤمنین کی باتوں پر بھروسہ کرتے ہیں" (سورۂ توبہ : ۶۱) |

وَلَوْ شِئْتُ اَنْ اُسَمِّيَ بِاَسْمَائِهِمْ لَسَمَّيْتُ وَاَنْ اُوْمِئَ اِلَيْهِمْ بِاَعْيَانِهِمْ لَاَوْمَأْتُ، وَ اَنْ اَدُلَّ عَلَيْهِمْ لَدَلَلْتُ، وَلٰكِنِّيْ وَاللّٰهِ فِيْ اُمُوْرِهِمْ قَدْ تَكَرَّمْتُ وَ كُلَّ ذٰلِكَ لَا يُرْضِي اللّٰهَ مِنِّيْ اِلَّا اَنْ اُبَلِّغَ مَا اُنْزِلَ اِلَيَّ، ثُمَّ تَلَا عَلَيْهِ السَّلَامُ (يَآ اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ (فِيْ عَلِيٍّ) وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ)

میں ان سب کے نام بتا سکتا ہوں، انھیں دکھا سکتا ہوں، ان کی نشان دہی کر سکتا ہوں، لیکن میں نے ان کے معاملہ میں عفو و کرم سے کام لیا ہے — میں جانتا ہوں کہ جب تک اللہ کے اس پیغام کو نہیں پہونچاؤں گا جو مجھ پر نازل ہوا ہے اس وقت تک مجھے اپنے معبودِ برحق سے خوشنودی کا پروانہ نہیں مل سکتا۔ اس کے بعد حضورؐ نے آیۂ مبارکہ يَآ اَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ............ پڑھ کر سنائی:

اے نبیؐ! تمھارے پالنے والے کی طرف سے (علیؑ کے متعلق) تمھیں جو حکم ملا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دو۔ اور اگر یہ نہیں کیا تو جانو! تم نے رسالت کا فریضہ ہی نہیں انجام دیا۔ نیز اللہ تمھیں لوگوں کی شر سے محفوظ رکھے گا۔ (مائدہ : ۶۷)

| | |
|---|---|
| فَاعْلَمُوْا مَعَاشِرَ النَّاسِ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ نَصَبَہٗ لَکُمْ وَلِیًّا وَ اِمَامًا مُفْتَرَضَۃً طَاعَتُہٗ عَلَی الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَعَلَی التَّابِعِیْنَ بِاِحْسَانٍ وَعَلَی الْبَادِیْ وَ الْحَاضِرِ وَعَلَی الْعَجَمِیِّ وَالْعَرَبِیِّ وَ الْحُرِّ وَ الْمَمْلُوْکِ وَ الصَّغِیْرِ وَ الْکَبِیْرِ وَعَلَی الْاَبْیَضِ وَالْاَسْوَدِ وَعَلٰی کُلِّ مُوَحِّدٍ، مَاضٍ حُکْمُہٗ، جَائِزٌ قَوْلُہٗ نَافِذٌ اَمْرُہٗ مَلْعُوْنٌ مَنْ خَالَفَہٗ مَرْحُوْمٌ مَنْ تَبِعَہٗ | بعدازاں ارشاد فرمایا : لوگو! تھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ ولایت وامامت کے منصب پر علیؑ کا تقرر خدا کی جانب سے ہُوا ہے، مہاجر ہوں ، انصار ہوں ، یا تابعین. نیز شہری ہوں کہ صحرانشین، عجم ہوں کہ عرب، آزاد ہوں یا غلام، چھوٹے ہوں یا بڑے، سفید ہوں کہ سیاہ غرضکہ! ہرایک پر اور ہر اُس شخص پر جو توحید پرست ہو ان کی اطاعت فرض ہے. علیؑ کا ہر فیصلہ قطعی ان کا ہر بیان درست اور ان کے ہر حکم کو قانونی طور پر موثر سمجھنا چاہیئے. جو ان کی مخالفت کریگا وہ مردود ہوگا، اور ان کی پیروی کرنے والے رحمتِ ایزدی کے مستحق قرار پائیں گے. |



Presented by www.ziaraat.com

وَمَنْ صَدَّقَهٗ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ وَلِمَنْ سَمِعَ مِنْهُ وَاَطَاعَ لَهٗ. مَعَاشِرَ النَّاسِ: اِنَّهٗ اٰخِرُ مُقَامٍ اَقُوْمُهٗ فِيْ هٰذَا الْمَشْهَدِ فَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَانْقَادُوْا لِاَمْرِ رَبِّكُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ هُوَ وَلِيُّكُمْ وَ اِلٰهُكُمْ ثُمَّ مِنْ دُوْنِهٖ رَسُوْلُهٗ مُحَمَّدٌ وَلِيُّكُمُ الْقَائِمُ الْمُخَاطِبُ لَكُمْ ثُمَّ مِنْ بَعْدِيْ عَلِيٌّ وَلِيُّكُمْ وَ اِمَامُكُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ رَبِّكُمْ.

نیز جو ان کی تصدیق کریں گے انھیں، اور جو ان کی باتوں پر کان دھریں گے، ان کی تابعداری کرینگے خداوندِ کریم انھیں بھی بخش دے گا.
لوگو! یہ آخری اجتماع ہے جس سے اس وقت میں خطاب کر رہا ہوں. لہٰذا تم میری گفتگو سُنو اور اپنے پروردگار کے مطیع و فرماں بردار بنو. خُداوندِ عزّوجل ہی تمھارا حاکم اور تمھارا معبُود ہے. اس کے بعد اس کا رسُول مُحَمَّدؐ جو یہاں تمھارے سامنے کھڑا تم سے مخاطب ہے تمھارا فرمانروا ہے، اور رسُولؐ کے بعد اللہ ربّ العالمین کے حکم سے علیؑ تمھارا ولی اور امام ہے!

ثُمَّ الْاِمَامَةُ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ
مِنْ وُلْدِهٖ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ
یَوْمَ تَلْقَوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔
لَا حَلَالَ اِلَّا مَا اَحَلَّهُ اللّٰهُ
وَلَا حَرَامَ اِلَّا مَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ
عَرَّفَنِی الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ
وَاَنَا اَقْضَیْتُ بِمَا عَلَّمَنِیْ
رَبِّیْ مِنْ کِتَابِهٖ وَحَلَالِهٖ
وَحَرَامِهٖ اِلَیْهِ۔ مَعَاشِرَ
النَّاسِ! مَا مِنْ عِلْمٍ اِلَّا
وَقَدْ اَحْصَاهُ اللّٰهُ فِیَّ وَ
کُلُّ عِلْمٍ عُلِّمْتُهٗ فَقَدْ
اَحْصَیْتُهٗ فِیْ عَلِیٍّ اِمَامِ
الْمُتَّقِیْنَ وَمَا مِنْ عِلْمٍ
اِلَّا وَقَدْ عَلَّمْتُهٗ عَلِیًّا وَ
هُوَ الْاِمَامُ الْمُبِیْنُ ۞

نیز اس کے بعد سلسلۂ امامت قیامت تک علیؑ کی اولاد سے میری ذرّیت میں برقرار رہے گا۔ ہاں روزِ قیامت تک، جس دن کہ تمھیں اللہ اور اس کے رسولؐ کا سامنا کرنا پڑیگا۔ یاد رکھو۔ حلال خدا کے سوا کوئی چیز حلال نہیں اور جس چیز کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے۔ بس وہی حرام ہے اور یہ حقیقت ہے کہ پروردگارِ عالم نے مجھے حلال و حرام کے جملہ قواعد و ضوابط سے آگاہ فرمادیا ہے، اور میں نے تمام فیصلے کتابِ خدا اور حلّت وحرمت کے خدائی قانون کی روشنی میں کئے ہیں۔ نیز مجھے جو علم و عرفان حاصل ہوا، میں نے اس کی تعلیم علیؑ ابن ابی طالب کو ضرور دی! لوگو! کوئی علم ایسا نہیں جو خداوندِ عالم نے مجھے نہ دیا ہو — پھر دانش و آگہی کا یہ سارا ذخیرہ جو اللہ نے مجھے عطا کیا تھا، اسے میں نے امام المتقین علیؑ ابنِ ابیطالب کے حوالے کر دیا — بے شک وہی امامِ مبین ہیں —



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ! لَا تَضِلُّوا عَنْهُ، وَلَا تَنْفِرُوا مِنْهُ، وَلَا تَسْتَنْكِفُوا مِنْ وِلَايَتِهِ فَهُوَ الَّذِي يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَيَعْمَلُ بِهِ وَ يُزْهِقُ الْبَاطِلَ وَيَنْهِي عَنْهُ، وَلَا تَأْخُذُهُ فِي اللهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، ثُمَّ إِنَّهُ أَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِاللهِ وَ رَسُولِهِ، وَالَّذِي فَدَى رَسُولَ اللهِ بِنَفْسِهِ وَ الَّذِي كَانَ مَعَ رَسُولِ اللهِ وَلَا أَحَدَ يَعْبُدُ اللهَ مَعَ رَسُولِهِ مِنَ الرِّجَالِ غَيْرُهُ،

ایہا النّاس! ان سے ہٹ کر تم گم کردہ راہ نہ بن جانا، نہ ان سے دُوری اختیار کرنا، اور نہ ان کی ولایت کے اقرار سے پہلو بچانا، کیونکہ علیؑ ہی وہ ہستی ہیں جو حق پر عمل کر کے سچائی کی راہ دکھائیں گے!۔ اور باطل کو ملیامیٹ کر کے لوگوں کو بے راہ روی سے بچائیں گے! حق کے بارے میں خواہ کوئی ملامت کرے یا بُرا بھلا کہے، اس سے ان کے فرض شناسی کے جذبے پر کوئی اثر نہیں پڑتا! علاوہ ازایں یہ وہ پہلے شخص ہیں جو اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے۔ انھوں نے پیغمبرؐ خدا پر اپنی جان نچھاور کر دی۔ علیؑ ہی کی ذات ایسی ہے، جس نے رسولؐ اللہ کے ساتھ اُس وقت خدا کی عبادت کی جب اُس دورِ تاریخ کے جتنے بھی مرد تھے اُن میں سے کوئی بھی نبیؐ کے ساتھ فریضۂ عبادت بجالانے کو تیار نہ تھا

| | |
|---|---|
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | لوگو! تم علیؑ کی فضیلت مانو۔ |
| فَضِّلُوْهُ فَقَدْ فَضَّلَهُ | کیونکہ انھیں خُدا نے فضیلت دی |
| اللّٰهُ، وَاَقْبِلُوْهُ فَقَدْ | ہے۔ اور انھیں قبول کرو۔ اِس لئے |
| نَصَبَهُ اللّٰهُ. | کہ پروردگارِ عالم ہی نے ان کا تقرّر |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | فرمایا ہے (ایّہا النّاس!) علیؑ اللہ |
| اِنَّهٗ اِمَامٌ مِنَ اللّٰهِ | کی جانب سے امام ہیں اور جو کوئی |
| وَلَنْ يَتُوْبَ اللّٰهُ | ان کی ولایت کا مُنکر ہوگا، تو |
| عَلٰى اَحَدٍ اَنْكَرَ | نہ تو اُس کی توبہ قبول ہوگی، اور |
| وَلَايَتَهٗ وَلَنْ يَغْفِرَ | نہ حق اس کی مغفرت کرے گا۔ ہاں! |
| لَهٗ، حَتْمًا عَلَى اللّٰهِ | یہ طے ہے کہ پروردگارِ عالم نے علیؑ |
| اَنْ يَفْعَلَ ذٰلِكَ | کے بارے میں جو حکم دیا ہے، اس |
| بِمَنْ خَالَفَ اَمْرَهٗ | کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے |
| فِيْهِ وَاَنْ يُعَذِّبَهٗ | سَاتھ داورِ محشر کا یہی سلوک |
| عَذَابًا نُكْرًا | ہوگا۔ وہ انھیں بد سے بدتر اور |
| اَبَدَ الْاٰبَادِ وَ | نہ ختم ہونے والے عذاب میں مبتلا |
| دَهْرَ الدُّهُوْرِ، | فرمائے گا! |



Presented by www.ziaraat.com

فَاحْذَرُوا اَنْ تُخَالِفُوْهُ فَتَصْلَوا نَارًا وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْكَافِرِيْنَ۝ اَيُّهَا النَّاسُ! بِيْ وَاللهِ بُشِّرَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاَنَا خَاتِمُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحُجَّةُ عَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرَضِيْنَ. فَمَنْ شَكَّ فِيْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَافِرٌ كُفْرَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى، وَمَنْ شَكَّ فِيْ شَيْءٍ مِنْ قَوْلِيْ هٰذَا فَقَدْ شَكَّ فِي الْكُلِّ فَلَهُ النَّارُ،

پس اِس معاملے میں ڈرتے رہو — دیکھو کہیں ان کی مخالفت مول لے کر آگ میں جلنے کا سامان نہ کر لو اور وہ بھی ایسی آگ، جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں، اور جو حق کا اِنکار کرنے والوں کے لئے دہکائی گئی ہو!" (سورۂ بقرہ: ۲۴)

ایّہا النّاس! انبیاءِ ماسبق کو میری ہی بشارت دی گئی تھی — میں تمام پیغمبروں اور جملہ فرستادگان خُدا کا خاتم، نیز زمین و آسمان کی ساری خلقت کے لئے اللہ جلّ کی حجّت ہوں — اِس حقیقت میں جو ذرا سا بھی شبہ کرے گا وہ پہلے والے عہدِ جاہلیت کے کافروں جیسا کافر ہوگا، اور اسی طرح جو میری کسی بات کے کسی جزو میں بھی ذرّہ بھر شک لائے گا اس کا شمار انھیں میں ہوگا جو میری تمام باتوں میں مشکوک ھیں، اور تمام باتوں میں ڈانواں ڈول رہنے والوں کی جگہ جہنّم ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | لوگو! خدا کی دین اور بڑا |
| حَبَانِیَ اللّٰهُ بِهٰذِهِ | احسان ہے کہ اس نے مجھے |
| الْفَضِیْلَةِ مَنًّا مِنْهُ | اس فضیلت سے سرفراز فرمایا، |
| عَلَیَّ وَ اِحْسَانًا مِنْهُ | اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، |
| اِلَیَّ ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | شامِ ابد تک بس وہی حمد |
| لَهُ الْحَمْدُ مِنِّیْ | کا سزاوار ہے، اور ہر حال میں |
| اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ وَ | ہمیشہ سپاس کا مستحق ہے، |
| دَهْرَ الدَّاهِرِیْنَ | ایہا النّاس! علیؑ کے فضل |
| عَلٰی کُلِّ حَالٍ. | وکمال کا اعتراف کرو، کیونکہ |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | میرے بعد دُنیا بھر میں سب سے |
| فَضِّلُوْا عَلِیًّا فَاِنَّهُ | زیادہ حُسن و خوبی کے مالک وہی |
| اَفْضَلُ النَّاسِ | ہیں، یاد رکھو پاک پروردگار ہمارے ہی |
| بَعْدِیْ مِنْ ذَکَرٍ | طفیل میں تم کو روزی دیتا ہے، |
| وَ اُنْثٰی بِنَا اَنْزَلَ | اور ہماری ہی برکت سے یہ |
| اللّٰهُ الرِّزْقَ وَ | دُنیا آباد ہے۔ |
| بَقِیَ الْخَلْقُ، | |



Presented by www.ziaraat.com

مَلْعُوْنٌ مَلْعُوْنٌ،
مَغْضُوْبٌ مَغْضُوْبٌ،
عَلٰى مَنْ رَدَّ قَوْلِىْ
هٰذَا وَلَمْ يُوَافِقْهُ.
اِنَّ جِبْرَئِيْلَ خَبَّرَنِىْ
عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى بِذٰلِكَ
وَ يَقُوْلُ :
مَنْ عَادٰى عَلِيًّا
وَلَمْ يَتَوَلَّهُ فَعَلَيْهِ
لَعْنَتِىْ وَ غَضَبِىْ،
"وَ لْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا
قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ" اَنْ تُخَالِفُوْهُ
فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ
ثُبُوْتِهَا: اِنَّ اللّٰهَ
خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۝

ملعون و مغضوب ہے! لعنت کا مارا ہے،
اور زیرِ عتاب ہے! وہ شخص جو میری
اس بات کی تائید کرنے کے بجائے
اس کی تردید کرے، کیونکہ جبرئیل
نے خُدا کی جانب سے مجھے یہ خبر دی
ہے، اس کا ارشاد ہے کہ "جو شخص
علیؑ سے بیر باندھے گا اور ان کے
اقتدار و اختیار کو تسلیم نہیں کرے گا
وہ میری نفرین اور میرے غضب کا
سزاوار ہوگا ___ لہٰذا ہر آدمی کا فرض
ہے کہ وہ اپنے توشۂ آخرت پر نظر
رکھے"۔ لوگو! تم اللہ سے ڈرو کہ کہیں اس
کے حکم کی خلاف ورزی نہ ہو جائے اور
جمنے کے بعد کہیں پیر ڈگمگانے نہ لگیں
"یقیناً خداوندِ عالم تمھارے ہر عمل سے
باخبر ہے"۔ (سورۂ حشر ۔ ۱۸)



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اِنَّهٗ جَنْبُ اللّٰهِ الَّذِیْ
نَزَّلَ فِیْ کِتَابِهٖ،
یَا حَسْرَتٰی عَلٰی مَا
فَرَّطْتُ فِیْ جَنْبِ اللّٰهِ"
مَعَاشِرَ النَّاسِ!
تَدَبَّرُوا الْقُرْاٰنَ،
وَافْهَمُوْا اٰیَاتِهٖ
وَانْظُرُوْا اِلٰی مُحْکَمَاتِهٖ
وَلَا تَتَّبِعُوْا مُتَشَابِهَهٗ
فَوَاللّٰهِ لَنْ یُبَیِّنَ
لَکُمْ زَوَاجِرَهٗ وَلَا
یُوْضِحُ لَکُمْ تَفْسِیْرَهٗ
اِلَّا الَّذِیْ اَنَا اٰخِذٌ
بِیَدِهٖ وَمُصْعِدُهٗ اِلَیَّ
وَشَائِلٌ بِعَضُدِهٖ، وَمُعَلِّمُکُمْ

لوگو! علیؑ "جنب اللہ" (وسیلۂ تقرب الٰہی)
ہیں جس کی مخالفت کرنیوالے کے بارے
میں قرآن کہتا ہے کہ یہ لوگ قیامت
کے دن کہیں گے کہ "واحسرتا و دردا!
ہماری اس کوتاہی پر جو ہم نے جنب اللہ
کے بارے میں روا رکھی"۔ (سورۂ زمر ۵۶)
لوگو! قرآن میں غور و فکر سے کام
لو۔ اس کی آیتوں کو سمجھو، محکمات پر
نظر رکھو، متشابہات کی پیروی نہ
کرو۔ قسم بخدا! اس دنیا میں اور کوئی
ایسا نہیں جو اُن آیتوں کی توضیح و
تشریح کر سکے جو برائیوں کی روک
تھام اور اچھائیوں کی اشاعت کے سلسلے
میں نازل ہوئی ہیں سوائے اس ایک شخص کے
جس کے بازو تھام کر میں بلند کر رہا ہوں اور
جس کے بارے میں تم سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ:



Presented by www.ziaraat.com

اَنَّ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهٰذَا عَلِيٌّ مَوْلَاهُ وَ هُوَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَخِيْ وَ وَصِيِّيْ، وَ مُوَالَاتُهٗ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ اَنْزَلَهَا عَلَيَّ[4].

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّ عَلِيًّا وَ الطَّيِّبِيْنَ مِنْ وُلْدِيْ هُمُ الثَّقَلُ الْاَصْغَرُ وَالْقُرْاٰنُ هُوَ الثَّقَلُ الْاَكْبَرُ فَكُلٌّ وَاحِدٍ مُنْبِئٌ عَنْ صَاحِبِهٖ وَمُوَافِقٌ لَهٗ لَنْ يَفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ.

"جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ علیؑ بھی مولا ہیں" اور یہ علیؑ[3] ابن ابی طالب، میرے بھائی اور میرے جانشین ہیں، نیز جن کی پیروی کرنے کا فرمان پہنچانے کے لئے اللہ نے مجھے مامور کیا ہے،

لوگو! علیؑ اور میری پاک ذرّیت ہی ثقلِ اصغر ہیں اور قرآن ثقلِ اکبر ہے، یہ ایک دوسرے کی خبر دینے والے بھی ہیں۔ نیز ایک دوسرے سے موافقتِ کلّی بھی رکھتے ہیں، اس کے علاوہ یہ ایک دوسرے سے اس وقت تک الگ نہیں ہوں گے جب تک کہ میرے پاس حوضِ کوثر پر نہ پہنچ جائیں۔



Presented by www.ziaraat.com

اُمَنَاءُ اللّٰهِ فِيْ خَلْقِهٖ
وَحُكَّامُهٗ فِيْ اَرْضِهٖ
اَلَا وَقَدْ اَدَّيْتُ اَلَا وَقَدْ
بَلَّغْتُ اَلَا وَقَدْ اَسْمَعْتُ
اَلَا وَقَدْ اَوْضَحْتُ اَلَا
وَاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ
قَالَ وَاَنَا قُلْتُ عَنِ
اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَلَا اِنَّهٗ
لَيْسَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ
غَيْرَ اَخِيْ هٰذَا وَلَا
تَحِلُّ اِمْرَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ
بَعْدِيْ لِاَحَدٍ غَيْرِهٖ" ثُمَّ
ضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى عَضُدِهٖ
فَرَفَعَهٗ وَكَانَ مُنْذُ
اَوَّلِ مَا صَعِدَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
اٰلِهٖ شَالَ عَلِيًّا حَتّٰى
صَارَتْ رِجْلَاهُ مَعَ
رُكْبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

یہ خلقِ خدا میں خدا کے امین اور
اس کی طرف سے زمین پر مقرر
کیے ہوئے حاکم ہیں۔ اے لو!
میرا فرض پورا ہوا۔ خلّاقِ عالم
کا پیغام پہنچا دیا ـــــ جو سنانا
تھا وہ سنا چکا، ہر بات اُجاگر
کر دی! ـــــ نیز یہ پاک پروردگار
کا حکم تھا، اُس نے کہا۔ میں نے
بیان کر دیا! ـــــ ہاں! یاد رکھو!
میرے اِس بھائی کے علاوہ
اور کوئی امیرُ المؤمنین نہیں
ہے، اور میرے بعد اس کے
سوا کسی کے لئے بھی مؤمنین
کی امارت و سیادت آئینی
حیثیت نہیں رکھتی۔ اس کے
بعد آنحضرتؐ نے اپنے دستِ
اقدس سے علیؑ ابنِ ابی
طالب علیہ السلام کا بازو پکڑ کر
اتنا بلند کیا کہ ـــــ آپؑ
کے پیر حضورؐ کے گھٹنوں تک
پہنچ گئے ـــــ!



Presented by www.ziaraat.com

ثُمَّ قَالَ: مَعَاشِرَ النَّاسِ! هٰذَا عَلِيٌّ اَخِي وَ وَصِيِّي وَدَاعِي عِلْمِي وَخَلِيْفَتِي عَلٰى اُمَّتِي وَعَلٰى تَفْسِيْرِ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَالدَّاعِي اِلَيْهِ وَالْعَامِلُ بِمَا يَرْضَاهُ وَالْمُحَارِبُ لِاَعْدَآئِهِ وَالْمُوَالِي عَلٰى طَاعَتِهِ وَالنَّاهِي عَنْ مَعْصِيَتِهِ خَلِيْفَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْاِمَامُ الْهَادِي وَ قَاتِلُ النَّاكِثِيْنَ وَالْقَاسِطِيْنَ وَالْمَارِقِيْنَ، بِاَمْرِ اللّٰهِ اَقُوْلُ، مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ بِاَمْرِ رَبِّي۔

اس کے بعد سرکارِ رسالتؐ نے ارشاد فرمایا: ایہاالنّاس! یہ علیؑ میرے بھائی ہیں۔ یہی میرے جانشین، میرے علم کے محافظ، میرے بعد میری اُمّت کے سربراہ اور کتابِ خُدا کی تفسیر کے لئے میرے نائب ہیں۔ یہی قرآن کی طرف لوگوں کو لائیں گے۔ اور مرضاتِ الٰہی پر عمل پیرا ہوں گے یہ دشمنانِ خُدا سے نبرد آزما رہیں گے اور خدا کی اطاعت کرنیوالوں سے اخلاص برتیں گے۔ ہاں! علیؑ ہی خُدا کی نافرمانی کرنے سے لوگوں کو منع کریں گے۔ یہ رسولؐ کے قائم مقام، ایمان والوں کے سردار اور رشد و ہدایت کرنے والے پیشوا ہیں۔ اسکے علاوہ یہی وہ رہبر ہیں جو فرمانِ الٰہی کے مطابق عہدشکنوں، گمراہوں اور باغیوں کو کیفرِ کردار تک پہنچائیں گے۔ لوگو! یہ میں سب کچھ خُدا کے کہنے سے کہہ رہا ہوں اور اسکے حکم سے میرے ہاں بات نہیں بدلتی!



Presented by www.ziaraat.com

اَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ
وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ،
وَالْعَنْ مَنْ اَنْكَرَهُ
وَاغْضِبْ عَلٰى مَنْ جَحَدَ
حَقَّهُ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَنْزَلْتَ
عَلَيَّ اَنَّ الْاِمَامَةَ
لِعَلِيٍّ وَلِيِّكَ عِنْدَ
تِبْيَانِيْ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ
وَنَصْبِيْ اِيَّاهُ بِمَا اَكْمَلْتَ
لِعِبَادِكَ مِنْ دِيْنِهِمْ،
وَاَتْمَمْتَ عَلَيْهِمْ
نِعْمَتَكَ وَرَضِيْتَ لَهُمُ
الْاِسْلَامَ دِيْنًا، فَقُلْتَ:
"وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ
الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ
يُّقْبَلَ مِنْهُ ج وَهُوَ
فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ
الْخَاسِرِيْنَ۝"

پروردگارا! میری التجا ہے کہ تو علیؑ
کے دوستوں کو دوست رکھ، اور جو
اس سے دشمنی کریں ان سے تو بھی دشمنی
فرما۔ اس کے منکروں پر تیری نفرین ہو
اور جو اس کے حق پر دست اندازی کریں
انھیں تو اپنے غضب کا نشانہ قرار دے،
پالنے والے! تو نے مجھے بتایا تھا کہ امامت
تیرے ولی علیؑ کا حصہ ہے۔ تیرا منشا یہ
تھا کہ اس حقیقت کو میں لوگوں کے
سامنے بیان کرکے اس کے تقرر کا اعلان
کردوں، اس لئے کہ تو نے اپنے بندوں
کے واسطے ان کے دین کو پورا کر دیا ہے
اور اپنی نعمت کی بھی تکمیل فرمادی ہے
ساتھ ہی ساتھ اسلام کو ان کے
لئے اپنا پسندیدہ دین قرار دیدیا
ہے۔ چنانچہ تیرا ارشاد ہے کہ:
"اگر کوئی اسلام کے علاوہ کسی اور
دین کو پسند کریگا تو وہ ہرگز قابلِ قبول
نہیں ہوگا، اور یقیناً قیامت کے دن
اس کا شمار گھاٹا اٹھانے والوں
میں ہوگا" (سورۂ آل عمران۔ آیت: ۸۵)



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُشْھِدُکَ اِنِّیْ قَدْ بَلَّغْتُ ۔ | پروردگارا! تو گواہ رہنا کہ میں نے فرضِ رسالت انجام دیدیا، اور |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّمَا اَکْمَلَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ دِیْنَکُمْ بِاِمَامَتِہٖ، فَمَنْ لَمْ یَاْتَمَّ بِہٖ وَبِمَنْ یَقُوْمُ مَقَامَہٗ مِنْ وُلْدِیْ مِنْ صُلْبِہٖ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ وَالْعَرْضِ عَلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فَاُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُھُمْ وَفِی النَّارِ ھُمْ خَالِدُوْنَ لَا یُخَفِّفُ اللّٰہُ عَنْھُمُ الْعَذَابَ وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ○ | لوگو! اِس بات کو نہ بھولنا کہ خدائے عزّوجل نے تمھارے دین کو علیؑ کی امامت سے کمال بخشا ہے۔ لہٰذا جو شخص علیؑ کی یا میرے فرزندوں میں سے جو علیؑ کی ذرّیت اور قیامت تک حق کے رہنما ہوں گے، پیروی نہیں کرے گا یا ان کو ان کی جگہ سے ہٹائے گا، تو وہ ان لوگوں میں شمار ہوگا جن کے سارے کے سارے اعمال سلب کرلئے جائیں گے، وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے ـــــ خدا ان کے عذاب میں ذرا بھی تخفیف نہیں کرے گا، اور نہ انھیں مہلت دی جائے گی ❁ |



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ! هٰذَا
عَلِيٌّ أَنْصَرُكُمْ لِيْ وَ
أَحَقُّكُمْ بِيْ وَ أَقْرَبُكُمْ
إِلَيَّ وَ أَعَزُّكُمْ عَلَيَّ
وَاللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَ أَنَا
عَنْهُ رَاضِيَانِ وَ مَا
نَزَلَتْ آيَةُ رِضًى
إِلَّا فِيْهِ، وَمَا خَاطَبَ
اللهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا
إِلَّا بَدَأَ بِهٖ، وَلَا
نَزَلَتْ آيَةُ مَدْحٍ
فِي الْقُرْآنِ إِلَّا فِيْهِ،
وَلَا شَهِدَ اللهُ
بِالْجَنَّةِ فِيْ "هَلْ
أَتٰى عَلَى الْإِنْسَانِ"
إِلَّا لَهٗ وَلَا أَنْزَلَهَا
فِيْ سِوَاهُ وَلَا مَدَحَ
بِهَا غَيْرَهٗ.

لوگو! علیؑ تم سب سے زیادہ میری
مدد کرنے والا، تم سب سے بڑھ کر
حقدار اور تم سب کے مقابلے میں مجھ
سے زیادہ قریب اور عزیز ترین شخصیت
ہے. علیؑ سے میں خوش، میرا خدا
خوش، قرآن میں کوئی ایسی آیت
نہیں جس میں رضائے الٰہی کا
تذکرہ ہوا اور اس کے مخاطب علیؑ
نہ ہوں ـــ نیز خداوندِ عالم نے
اپنے کلامِ بلاغت نظام میں جہاں
کہیں بھی "اے ایمان والو" کہہ کر
خطاب کیا ہے، وہاں اوّلین مقصود
علیؑ کی ذاتِ گرامی ہے۔ اسی طرح
تعریف و توصیف کی ہر آیت کا عنوان
ان ہی کا کردار ہے۔ "سورہ ھل اتیٰ"
میں بہشت کے مستحق ہونے کی
گواہی ان ہی سے مخصوص ہے،
یہ سورہ پورے کا پورا ان ہی کے
شان میں اترا ـــــ اور
ان کے علاوہ اس میں
کسی کی مدح سرائی نہیں کی گئی
ہے۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! هُوَ نَاصِرُ دِيْنِ اللهِ وَالْمُجَادِلُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ وَهُوَ التَّقِيُّ النَّقِيُّ الْهَادِيُ الْمَهْدِيُّ، نَبِيُّكُمْ خَيْرُ نَبِيٍّ وَ وَصِيُّكُمْ خَيْرُ وَصِيٍّ وَبَنُوْهُ خَيْرُ الْاَوْصِيَاءِ۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! ذُرِّيَّةُ كُلِّ نَبِيٍّ مِنْ صُلْبِهِ وَ ذُرِّيَّتِيْ مِنْ صُلْبِ عَلِيٍّ۔

لوگو! علیؑ دینِ خدا کے حامی و ناصر، رسولِ خداؐ کے معین و مددگار، انتہائی متقی، ہمہ تن طہارت اور سراپا رشد و ہدایت ہیں۔ دیکھو! تمھارا نبیؐ بہترین نبیؐ ہے، اور اس کا وصیؑ سب سے اچھا وصیؑ ہے۔ نیز اس کے فرزندؑ تمام انبیاءؑ کے جانشینوں میں بہترین جانشین ہیں — لوگو! ہر پیغمبرؐ کی ذرّیت اس کے صلب سے بڑھی پھیلی، لیکن میری نسل علیؑ کے ذریعے قائم و دائم اور پھلتی پھولتی رہے گی ❁



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّ اِبْلِيْسَ اَخْرَجَ اٰدَمَ مِنَ الْجَنَّةِ بِالْحَسَدِ فَلَا تَحْسُدُوْهُ فَتَحْبِطَ اَعْمَالُكُمْ وَ تَزِلَّ اَقْدَامُكُمْ فَاِنَّ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اُهْبِطَ اِلَى الْاَرْضِ بِخَطِيْئَةٍ وَاحِدَةٍ وَ هُوَ صَفْوَةُ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ، وَكَيْفَ بِكُمْ وَ اَنْتُمْ ــــ! اَنْتُمْ وَ مِنْكُمْ اَعْدَاءُ اللّٰهِ اَلَا اِنَّهُ لَا يَبْغِضُ عَلِيًّا اِلَّا شَقِيٌّ وَلَا يَتَوَالٰى عَلِيًّا اِلَّا تَقِيٌّ وَلَا يُؤْمِنُ بِهٖ اِلَّا مُؤْمِنٌ مُخْلِصٌ۔

لوگو! ابلیس کا حسد، آدم کے جنت سے نکلنے کا سبب بنا۔ تم علیؑ پر رشک نہ کرنا، ورنہ تمھارا سارا کیا دھرا برباد ہو جائیگا! اور تمھارے قدم لڑکھڑا جائیں گے۔ آدم کا زمین پر آنا صرف ایک ترک اولیٰ کا نتیجہ تھا۔ حالانکہ وہ خدا کے برگزیدہ بندے تھے ــ اب بتاؤ اگر تم نے خدا کے احکام کی صریحی خلاف ورزی کی تو پھر تمھارا کیا حشر ہوگا؟ حالانکہ تم تم ہی ہو!" عیاں راچہ بیاں"، تمھیں میں سے آخر وہ لوگ بھی ہیں جو خدا کے دشمن ہیں! ہاں! وہ بد نصیب ہی ہوگا جو علیؑ سے بیر باندھے گا ــ علیؑ کے دوستوں کی نشانی تو یہ ہے کہ: وہ پرہیزگار ہوں گے، مومن ہوں گے، مخلص ہوں گے ــ،



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| وَفِیْ عَلِیٍّ وَاللّٰہِ نَزَلَتْ | خُدا کی قسم کھا کر کہتا ہُوں کہ |
| سُوْرَۃُ الْعَصْرِ...... | سُورہ وَالعصر : |
| اِلٰی اٰخِرِھَا۔ | بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | وَالعَصْرِ اِنَّ الْاِنسانَ لَفِیْ |
| قَدِ اسْتَشْھَدْتُ اللّٰہَ | خُسْرٍ.... تا آخر.... علیؑ ہی کیلئے نازل ہُوا۔ |
| وَبَلَّغْتُکُمْ رِسَالَتِیْ | لوگو! ربّ العزّت گواہ ہے! میں |
| "وَمَا عَلَی الرَّسُوْلِ | نے فرضِ رسالتؐ ادا کردیا اور |
| اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْنُ ۝ | رسُولؐ کا بس یہی کام ہے کہ وہ پیغام |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | پہونچا دے۔ (مائدہ : ۹۹) |
| "اِتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ" | لوگو! خُدا سے جس طرح ڈرنا چاہیئے، |
| "وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ | اس طرح ڈرو۔ |
| اَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ ۝ | اور مرتے دم تک اِسلام سے وابستہ |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | رہو۔ (آلِ عمران : ۱۳۲) |
| اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ | لوگو! اللہ، اس کے رسُول اور اُس |
| وَالنُّوْرِ الَّذِیْ اُنْزِلَ | نُور پر جو اس کے ساتھ آیا ہے |
| مَعَہٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ | ایمان لے آؤ۔ مگر اس سے پہلے کہ |
| نَّطْمِسَ وُجُوْھًا فَنَرُدَّھَا | خُدا کچھ چہرے بگاڑ کر پیچھے کی |
| عَلٰی اَدْبَارِھَا؛ | طرف پھیر دے۔ (نساء : ۴۷) |

مَعَاشِرَ النَّاسِ ! اَلنُّوْرُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيَّ مَسْلُوْكٌ ثُمَّ فِيْ عَلِيٍّ ثُمَّ فِي النَّسْلِ مِنْهُ اِلَى الْقَائِمِ الْمَهْدِيِّ الَّذِيْ يَاْخُذُ بِحَقِّ اللّٰهِ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَنَا ، لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ جَعَلَنَا حُجَّةً عَلَى الْمُقَصِّرِيْنَ وَ الْمُعَانِدِيْنَ وَالْمُخَالِفِيْنَ وَالْخَائِنِيْنَ وَالْآثِمِيْنَ وَ الظَّالِمِيْنَ مِنْ جَمِيْعِ الْعَالَمِيْنَ۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ ! اِنِّيْ اُنْذِرُكُمْ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِيَ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مِتُّ اَوْ قُتِلْتُ اِنْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِيْنَ۔

لوگو! معبودِ مطلق نے اپنے خاص نور کو پہلے مجھ میں سمویا پھر علیؑ اس کا مرکز بنے اور ان کے بعد قائم آلِ محمدؐ تک انکی ذرّیتِ طاہرہ اس کی جلوہ گاہ قرار پائی۔ قائم آلِ محمدؐ (مہدی منتظر) وہ ہیں جو خدا کا حق لیں گے اور ہمارے بھی ہر حق کو حاصل کرینگے کیونکہ پاک پروردگار نے ہمیں، کوتاہی کرنیوالوں، دشمنی برتنے والوں، مخالفت پر اُتر آنے والوں اور ان کے علاوہ خیانت کاروں، گناہ گاروں نیز دُنیا بھر کے جفا شعاروں پر حجّت قرار دیا ہے۔

لوگو! میں تمھیں آگاہ کرتا ہوں کہ میں اللہ کا رسولؐ ہوں اور مجھ سے پہلے بہت سے رسولؐ گذر چکے ہیں۔ لہٰذا اگر میں دُنیا سے چل بسوں یا قتل کر ڈالا جاؤں تو تم اُلٹے پیروں پلٹ جاؤ گے اور جو اِس طرح اُلٹے پاؤں پھرے گا (یعنی دین کا دامن چھوڑ دے گا) وہ خُدا کا کچھ نہیں بگاڑے گا! ــــ اور پروردگارِ عالم عنقریب شکر گزاروں کو جزائے خیر دے گا۔



Presented by www.ziaraat.com

اَلَا ــــــ ! وَاِنَّ عَلِیًّا هُوَ الْمَوْصُوْفُ بِالصَّبْرِ وَالشُّکْرِ ثُمَّ مِنْ بَعْدِہٖ وُلْدِیْ مِنْ صُلْبِہٖ۔

اور دیکھو! صبر و شکر کو جن کی صفت قرار دیا گیا ہے وہ علیؑ ابن ابی طالب ہی تو ہیں اور پھر اُن کے سلسلے سے میری ذرّیت اس صفت سے موصوف ہے۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! لَا تَمُنُّوْا عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی اِسْلَامَکُمْ فَیَسْخَطَ عَلَیْکُمْ وَیُصِیْبُکُمْ بِعَذَابٍ مِنْ عِنْدِہٖ اِنَّہٗ لَبِالْمِرْصَادِ۔

لوگو! تم خدا پر اپنے اسلام لانے کا احسان نہ جتاؤ ورنہ غضبِ الٰہی کا ہدف بن جاؤ گے اور وہ تمھیں سخت ترین عذاب میں مبتلا کر دے گا، یقیناً وہ تمھاری تاک میں ہے۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! سَیَکُوْنُ مِنْ بَعْدِیْ اَئِمَّۃٌ یَدْعُوْنَ اِلَی النَّارِ وَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَا یُنْصَرُوْنَ ۝

لوگو! میرے بعد ایسے بھی پیشوا ہوں گے "جو دوزخ کا راستہ دِکھائیں گے اور قیامت کے دِن بے یار و مددگار ہوں گے" ﴿

(سورۂ قصص : ۴۱)



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّ اللّٰہَ وَاَنَا بَرِیْئَانِ مِنْھُمْ

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّھُمْ وَ اَشْیَاعَھُمْ وَ اَتْبَاعَھُمْ وَ اَنْصَارَھُمْ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ، وَ لَبِئْسَ مَثْوَی الْمُتَکَبِّرِیْنَ

اَلَا! اِنَّھُمْ اَصْحَابُ الصَّحِیْفَۃِ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ فِیْ صَحِیْفَتِہٖ

قَالَ: فَذَھَبَ عَلَی النَّاسِ اِلَّا شِرْذِمَۃٌ مِنْھُمْ اَمْرَ الصَّحِیْفَۃِ۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنِّیْ اَدَعُھَا اَمَانَۃً وَ وِرَاثَۃً فِیْ عَقِبِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

لوگو! میں ان سے بیزاری کا اعلان کرتا ہوں اور میرا خُدا بھی ان سے نفرت کرتا ہے!

لوگو! اس قسم کے پیشوا ان کے ساتھی اور ان کے تمام پیروکار جہنّم کے سب سے نچلے درجے میں جگہ پائیں گے اور یہی ان مغرور اور سرکش لوگوں کا ٹھکانا ہے، اور بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ ہاں! ہاں! یہ وہی اربابِ صحیفہ ہیں (وہ لوگ جو "صحیفۂ سازش" میں شریک تھے) جن کا مقصد یہ تھا کہ علیؑ کے مراسم جانشینی کو درہم وبرہم کردیا جائے (اس سلسلہ میں کچھ لوگوں نے باہمی عہدوپیمان کیا تھا اور اس معاہدہ کو باقاعدہ ضبطِ تحریر میں لایا گیا تھا) اور جو صحیفے کی کارروائی میں شریک تھے وہ خود اس نوشتے کو دیکھ لیں (بہرحال اس وقت گنتی کے چند آدمی ہی نکلے جو صحیفہ کی اصطلاح کو سمجھ سکے)۔

لوگو! میں قیامت تک کے لئے امامت کے منصب کو اپنی آل میں امانت اور وراثت قرار دے رہا ہوں ❁



Presented by www.ziaraat.com

وَقَدْ بَلَّغْتُ مَا اُمِرْتُ بِتَبْلِيْغِهٖ حُجَّةً عَلٰى كُلِّ حَاضِرٍ وَغَائِبٍ وَعَلٰى كُلِّ اَحَدٍ مِمَّنْ شَهِدَ اَوْلَمْ يَشْهَدْ وُلِدَ اَوْ لَمْ يُوْلَدْ فَلْيُبَلِّغِ الْحَاضِرُ الْغَائِبَ وَالْوَالِدُ الْوَلَدَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَ سَتَجْعَلُوْنَهَا مُلْكًا اِغْتِصَابًا اَلَا لَعَنَ اللّٰهُ الْغَاصِبِيْنَ وَ الْمُغْتَصِبِيْنَ وَعِنْدَهَا "سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَا الثَّقَلَانِ ○ فَيُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○"

اور یقیناً جس امر کی تبلیغ کے لیۓ مجھے مامور کیا گیا تھا، اسے میں نے سب تک پہنچا دیا تاکہ: قیامِ قیامت تک تمام افرادِ اُمّت کے لیۓ خواہ وہ حاضر ہوں یا غیر حاضر۔ موجود ہوں، یا غیر موجود۔ پیدا ہو چکے ہوں، یا پیدا نہ ہوۓ ہوں۔ یہ ایک حجت بن جاۓ۔ حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ خلافت کے مقدّس منصب کو چھین جھپٹ کر ملوکیّت میں تبدیل کر دیا جاۓ گا۔ اِس قسم کا اقدام کرنے والوں اور ان کے ہمنواؤں پر خدا نے نفرین کی ہے، اور وہ قرآن مجید میں کہتا ہے کہ: "ہم عنقریب تم دونوں گروہوں، (جنّ وانس) کی جانب متوجّہ ہوں گے اور تم دونوں کو آگ کے لپکتے ہوۓ شعلوں اور دُھوئیں کے بادلوں کی زد میں لے لیں گے، پھر تم ایسے بے بس ہو گے کہ یہ عذاب تمھارے روکے سے نہیں رُک سکے گا۔

(سورۂ رحمٰن: ۳۱ و ۳۵)



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ
يَكُنْ يَذَرُكُمْ عَلٰى
مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ
حَتّٰى يُمَيِّزُ الْخَبِيْثَ
مِنَ الطَّيِّبِ" وَ مَا
كَانَ اللّٰهُ لِيُطَّلِعَكُمْ
عَلَى الْغَيْبِ۔
مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اِنَّهُ مَا مِنْ قَرْيَةٍ
اِلَّا وَ اللّٰهُ مُهْلِكُهَا
بِتَكْذِيْبِهَا وَ كَذٰلِكَ
يُهْلِكُ الْقُرٰى وَهِيَ
ظَالِمَةٌ كَمَا ذَكَرَ اللّٰهُ
تَعَالٰى وَهٰذَا اِمَامُكُمْ
وَ وَلِيُّكُمْ وَ هُوَ
مَوَاعِيْدُ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ
يُصَدِّقُ مَا وَعَدَهُ۔

لوگو! خدائے بزرگ و برتر تمھیں یوں چھوڑنے والا نہیں" جب تک کہ وہ کھرے کو کھوٹے سے" اور اچھے کو بُرے سے الگ نہ کرلے" (آلِ عمران: ۱۷۹) اور اس نے تمھیں غیب کا علم نہیں دیا ہے۔ لوگو! کوئی ایسی بستی نہیں جس کے باشندوں کو آخرکار پروردگارِ عالم نے اپنے انبیاء کو جھٹلانے کے باعث ہلاک نہ کر دیا ہو، اور اس نے اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا ہے کہ: اسی عنوان سے وہ ان آبادیوں کو بھی تباہ و برباد کر ڈالتا ہے جن کے رہنے والے ستمگار ہوں ۔ پھر سنو! یہ علیؑ تمھارے امام ہیں، تمھارے آقا ہیں، اور ان کی ذات وعدۂ خداوندی ہے اور اللہ اپنے وعدوں کو ضرور سچا ثابت کرتا ہے ❁



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | لوگو! تم سے پہلے جو لوگ گزرے |
| قَدْ ضَلَّ قَبْلَكُمْ اَكْثَرُ | ہیں ان میں سے اکثر گمراہ |
| الْاَوَّلِيْنَ وَاللّٰهُ لَقَدْ | ہوئے! اور اس پیدا کرنے |
| اَهْلَكَ الْاَوَّلِيْنَ، وَهُوَ | والے نے انھیں مٹا دیا!۔ بالکل |
| مُهْلِكُ الْاٰخِرِيْنَ. | اسی طرح وہ بعد والوں کو بھی |
| مَعَاشِرَ النَّاسِ! | نیست ونابود کردے گا۔۔۔ لوگو! |
| اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَمَرَنِيْ | حق تعالیٰ نے مجھے امر ونہی کی تعلیم |
| وَنَهَانِيْ وَقَدْ اَمَرْتُ | دی اور میں نے یہ سب کچھ علیؑ کو |
| عَلِيًّا وَنَهَيْتُهُ، فَعَلِمَ | بتا دیا۔ لہٰذا اب یوں سمجھو کہ علیؑ کا |
| الْاَمْرَ وَالنَّهْيَ مِنْ | ذخیرۂ دانش خدا ہی کا دیا ہوا ہے |
| رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، | اور جب حقیقت یہ ہو تو اب تمھارا |
| فَاسْمَعُوْا لِاَمْرِهِ تَسْلَمُوْا، | فرض ہو جاتا ہے کہ تم ان کا حکم مانو تاکہ |
| وَاَطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا، | محفوظ رہو۔ ان کی اطاعت کرو تاکہ |
| وَانْتَهُوْا لِنَهْيِهِ تَرْشُدُوْا، | ہدایت پاؤ۔ وہ جس کام کو منع کریں وہ |
| وَصِيْرُوْا اِلٰى مُرَادِهِ، | نہ کرو تاکہ سیدھے راستے سے |
| وَلَا يَتَفَرَّقْ بِكُمُ | لگ سکو۔ بس ان ہی کے منشاء کے |
| السُّبُلُ عَنْ | مطابق چلو اور ان کے مسلک سے |
| سَبِيْلِهِ. | ہٹ کر پراگندہ راہ نہ بنو۔ |



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ !
اَنَا صِرَاطُ اللهِ الْمُسْتَقِيْمُ
الَّذِیْ اَمَرَكُمْ بِاتِّبَاعِهٖ
ثُمَّ عَلِیٌّ مِنْ بَعْدِیْ
ثُمَّ وُلْدِیْ مِنْ صُلْبِهٖ،
اَئِمَّةً يَهْدُوْنَ بِالْحَقِّ
وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ . ثُمَّ
قَرَأَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ
اٰلِهٖ وَسَلَّمَ :
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
.....اِلٰى اٰخِرِهَا وَقَالَ : فِیَّ
نَزَلَتْ وَلَهُمْ عَمَّتْ وَاِيَّاهُمْ
خَصَّتْ اُولٰٓئِكَ اَوْلِيَاءُ اللهِ
لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ اَلَا اِنَّ حِزْبَ
اللهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ اَلَا
اِنَّ اَعْدَاءَ عَلِیٍّ هُمْ اَهْلُ
الشِّقَاقِ الْعَادُوْنَ ۔

لوگو! میں وہ صراطِ مستقیمؐ ہوں جس
کی طرف گامزن ہونے کے لئے تمھیں
خُدا نے حکم دیا ہے اور میرے بعد علیؑ
ہیں پھر وہ امام ہیں جو علیؑ کے
فرزند اور میری آلؑ ہیں۔ یہ سب
حق کے رہ نما اور عدلِ قرآنی کے
پاسبان ہیں۔ تقریر کی اِس منزل پر
سرکارِ ختمی مرتبتؐ نے سورۂ حمد کی
تلاوت کی اور ارشاد فرمایا کہ یہ سورۃ
میرے واسطے اور علیؑ اور اولادِ علیؑ
کے لئے نازل ہوئی اور انھیں سے مختص
ہے۔ وہ خدا کے دوست ہیںؑ جنھیں
نہ کوئی خوف لاحق ہوگا اور نہ کبیدہ
خاطر ہونگے۔" (سورۂ یونس ۶۲) نیز اِس
میں بھی کوئی شک نہیں کہ خدا کے گروہ
کو ہمیشہ غلبہ حاصل رہتا ہے، اور
سُنو! علیؑ کے دشمن انتشار پسند
ہیں۔ حدوں سے گزر جاتے ہیں!



Presented by www.ziaraat.com

وَ اِخْوَانُ " الشَّيَاطِيْنَ
الَّذِيْنَ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ
اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ
الْقَوْلِ غُرُوْرًا" اَلَا! اِنَّ
اَوْلِيَائَهُمْ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ
الَّذِيْنَ ذَكَرَ اللّٰهُ فِيْ
كِتَابِهٖ فَقَالَ عَزَّ
وَجَلَّ :

" لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ -" اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ
اَلَا! اِنَّ اَوْلِيَآءَهُمُ الَّذِيْنَ
وَصَفَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
فَقَالَ : اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ
يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ
اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ
وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ ○

شیطانوں سے ان کا رشتہ ملتا ہے جو کہ ایک دوسرے کو فریب دینے کیلئے چپکے چپکے بڑی چکنی چپڑی باتیں کرتے ہیں " (سورۂ انعام : ۱۱۲) لیکن ان کے دوست وہ صاحبانِ ایمان ہیں جنھیں کلامِ پاک نے یوں یاد کیا ہے کہ " جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں تم انھیں دشمنانِ خدا و رسولؐ کے ساتھ دوستی کرتے ہوئے نہیں پاؤ گے، اگرچہ وہ ان کے باپ، بیٹے، بھائی بند یا قوم قبیلے والے ہی کیوں نہ ہوں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دل میں خدا نے ایمان راسخ کر دیا ہے اور اپنی خاص روشنی سے ان کی تائید فرمائی ہے، تا آخر آیت (سورۂ مجادلہ : ۲۲)

اور ان ہی کی توصیف میں ایک دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے کہ " وہ جنھوں نے ایمان قبول کرنے کے بعد پھر اپنے ایمان کو ظلم سے آلودہ نہیں کیا بس انھیں لوگوں کے لئے امن و عافیت ہے اور انھیں کو ہدایت حاصل ہوئی ہے " (سورۂ انعام : ۸۲)



Presented by www.ziaraat.com

اَلَا ! اِنَّ اَوْلِیَاءَهُمُ
الَّذِیْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ
اٰمِنِیْنَ ، وَتَتَلَقّٰهُمُ
الْمَلٰٓئِکَةُ بِالتَّسْلِیْمِ اِنْ
طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِیْنَ.
اَلَا ! اِنَّ اَوْلِیَاءَهُمُ
الَّذِیْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ
یُرْزَقُوْنَ فِیْهَا بِغَیْرِ
حِسَابٍ ۝ اَلَا ! اِنَّ
اَعْدَائَهُمُ الَّذِیْنَ
یَصْلَوْنَ سَعِیْرًا. اَلَا !
اِنَّ اَعْدَائَهُمُ الَّذِیْنَ
یَسْمَعُوْنَ لِجَهَنَّمَ شَهِیْقًا
وَهِیَ تَفُوْرُ ، وَلَهَا زَفِیْرٌ
کُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ
لَعَنَتْ اُخْتَهَا ط

ہاں! ان کے دوست وہ ہیں جو
نہایت اطمینان سے جنّت میں داخل
ہوں گے. ملائکہ ان کا استقبال
کریں گے. سلام بجا لائیں گے اور
خوش آمدید کہہ کر یہ مژدہ
سُنائیں گے کہ آؤ بس اب یہیں
رہو اور جم جم رہو: نیز علیؑ اور
فرزندانِ علیؑ کے چاہنے والے بے حساب
بہشت میں پہنچیں گے اور ان کے
دشمن آگ میں جلیں گے. دوزخ کی
ہولناک چیخیں سُنیں گے جہنّم کا جوش
و خروش دیکھیں گے. ان کے سامنے
یہ منظر ہوں گے کہ جو گروہ دوزخ میں
ڈالا جائیگا وہ دوسرے گروہ پر لعنت
بھیجے گا" (سورۂ اعراف: ۳۸)



Presented by www.ziaraat.com

اَلا ! اِنَّ اَعداءَهُم الَّذِينَ
قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ :
"كُلَّمَا اُلقِيَ فِيهَا فَوجٌ
سَأَلَهُم خَزَنَتُهَا أَلَم
يَأتِكُم نَذِيرٌ" اَلا ! اِنَّ
اَولِيَاءَ هُمُ "الَّذِينَ يَخشَونَ
رَبَّهُم بِالغَيبِ لَهُم
مَغفِرَةٌ وَاَجرٌ كَبِيرٌ ○"
مَعَاشِرَ النَّاسِ !
شَتَّانَ مَا بَينَ السَّعِيرِ
وَالجَنَّةِ فَعَدُوُّنَا مَن ذَمَّهُ
اللهُ وَلَعَنَهُ وَوَلِيُّنَا مَن
اَحَبَّهُ اللهُ وَمَدَحَهُ ۔
مَعَاشِرَ النَّاسِ !
اَلا ! وَاِنِّي مُنذِرٌ
وَعَلِيٌّ هَادٍ ❁

ہاں ! ہاں ! اور ان دشمنوں کو یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ: "جیسے ہی کوئی جتھا جہنم واصل ہوگا تو فرشتگانِ عذاب دریافت کریں گے کہ کیا تمھارے ہاں کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تھا؟"
(سورۂ ملک : ۸)

اور ان کے دوست ! کیا کہنا ان کا !
"جو بے دیکھے اپنے پالنے والے سے ڈرتے ہیں ! ان ہی کے لئے مغفرت ہے اور یہی بڑے اجر کے حقدار ہیں" (سورۂ ملک : ۱۲)

لوگو ! غور کیا تم نے کہ جنت وجہنم میں کتنا فرق ہے ! اور یہ تفاوت بھی دیکھو کہ خدا نے ہمارے دشمن کی مذمت کی ہے اور اس پر نفرین بھیجی ہے اور برخلاف اس کے وہ ہمارے دوستوں سے محبت فرماتا ہے اور ان کی تعریف کرتا ہے

لوگو ! میں تمھیں ڈرانے کیلئے آیا ہوں اور علیؑ تمھاری ہدایت کے لئے مقرر ہوئے ہیں !



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنِّیْ نَبِیٌّ وَعَلِیٌّ وَصِیِّیْ، اَلَا! وَ اِنَّ خَاتِمَ الْاَئِمَّةِ مِنَّا الْقَائِمُ الْمَهْدِیُّ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَلَا! اِنَّهُ الظَّاهِرُ عَلَى الدِّيْنِ، اَلَا! اِنَّهُ الْمُنْتَقِمُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ، اَلَا! اِنَّهُ فَاتِحُ الْحُصُوْنِ وَ هَادِمُهَا، اَلَا! اِنَّهُ قَاتِلُ كُلِّ قَبِيْلَةٍ مِنْ اَهْلِ الشِّرْكِ، اَلَا! اِنَّهُ الْمُدْرِكُ بِكُلِّ ثَارٍ لِاَوْلِيَاءِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَلَا! اِنَّهُ النَّاصِرُ لِدِيْنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَلَا! اِنَّهُ الْغَرَّافُ مِنْ بَحْرٍ عَمِيْقٍ اَلَا! اِنَّهُ يَسِمُ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ بِفَضْلِهِ وَكُلَّ ذِيْ جَهْلٍ بِجَهْلِهِ ۞

لوگو! میں نبیؐ ہوں اور علیؑ میرے وصی ہیں، اور خاتم الآئمہ ہمارا مہدی قائمؑ ہے۔ سُن لو! وہ تمام ادیان پر غالب آئے گا، ظالموں کو کیفرِ کردار تک پہنچائیگا تمام قلعوں پر فتح کا پرچم لہرا کر ستم کا قلع و قمع کرے گا، شرک کے ہر سلسلے کو مٹائے گا، نیز خُدا کے تمام دوستوں کے خونِ ناحق کا بدلہ لے گا۔ وہ اللہ کے دین کا ناصر ہے اور معرفتِ الٰہی کے اتھاہ سمندر سے ہمیشہ سیراب ہوتا رہے گا۔ نیز وہ دانشمندوں کے ساتھ ان کے علم و فضل کی وجہ سے ___ اور نادانوں کے ساتھ ان کی نادانی کے پیشِ نظر حُسنِ سلوک کا مظاہرہ کرے گا__!

أَلَا! إِنَّهُ خِيَرَةُ اللّٰهِ وَ مُخْتَارُهُ، أَلَا! إِنَّهُ وَارِثُ كُلِّ عِلْمٍ وَالْمُحِيطُ بِهِ، أَلَا! إِنَّهُ الْمُخْبِرُ عَنْ رَبِّهِ وَالْمُنَبِّهُ بِأَمْرِ إِيمَانِهِ، أَلَا! إِنَّهُ الرَّشِيدُ السَّدِيدُ، أَلَا! إِنَّهُ الْمُفَوَّضُ إِلَيْهِ، أَلَا! إِنَّهُ قَدْ بَشَّرَ بِهِ مَنْ سَلَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ، أَلَا! إِنَّهُ الْبَاقِي حُجَّةً وَلَا حُجَّةَ بَعْدَهُ وَلَا حَقَّ إِلَّا مَعَهُ وَلَا نُورَ إِلَّا عِنْدَهُ، أَلَا! إِنَّهُ لَا غَالِبَ لَهُ وَلَا مَنْصُورَ عَلَيْهِ، أَلَا! إِنَّهُ وَلِيُّ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ وَحَكَمُهُ فِي خَلْقِهِ وَأَمِينُهُ فِي سِرِّهِ وَ عَلَانِيَتِهِ ❁

وہ خدا کی پسند کا منتخب بندہ ہے وہ ہر علم کا وارث ہوگا۔ اور علم کے ہر شعبہ پر چھایا رہیگا۔ وہ خدا کی باتیں بتائے گا۔ اور اپنے ایمان کی شان و شوکت سے دُنیا کو جگائے گا۔ قائمؑ آلِ محمدؐ کی ذات فکر و عمل کے جمال و کمال کا مثالی نمونہ ہوگی۔ اُمّت کے کُل اُمور اسی کے سپرد ہوں گے اور یہ وہی عظیم شخصیت ہے کہ: جس کی ہر پیش رو نے بشارت دی ہے۔ ہاں! بس وہی ایک باقی رہنے والی حجت اور اس کے بعد کوئی حجت نہیں ہے! ہر حق اس کا ہم نفس اور ہر نور اس کا ہم قدم ہے، پھر نہ کوئی اس پہ وَر ہو سکتا ہے اور نہ کوئی غالب آسکتا ہے۔ ہاں! رُوئے زمین پر وہی خدا کا ولی اور خلقِ خدا میں اس کی جانب سے با اختیار حاکم بھی وہی ہے۔ نیز ظاہر ہو یا باطن ہر عالم میں وہ خُدا کا امین ہے ❁

مَعَاشِرَ النَّاسِ! قَدْ
بَيَّنْتُ لَكُمْ وَ اَفْهَمْتُكُمْ،
وَهٰذَا عَلِيٌّ يُفْهِمُكُمْ
بَعْدِي، اَلَا! وَ اِنَّ عِنْدَ
اِنْقِضَاءِ خُطْبَتِي، اَدْعُوكُمْ
اِلٰى مُصَافَقَتِي عَلٰى بَيْعَتِهٖ
وَ الْاِقْرَارِ بِهٖ، ثُمَّ مُصَافَقَتِهٖ
بَعْدِي، اَلَا! وَ اِنِّي قَدْ
بَايَعْتُ اللّٰهَ وَ عَلِيٌّ قَدْ
بَايَعَنِي وَ اَنَا اٰخِذُكُمْ بِالْبَيْعَةِ
لَهٗ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنْ
نَكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ
عَلٰى نَفْسِهٖ۔ الآيَة
مَعَاشِرَ النَّاسِ!
"اِنَّ الْحَجَّ وَالصَّفَا وَالْمَرْوَةَ
وَالْعُمْرَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ
فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ۔" الآيَة

لوگو! میں تمھیں اچھی طرح سے بتا چکا ہوں۔ کافی سمجھا چکا ہوں۔ اب میرے بعد یہ علیؑ تمھیں سمجھائیں گے اور اپنی تقریر کے فوراً بعد میں تمھیں ان کی بیعت کیلئے طلب کرونگا۔ پہلے تمھیں ان کی امامت کے اقرار کے سلسلہ میں میرے ہاتھ میں ہاتھ دینا ہوگا اور اسکے بعد خود انکے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیعت کرنا پڑے گی۔ دیکھو! میں خدا سے بیعت کر چکا ہوں اور علیؑ نے میری بیعت کی ہے اور اب میں خدا کی جانب سے علیؑ کیلئے تم سب سے بیعت لے رہا ہوں اور اگر اس کے بعد بھی کسی نے یہ بیعت توڑ دی تو ـــــ یاد رکھو! اسے خود اپنے نفس کی شکست کے سوا اور کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ لوگو! "یقینی طور پر حج۔ صفا۔ مروہ اور عمرہ یہ سب شعائر الٰہیہ یعنی خدا کے دین کی نشانیاں ہیں"۔ پس جو شخص خانۂ خدا کا حج کرے یا عمرہ بجا لائے تو اس کیلئے صفا اور مروہ کی پہاڑیوں کے درمیان سعی کرنے میں کوئی حرج نہیں"۔ (سورہ بقرہ: ۱۵۸)



Presented by www.ziaraat.com

حُجُّوا الْبَيْتَ فَمَا وَرَدَهُ أَهْلُ بَيْتٍ إِلَّا اسْتَغْنَوا وَلَا تَخَلَّفُوا عَنْهُ إِلَّا افْتَقَرُوا۔

لوگو! خانۂ خدا کا حج کرو۔ اِس لئے کہ کوئی گھرانہ ایسا نہیں جو حج بجالانیکے بعد تونگر نہ ہوگیا ہو اور اسی طرح کوئی ایسا خاندان نہیں ملے گا جس نے فریضۂ حج سے روگردانی کی ہو اور وہ نکبت و افلاس کا شکار نہ بنا ہو۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! مَا وَقَفَ بِالْمَوْقِفِ مُؤْمِنٌ إِلَّا غَفَرَ اللهُ لَهُ مَا سَلَفَ مِنْ ذَنْبِهِ إِلَى وَقْتِهِ ذٰلِكَ فَإِذَا انْقَضَتْ حَجَّتُهُ اسْتُؤْنِفَ عَمَلُهُ۔

لوگو! جو مؤمن بھی عرفات میں وقوف کرتا ہے، خُداوندِ عالم اس وقت تک کے اس کے تمام گناہ بحل فرما دیتا ہے اور حج کی بجا آوری کے بعد اس کے اعمال نئے سرے شروع ہوتے ہیں،

مَعَاشِرَ النَّاسِ! اَلْحُجَّاجُ مُعَانُونَ وَنَفَقَاتُهُمْ مُخَلَّفَةٌ وَاللهُ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ۔

لوگو! پروردگارِ کریم کی جانب سے اس کا معاوضہ بھی انھیں مل جاتا ہے دیکھو! معبودِ مطلق اچھے کام کرنیوالوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ! حُجُّوا الْبَيْتَ بِكَمَالِ الدِّينِ وَالتَّفَقُّهِ۔

لوگو! تم پوری دیانت داری اور کمالِ علم و معرفت کے ساتھ حج بجالایا کرو!



Presented by www.ziaraat.com

وَلَا تَنْصَرِفُوْا عَنِ الْمَشَاهِدِ اِلَّا بِتَوْبَةٍ وَ اِقْلَاعٍ .

مَعَاشِرَ النَّاسِ !

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ، لَئِنْ طَالَ عَلَيْكُمُ الْاَمَدُ فَقَصَّرْتُمْ اَوْ نَسِيْتُمْ فَعَلِيٌّ وَلِيُّكُمْ وَ يُبَيِّنُ لَكُمُ الَّذِيْ نَصَبَهُ اللّٰهُ عَزَّوَ جَلَّ بَعْدِيْ وَمَنْ خَلَّفَهُ اللّٰهُ مِنِّيْ وَ مِنْهُ ، يُخْبِرُكُمْ بِمَا تَسْاَلُوْنَ عَنْهُ وَ يُبَيِّنُ لَكُمْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

اَلَا ! اِنَّ الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ اُحْصِيَهُمَا وَ اُعَرِّفَهُمَا فَاٰمُرُ بِالْحَلَالِ وَاَنْهٰى عَنِ الْحَرَامِ فِيْ مَقَامٍ وَاحِدٍ .

اور حج و عمرہ جیسے مقدس اجتماعات کو اس وقت تک چھوڑ کر نہ جاؤ جب تک کہ توبہ اور ترکِ گناہ کا احساس نہ جاگ اُٹھے۔ لوگو! حکمِ خدا کے مطابق نماز برپا کرو اور زکوٰۃ بھی ادا کرتے رہو نیز خیال رہے کہ اگر امتدادِ زمانہ کے باعث مذہبی معاملات میں کوتاہی ہونے لگے یا یہ کہ تم سرے سے دین کے احکام ہی بھول جاؤ تو یہ علیؑ تمہارے مولا ہیں، جو باتیں، تم لوگوں کو نہیں معلوم ہوں گی وہ یہ پوری وضاحت کیساتھ تمھیں بتائیں گے علیؑ کو خدا ہی نے منصبِ ولایت پر متقرر فرمایا ہے نیز میرے اور ان کے سلسلے سے جو پیشوا، ہونگے وہ بھی تمہارے سوالوں کا جواب دینگے اور تم جن امور سے نہیں واقف ہو ان کی تفصیلات سے آگاہ کرینگے۔ دیکھو! حلال و حرام کے مسائل اتنے مختصر نہیں ہیں کہ انھیں شمار کر کے تمھارے سامنے رکھ دیا جائے اور نہ حلال و حرام جیسے طول طویل قانونی مسائل کو ایک نشست میں بیان کرنا مناسب ہوگا۔



Presented by www.ziaraat.com

فَاُمِرْتُ اَخْذَ الْبَيْعَةِ عَلَيْكُمْ وَمِنْكُمْ وَالصَّفْقَةَ لَكُمْ بِقَبُوْلِ مَاجِئْتُ بِهٖ عَنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فِيْ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ بَعْدِهِ الَّذِيْنَ هُمْ مِنِّيْ وَمِنْهُ اَئِمَّةٌ قَائِمَةٌ مِنْهُمُ الْمَهْدِيُّ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ الَّذِيْ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ۔ مَعَاشِرَ النَّاسِ! وَكُلُّ حَلَالٍ دَلَلْتُكُمْ عَلَيْهِ وَكُلُّ حَرَامٍ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاِنِّيْ لَمْ اَرْجِعْ عَنْ ذٰلِكَ وَلَمْ اُبَدِّلْ ۞

چنانچہ مجھے تو اس وقت بس! یہ حکم ملا ہے کہ ابھی ابھی میں علیؑ کے لئے تم سے بیعت لوں اور تمھارے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر یہ کہوں کہ خدائے عزّوجل کی جانب سے علیؑ اور ان کی اولاد کے بارے میں مجھے جو حکم ملا ہے تم اسے قبول کرنے کا وعدہ کرو! علیؑ کے مانند ان کی اولاد اور میری آل بھی مرکزِ امامت ہے اور یہ سلسلہ قیامت تک برقرار رہے گا۔ ان ہی میں سے قائم آلِ محمدؐ کی ذاتِ گرامی ہے، جن کا ہر فیصلہ حق کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہوگا۔ لوگو! میں نے حلال و حرام کی جو حدیں مقرر کی تھیں ان میں نہ کچھ بدلا اور نہ کوئی تغیّر کی۔



Presented by www.ziaraat.com

أَلَا! فَاذْكُرُوا ذَالِكَ وَاحْفَظُوهُ، وَتَوَاصَوْا بِهِ وَلَا تُبَدِّلُوهُ، وَلَا تُغَيِّرُوهُ أَلَا! وَإِنِّي أُجَدِّدُ الْقَوْلَ أَلَا! فَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ وَأْمُرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ أَلَا! وَإِنَّ رَأْسَ الْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ أَنْ تَنْتَهُوا إِلٰى قَوْلِي وَتُبَلِّغُوهُ مَنْ لَمْ يَحْضُرْهُ، وَتَأْمُرُوهُ بِقَبُولِهِ وَتَنْهَوْهُ عَنْ مُخَالَفَتِهِ، فَإِنَّهُ أَمْرٌ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنِّي، وَلَا أَمْرَ بِمَعْرُوفٍ وَلَا نَهْيَ عَنْ مُنْكَرٍ إِلَّا مَعَ إِمَامٍ مَعْصُومٍ ❁

دیکھو! یہ بات دوسروں کو بھی بتاتے رہنا۔ اور تم میری شریعت کے کسی حکم کو کبھی بدلنے کی کوشش نہ کرنا۔ لو! میں مکرّر کہتا ہوں لوگو! نماز قائم کرنا۔ زکوٰۃ ادا کرنا معروف کا حکم دینا اور منکر پر عمل کرنے سے روکتے رہنا۔ دیکھو! معروف کا شاہکار یا نیکی کی سب سے بڑی عملی جدوجہد یہ ہوگی کہ اس وقت تم میں سے جو لوگ موجود ہیں وہ غیر موجود افراد تک میرا یہ پیغام پہنچا دیں اور سعی کریں کہ ہر شخص اسے قبول کرلے اور اس کی مخالفت نہ کرنے پائے، اس لئے کہ یہ خدا اور اس کے رسول کا حکم ہے۔ نیز اس حقیقت کو بھی کبھی فراموش نہ کرنا کہ جب تک کوئی امام معصوم نہ ہو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ پر عمل درآمد نہیں ہوسکتا!



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اَلْقُرْآنُ يُعَرِّفُكُمْ اَنَّ
الْاَئِمَّةَ مِنْ بَعْدِهٖ وُلْدُهٗ
وَعَرَّفْتُكُمْ اَنَّهُمْ مِنِّيْ
وَمِنْهُ حَيْثُ يَقُوْلُ اللّٰهُ
عَزَّ وَجَلَّ: "وَجَعَلَهَا
كَلِمَةً بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ"
وَقُلْتُ: "لَنْ تَضِلُّوْا
مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا.
مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اَلتَّقْوٰى اَلتَّقْوٰى اِحْذَرُوا
السَّاعَةَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ
تَعَالٰى: "اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ
شَيْءٌ عَظِيْمٌ" اُذْكُرُوا
الْمَمَاتَ وَ الْحِسَابَ
وَالْمَوَازِيْنَ وَالْمُحَاسَبَةَ
بَيْنَ يَدَيْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
وَالثَّوَابَ وَالْعِقَابَ ۞

لوگو! قرآن تمھیں بتا رہا ہے کہ: علیؑ کے بعد ان کے فرزند، امام برحق ہیں۔ اور یہ میں تمھیں بتا چکا ہوں کہ یہ میری ذرّیت ہیں۔ خداوندِ عالم کا ارشاد ہے کہ: "اس نے سلسلۂ امامت کو ابراہیمؑ کی نسل میں باقی اور برقرار رکھا ہے۔" (سورۂ زخرف: ۲۸)

اور میں نے بھی توضیح کر دی ہے کہ جب تک تم لوگ قرآن اور اہلِ بیت سے تمسّک رکھو گے، گمراہ نہیں ہو گے۔" —— لوگو! تقویٰ! تقویٰ! قیامت سے ڈرو۔ قیامت کا زلزلہ بڑا ہولناک ہے"—— (سورۂ حج: ۱)

زندگی کی آخری ہچکی کا خیال رہے، نیز حسابِ محشر، میزانِ عمل اور اس خدائے ربّ العالمین کے سامنے بازپرس اور ثواب وعقاب کی کیفیت کو کبھی اپنے ذہن سے الگ نہ ہونے دینا۔

فَمَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ اُثِيْبَ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَيْسَ لَهٗ بِالْجِنَانِ نَصِيْبٌ۔ مَعَاشِرَ النَّاسِ! اِنَّكُمْ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ تُصَافِقُوْنِيْ بِكَفٍّ وَاحِدَةٍ فِيْ وَقْتٍ وَاحِدٍ، وَاَمَرَنِيَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ، اَنْ آخُذَ مِنْ اَلْسِنَتِكُمُ الْاِقْرَارَ بِمَا عَقَدْتُ لِعَلِيٍّ مِنْ اِمْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَنْ جَاءَ بَعْدَهٗ مِنَ الْاَئِمَّةِ مِنِّيْ وَمِنْهُ عَلٰى مَا اَعْلَمْتُكُمْ اَنَّ ذُرِّيَّتِيْ مِنْ صُلْبِهٖ،

کیونکہ میدانِ حشر میں جو نیک اعمال لے کر آئے گا اسے جزا ملے گی اور جو گناہوں کے ساتھ پہنچے گا اس کے نصیبوں میں بہشت کہاں؟ — لوگو! مجمع بتا رہا ہے کہ حاضرین کی تعداد بہت زیادہ ہے — اور جب لوگ اس کثرت سے ہوں تو پھر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیعت لینا بہت دشوار ہے۔ اسی لئے حکمِ الٰہی ہوا ہے کہ علیؑ ابنِ ابی طالب اور ان کے بعد ہونے والے آئمہ حق کی بیعت کے سلسلہ میں تم سے صرف زبانی قول و قرار لے لیا جائے!

فَقُولُوا بِأَجْمَعِكُمْ إِنَّا سَامِعُونَ مُطِيعُونَ رَاضُونَ مُنْقَادُونَ لِمَا بَلَّغْتَ عَنْ رَبِّنَا وَ رَبِّكَ فِي أَمْرِ عَلِيٍّ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِ وَ أَمْرِ وُلْدِهِ مِنْ صُلْبِهِ مِنَ الْأَئِمَّةِ، نُبَايِعُكَ عَلَى ذٰلِكَ بِقُلُوبِنَا وَ أَنْفُسِنَا وَ أَلْسِنَتِنَا وَ أَيْدِينَا عَلَى ذٰلِكَ نَحْيَى وَ نَمُوتُ وَ نُبْعَثُ، وَلَا نُغَيِّرُ وَلَا نُبَدِّلُ وَلَا نَشُكُّ وَلَا نَرْتَابُ، وَلَا نَرْجِعُ عَنْ عَهْدٍ وَلَا نَنْقُضُ الْمِيثَاقَ،

اچھا! اب تم سب مِل کر کہو کہ: آپ نے علیؑ اور علیؑ کی اولاد کے بارے میں خُدا کا جو پیغام دیا ہے ہم سب نے سُن لیا۔ سرِ تسلیم خم ہے، ہم راضی ہیں، فرماں بردار ہیں، دِل و جان سے عہد و پیمان کرتے ہیں۔ زبان دیتے ہیں، اور ہاتھ سے بیعت کرتے ہیں نیز ہم اپنے وعدوں کو نباہنے کا جذبہ لئے ہوئے زندہ رہیں گے۔ اسی شعور کے ساتھ مریں گے اور یہی احساس لئے ہوئے حشر کے میدان میں آئیں گے۔ امامت کے مسئلے میں نہ ہم کوئی ردّ و بدل کرینگے نہ شک و شبہ کو اپنے قریب آنے دیں گے، نہ اپنے قول سے پھریں گے اور نہ پیمان شکنی کے مرتکب ہوں گے!



Presented by www.ziaraat.com

وَنُطِيْعُ اللّٰهَ وَنُطِيْعُكَ
وَعَلِيًّا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَوُلْدَهُ الْاَئِمَّةَ الَّذِيْنَ
ذَكَرْتَهُمْ مِنْ صُلْبِهٖ
بَعْدَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ
الَّذِيْنَ قَدْ عَرَّفْتُكُمْ
مَكَانَهُمَا مِنِّيْ وَمَحَلَّهُمَا
عِنْدِيْ وَمَنْزِلَتَهُمَا مِنْ
رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ ، فَقَدْ
اَدَّيْتُ ذٰلِكَ اِلَيْكُمْ وَ
اِنَّهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ
اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ اِنَّهُمَا
الْاِمَامَانِ بَعْدَ اَبِيْهِمَا
عَلِيٍّ وَ اَنَا اَبُوْهُمَا قَبْلَهٗ
وَقُوْلُوْا اَطَعْنَا اللّٰهَ
بِذٰلِكَ وَاِيَّاكَ وَعَلِيًّا
وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ
وَالْاَئِمَّةَ الَّذِيْنَ ذَكَرْتَ ،

وعدہ کرتے ہیں کہ ہم اللہؑ کی اطاعت
کریں گے، آپ کا حکم مانیں گے ، نیز
امیرالمومنین علیؑ ابن ابی طالب اور ان
کے رہنما فرزندوں کا فرمان بجالائیں گے
جو آپ کے مقصود و مطلوب ہیں۔ لوگو!
میں اپنی ذرّیت اور علیؑ کی اولاد کا جو
حسنؑ اور حسینؑ کے سلسلے سے ہوگی
پہلے ہی تعارف کروا چکا ہوں نیز حسنینؑ
کے مقام اور مرتبے اور بارگاہِ ایزدی میں
ان کی جو منزلت ہے اس کی تفصیل
بھی تم مجھ سے سُن چکے ہو۔" یہ دونوں
نوجوانانِ جنّت کے سردار ہیں۔" اپنے
باپ کے بعد یہی امام ہوں گے۔ یہ میرے
بیٹے ہیں اور علیؑ سے پہلے میں ان کا
باپ ہوں۔ ہاں! تو پھر کہو کہ ہم امرِ امامت
میں خدا، اس کے رسولؐ علیؑ ابنِ
ابی طالب حسنؑ و حسینؑ اور ان کے
جانشینوں کے آگے سراپا تسلیم ہیں،
اور حق و حقیقت کے ان تمام نمائندوں
کی بیعت کے سلسلے میں ہم نے آپ سے
جو عدے وعید کئے ہیں ان پر قائم ہیں۔



Presented by www.ziaraat.com

عَهْدًا وَّ مِيْثَاقًا مَاخُوْذًا
لِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ
قُلُوْبِنَا وَ اَنْفُسِنَا وَ اَلْسِنَتِنَا
وَمُصَافَقَةِ اَيْدِيْنَا
مَنْ اَدْرَكَهُمَا بِيَدِهٖ
وَ اَقَرَّ بِهِمَا بِلِسَانِهٖ
لَا نَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ
بَدَلًا وَلَا نَرٰى مِنْ
اَنْفُسِنَا عَنْهُ حِوَلًا اَبَدًا
اَشْهَدْنَا اللّٰهَ وَكَفٰى
بِاللّٰهِ شَهِيْدًا وَ اَنْتَ
عَلَيْنَا بِهٖ شَهِيْدٌ،
وَ كُلُّ مَنْ اَطَاعَ
مِمَّنْ ظَهَرَ وَاسْتَتَرَ
وَ مَلَآئِكَةَ اللّٰهِ وَ
جُنُوْدَهٗ وَ عَبِيْدَهٗ
وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ مِنْ كُلِّ
شَهِيْدٍ ۞

ہم دِل سے، جان سے، زبان سے اور
ہاتھوں سے بیعت کرتے ہیں، نہ
ہم اس میں کسی تبدیلی کا
ارادہ رکھتے ہیں، اور نہ کبھی ایسی
خواہش کو دِل میں جگہ دیں گے
خدا کو ہم نے گواہ کیا ہے،
اور اس کی گواہی بہت کافی ہے
اور آپ بھی گواہ رہیں ــــ نیز
ہم خدا کی تمام اطاعت شعار
مخلوق کو خواہ وہ نظروں
کے سامنے ہوں یا آنکھوں سے
اوجھل! گواہ بناتے ہیں۔ اسی
طرح اللہ کے سارے فرشتوں،
اس کے پورے لشکر اور جملہ
بندگانِ خدا کو گواہی میں لیتے ہیں
نیز اللہ ہر گواہ سے بڑا اور بہت
بڑا گواہ ہے!

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
مَا تَقُوْلُوْنَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ كُلَّ صَوْتٍ وَ خَافِيَةَ كُلِّ نَفْسٍ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَنْ بَايَعَ فَاِنَّمَا يُبَايِعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ
مَعَاشِرَ النَّاسِ!
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ بَايِعُوْا عَلِيًّا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَالْاَئِمَّةَ كَلِمَةً بَاقِيَةً يُهْلِكُ اللّٰهُ مَنْ غَدَرَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ وَفٰى فَمَنْ نَكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ الآیة

لوگو! بتاؤ! اب تم کیا کہنا چاہتے ہو؟ یقین رکھو! کہ "پاک پروردگار ہر آواز کو سن لیتا ہے، اور دل کی گہرائیوں میں چھپے ہوئے ہر راز کو پالیتا ہے، لہٰذا جو ہدایت کی راہ اختیار کرتا ہے وہ اپنا بھلا کرتا ہے، اور جو سیدھا راستہ چھوڑ کر گمراہ ہو جاتا ہے، وہ اپنے آپ کو نقصان پہنچاتا ہے"۔
(سورۂ زمر: ۴۱)
اور دیکھو! "بیعت کرنے والا، اللہ کی بیعت کرتا ہے، اور اللہ کا ہاتھ ہمیشہ اُونچا رہتا ہے"۔
(سورۂ فتح: ۱۰)
لوگو! اللہ کا خوف کرو ـــــ اور امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالب حسنؑ و حسینؑ اور ان کے فرزندوں کی بیعت کرلو۔ یہ آئمہ "کلمۂ باقیہ" ہیں۔ خداوند عالم غدّاری کرنے والوں کو ہلاک کر دیتا ہے اور وفا شعاروں کو اپنے دامنِ رحمت میں جگہ عنایت فرماتا ہے اور ـــ" جو معاہدہ شکنی کرتا ہے اسے خود ہی اس کا بھگتان بھگتنا پڑتا ہے"۔
(سورۂ فتح: ۱۰)



Presented by www.ziaraat.com

أَيُّهَا النَّاسُ! قُولُوا الَّذِي قُلْتُ لَكُمْ وَسَلِّمُوا عَلَى عَلِيٍّ بِإِمْرَةِ الْمُؤْمِنِينَ وَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ وَقُولُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ!

إِنَّ فَضَائِلَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عِنْدَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَدْ أَنْزَلَهَا عَلَيَّ فِي الْقُرْآنِ أَكْثَرُ مِنْ أَنْ أُحْصِيَهَا فِي مَقَامٍ وَاحِدٍ، فَمَنْ أَنْبَأَكُمْ بِهَا وَعَرَفَهَا فَصَدِّقُوهُ

لوگو: میں جو کچھ کہہ چکا ہوں اسے دہراؤ اور علیؑ کو امیرالمومنین ہونے کی حیثیت سے سلامی دو۔ اور کہو کہ ہم نے خدا اور اس کے رسولؐ کا حکم سن لیا۔ اے لیجیے! حضور!، سرِتسلیم خم ہے ـــ نیز عرض کرو! پالنے والے! ہم تجھ سے مغفرت کے طلب گار ہیں، اور تیری ہی طرف ہماری بازگشت ہوگی۔ اس کے علاوہ یہ بھی کہو کہ تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے ہمیں اس کی ہدایت دی ـــ اور اگر وہ ہماری رہبری نہ کرتا تو بھلا ہم کہاں صحیح رستے سے لگ سکتے تھے ـــ لوگو! معبودِ حقیقی نے علیؑ ابنِ ابی طالب کو جو فضیلتیں دی ہیں وہ قرآن میں موجود ہیں۔ یہ خوبیاں اس حد تک ہیں کہ انھیں کسی ایک مجلس میں نہیں بیان کیا جاسکتا لہٰذا یہ بات یاد رکھو کہ اگر کسی شخص نے تمھارے سامنے ان کے فضائل بیان کیے ـــ تو تم ان کی تصدیق کرنا۔



Presented by www.ziaraat.com

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَعَلِيًّا وَالْاَئِمَّةَ الَّذِيْنَ ذَكَرْتُهُمْ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔

لوگو! جو کوئی اللہ، اس کے رسولؐ علیؑ ابنِ ابی طالب اور ان تمام اماموں کا جن کا کہ میں ذکر کر چکا ہوں، اطاعت گزار ہو، تو اس کا کیا کہنا — یہ اس کی بہت بڑی جیت ہے۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
اَلسَّابِقُوْنَ اِلٰى مُبَايَعَتِهٖ وَمُوَالَاتِهٖ وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ بِاِمْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ، اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ۔

لوگو! دیکھو! — جو اشخاص علیؑ کی بیعت کرنے، انکے زیرِ فرمان ہونے اور امیرالمومنینؑ کی حیثیت سے انھیں سلامی دینے میں پیش قدمی کریں گے وہ جنّت کی فضاؤں میں اپنی کامیابی اور کامرانی کی بہاریں دیکھیں گے — لوگو! وہ بات کرو جس سے خدا کی خوشنودی میسّر آئے۔

مَعَاشِرَ النَّاسِ!
قُوْلُوْا مَا يَرْضَى اللّٰهُ بِهٖ عَنْكُمْ مِنَ الْقَوْلِ فَاِنْ تَكْفُرُوْا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَاغْضَبْ عَلَى الْكَافِرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝

اگر تم لوگ اور زمین کی ساری آبادی بھی کافر ہو جائے تب بھی خدا کا کچھ نہیں بگڑے گا
پالنے والے تو سارے مومنین کو بخش دے — اور جو کفر کی راہ پر چلنے والے ہوں ان پر اپنا غضب نازل فرما —

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ



Presented by www.ziaraat.com

# وہ کتابیں جن سے اِستفادہ کیا گیا

| کتاب کا نام | صاحبِ تصنیف |
|---|---|
| قرآن حکیم | |
| اسبابُ النّزول | علی ابن احمد واحدی |
| الفصول المہمّہ | ابن صبّاغ مالکی |
| الکواکب الدرّیہ | شیخ عبدالرؤف مناوی |
| الطبقات الکبریٰ | ابن سعد |
| اقبال الاعمال | سیّد ابن طاؤس |
| الاحتجاج | علّامہ احمد ابن علی طبرسی |
| البدایہ والنہایہ | ابنِ کثیر دمشقی |
| ارجح المطالب | عبیداللہ امرتسری |
| المحاسن والمساوی | احمد بن حسین البیہقی |
| اسعاف الراغبین | شیخ محمّد صبّان |
| اصول کافی | محمّد ابن یعقوب کلینی |
| الولایۃ | محمّد ابن جریر طبری |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| التنبیہ والاشراف | علی بن حسین مسعودی |
| السیرۃ النبویہ | احمد زینی دحلان |
| القول الفصل | حدّاد |
| الغدیر | علّامہ عبدالحسین امینی |
| آثار الباقیہ | ابوریحان بیرونی |
| بحار الانوار | علّامہ محمّد باقر مجلسی |
| بشارۃ المصطفیٰ | عماد الدّین طبری |
| تفسیر درِّ منثور | جلال الدّین سیوطی |
| تفسیر جامع البیان | محمّد ابن جریر طبری |
| تفسیر القرآن العظیم | حافظ ابن کثیر دمشقی |
| تفسیر فرات | فرات ابن ابراہیم |
| تفسیر مفاتیح الغیب | فخر الدّین رازی |
| تفسیر روح المعانی | سیّد محمود الوسی |
| تفسیر فتح البیان | نواب صدّیق حسن خان |
| تاریخ بغداد | حافظ ابوبکر خطیب بغدادی |
| تاریخ کامل | ابن اثیر جزری |
| تذکرۃ الخواص | سبط ابن جوزی |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| تاریخ شعری لصدر الاسلام (القصیدة العلویّہ) | عبد المسیح انطاکی |
| ثمار القلوب | ابُومنصور ثعالبی |
| حبیب السّیر | غیاث الدّین |
| خصال | شیخ صدوق |
| روضة الواعظین | محمّد ابن فتّال نیشاپوری |
| روضة الصفاء | ابن خاوند شاہ |
| ریاض النّضرہ | محبّ الدّین طبری |
| صحیح مُسلم | مُسلم بن حجّاج نیشاپُوری |
| ظہر الاسلام | احمد امین |
| عمدة القاری شرح بُخاری | بدر الدّین عینی |
| عقد الفرید | ابن عبد ربّہ |
| عبقات الانوار | مولانا میر حامد حُسین لکھنوی |
| فتح القدیر | محمّد بن علی شوکانی |
| فتح الباری | ابن حجر عسقلانی |
| فرائد السمطین | شیخ الاسلام حموینی |
| کشف الغمّہ | اربلی |



Presented by www.ziaraat.com

| | |
|---|---|
| کنز العمال | علی متقی حنفی |
| کفایۃ الطالب | محمّد ابن یوسف کنجی |
| مجمع الزوائد | ہیثمی الشافعی |
| مناقب خوارزمی | خوارزمی حنفی |
| ما نزل من القرآن فی علیؑ | ابُو نعیم اصبہانی |
| مطالب السئول | محمّد ابن طلحہ شافعی |
| مودۃ القربیٰ | سیّد علی ہمدانی |
| معارج النبوۃ | ملّا معین کاشفی |
| معالم العلماء | علّامہ ابن شہر آشوب |
| معجم الادباء | یاقوت حموی |
| معجم البلدان | یاقوت حموی |
| ملحمۃ الغدیر | بولس سلامہ |
| ناسخ التواریخ | میرزا محمّد تقی سپہر |
| نُور الابصار | مؤمن بن حسن شبلنجی |
| نظم درر السمطین | حافظ محمّد بن یوسف زرندی |
| وفیات الاعیان | ابن خلّکان |
| ینابیع المودہ | سلیمان ابن خواجہ کلاں قندوزی |



Presented by www.ziaraat.com